دائیں ہاتھ کے انگلیوں کو $\vec{a}$ کے ساتھ رکھتے ہوئے، انگلیوں کو $\vec{a}$ سے $\vec{b}$ کی طرف گردشی سمت میں گھماؤ (زاویہ $180°$ سے کم نہ ہو) اب انگوٹھا $\vec{a}\times\vec{b}$ اشارہ کرتا ہے۔ اب دائیں ہاتھ کے قانون سے $\vec{b}\times\vec{a}$ کا سمت سمت کا مخالف $\vec{a}\times\vec{b}$ ہے۔ (شکل 8.38 دیکھیں)

مزید ہم $\vec{a}$ کی سمت میں $\vec{b}$ زاویہ $\theta(<\pi)$ پر گھمائی جاتی ہے۔ سمت $\vec{a}\times\vec{b}$ دائیں ہاتھ کا قانون کی سمت میں پیچ آگے کی طرف بڑھتا ہے۔



شکل 8.38

ایک کارتیسی محدودی سے دائیں ہاتھ کا نظام بنتا ہے تو شکل 8.39 کی طرح محوروں کے مثبت سمتوں پر $\hat{i}$، $\hat{j}$، $\hat{k}$ اکائی سمتیہ بنتا ہے۔ اگر چہ سمت شکل 8.40 کی طرح ہو تو $\hat{k}$ اسے بائیں ہاتھ کا نظام کہتے ہیں۔



دائیں ہاتھ

شکل 8.39



بائیں ہاتھ

شکل 8.40



دائیں ہاتھ

شکل 8.41



بائیں ہاتھ

شکل 8.42

تعریف 8.17



شکل 8.43

دو غیر صفر سمتیوں $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کا سمتیہ کا حاصل ضرب $\vec{a}\times\vec{b}$ سے ظاہر کیا گیا ہے جیسا کہ اس طرح بیان کیا گیا ہے

$$\vec{a}\times\vec{b} = |\vec{a}||\vec{b}|\sin\theta\,\hat{n},$$

جہاں $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کے درمیانی زاویہ θ ہے۔

جہاں $\vec{a}$، $\vec{b}$، $\hat{n}$ ایک سیدھے ہاتھ کا قانون بناتے ہیں۔

$\vec{a}\times\vec{b}$ سے مراد عددیہ $|\vec{a}||\vec{b}|\sin\theta$ سمت $\hat{n}$ پر بننے والا سمتیہ ہے۔ صرف یہی نہیں، سمتیہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کے مسطح کے عمود میں $\vec{a}\times\vec{b}$ بنتا ہے۔

نوٹ 8.6

(i) $\hat{n}$ کی سمت کو محسوب کرنے کی ترتیب درکار ہے۔

(ii) سمتیہ حاصل ضرب سے ایک سمتیہ ملتا ہے۔اسی ضرب کے لئے '$\times$' علامت استعمال کرتے ہیں۔اس لئے اسے کراس حاصل ضرب کہتے ہیں۔

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 75 21-02-2023 16:24:11

سمتیہ حاصل ضرب کا علم ہندسی تشریح: (Geometrical interpretation of vector product)



شکل 8.44

فرض کیجئے کہ متوازی الاضلاع $OACB$ کے متصلہ ضلعے $\overrightarrow{OA}=\vec{a}$ اور $\overrightarrow{OB}=\vec{b}$ ہو۔
لیا گیا $|\underline{AOB}=\theta$
شکل 8.44 سے

$$\sin\theta = \frac{BL}{OB}$$

$$BL = (OB)\sin\theta = |\vec{b}|\sin\theta$$

اس سے $|\vec{a}\times\vec{b}| = |\vec{a}||\vec{b}|\sin\theta = |\vec{a}|(BL)$

متوازی لاضلاع $OACB$ کا رقبہ = (قاعدہ) (اونچائی) =

اس طرح $\vec{a}\times\vec{b}$ کا عددیہ متصلہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ ضلعے $\hat{n}$ والے متوازی الاضلاع کا رقبہ کے برابر ہے $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ اس کا سمت صرف مشتمل مسطح کے عمود ہی نہیں بلکہ $\vec{a}$، $\vec{b}$، $\hat{n}$ دائیں ہاتھ کا نظام بھی بناتا ہے۔

اس طرح، $|\vec{a}\times\vec{b}|$ = متوازی الاضلاع کا رقبہ جس کے متصلہ ضلع $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ ہو

متوازی الاضلاع $OACB$ کے رقبہ کا نصف سے ہم مثلث OAC کے رقبہ کو تلاش کرتے ہیں۔

تلاش کیجئے / کریں۔

$\vec{a}$ اور $\vec{b} = \frac{1}{2}|\vec{a}\times\vec{b}|$ متصلہ ضلعے کے مثلث کا رقبہ

8.8.5 خصوصیات (Properties)



شکل 8.45

(i) سمتیہ حاصل ضرب متبادلہ نہیں ہے۔

تعریف سے

$$\vec{b}\times\vec{a} = |\vec{b}||\vec{a}|\sin\theta(-\hat{n})$$

$\vec{b}$، $\vec{a}$، $-\vec{n}$ دائیں ہاتھ کا نظام بنائیں گے۔

$$= -|\vec{a}||\vec{b}|\sin\theta\,\hat{n}$$

$$= -(\vec{a}\times\vec{b})$$

اس لئے سمتیہ حاصل ضرب متبادلہ نہیں ہے۔

(ii) اگر دو سمتیے ہم خطی یا متوازی ہو تو $\vec{a}\times\vec{b}=\vec{0}$ ہے۔ (کیسے؟)

مگر $\vec{a}\times\vec{b}=\vec{0} \Rightarrow \vec{a}=\vec{0}$ متوازی یا $\vec{b}=\vec{0}$ یا $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ متوازی ہے

(iii) کوئی دو غیر صفر سمتیہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کے لئے $\vec{a}\times\vec{b}=\vec{0} \Leftrightarrow \vec{b}$ اور $\vec{a}$ متوازی ہے

تلاش کریں: (Deduction)

$$\vec{a}\times\vec{a}=\vec{0}$$



شکل 8.46

(iv) باہمی عمود اکائی سمتیوں $\hat{i}$، $\hat{j}$ اور $\hat{k}$ کے لئے (جو دائیں ہاتھ کا نظام بناتے ہیں) مندرجہ ذیل نتیجے حاصل ہوتے ہیں

یہ صاف ہے کہ

$$\hat{i}\times\hat{i} = \hat{j}\times\hat{j} = \hat{k}\times\hat{k} = \vec{0}$$

$$\hat{i}\times\hat{j}=\hat{k}\ ;\ \hat{j}\times\hat{k}=\hat{i}\ ;\ \hat{k}\times\hat{i}=\hat{j}$$

$$\hat{j}\times\hat{i}=-\hat{k}\ ;\ \hat{k}\times\hat{j}=-\hat{i}\ ;\ \hat{i}\times\hat{k}=-\hat{j}$$ (کیسے؟)

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 76 21-02-2023 16:24:13

(v) اگر $\theta = \frac{\pi}{2}$ ہو تو، تب $\vec{a}\times\vec{b} = |\vec{a}||\vec{b}|\hat{n}$ ہے۔

(vi) کوئی دو عددیہ m اور n کے لئے

$$m\vec{a}\times n\vec{b} = mn(\vec{a}\times\vec{b}) = (mn\vec{a})\times\vec{b} = \vec{a}\times(mn\vec{b}) = n\vec{a}\times m\vec{b} .$$

(vii) جمع پر سمتیہ حاصل ضرب کی تقسیمی خصوصیت درست ہے۔

یعنی کہ
$$\vec{a}\times(\vec{b}+\vec{c}) = (\vec{a}\times\vec{b})+(\vec{a}\times\vec{c})$$
$$(\vec{a}+\vec{b})\times\vec{c} = (\vec{a}\times\vec{c})+(\vec{b}\times\vec{c}).$$

اسے صرف تفریق کو ہی نہیں بلکہ دو سے زیادہ سمتیوں کے لئے بھی بڑھا سکتے ہیں۔

یعنی کہ،
$$\vec{a}\times(\vec{b}-\vec{c}) = (\vec{a}\times\vec{b})-(\vec{a}\times\vec{c})$$
$$\vec{a}\times(\vec{b}+\vec{c}+\vec{d}) = (\vec{a}\times\vec{b})+(\vec{a}\times\vec{c})+(\vec{a}\times\vec{d})..$$

(viii) کر اس حاصل ضرب کا قانون

$$\vec{a} = a_1\hat{i}+a_2\hat{j}+a_3\hat{k} , \quad \vec{b} = b_1\hat{i}+b_2\hat{j}+b_3\hat{k} .$$
$$\begin{aligned}\vec{a}\times\vec{b} &= (a_1\hat{i}+a_2\hat{j}+a_3\hat{k}) \times (b_1\hat{i}+b_2\hat{j}+b_3\hat{k}) \\ &= a_1b_1(\hat{i}\times\hat{i})+a_1b_2(\hat{i}\times\hat{j})+a_1b_3(\hat{i}\times\hat{k})+a_2b_1(\hat{j}\times\hat{i}) \\ &\quad +a_2b_2(\hat{j}\times\hat{j})+a_2b_3(\hat{j}\times\hat{k})+a_3b_1(\hat{k}\times\hat{i})+a_3b_2(\hat{k}\times\hat{j})+a_3b_3(\hat{k}\times\hat{k}) \\ &= (a_2b_3-a_3b_2)\hat{i}-(a_1b_3-a_3b_1)\hat{j}+(a_1b_2-a_2b_1)\hat{k}\end{aligned}$$

$$\vec{a}\times\vec{b} = \begin{vmatrix} \hat{i} & \hat{j} & \hat{k} \\ a_1 & a_2 & a_3 \\ b_1 & b_2 & b_3 \end{vmatrix} .$$

(ix) اگر θ اور کا درمیانی زاویہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ ہو تو $\theta = \sin^{-1}\left[\frac{|\vec{a}\times\vec{b}|}{|\vec{a}||\vec{b}|}\right]$ ہے۔

(اس کا ثبوت مشق کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے)

نوٹ 8.7

اس میں θ ہمیشہ زاویہ حادہ ہوتا ہے۔چونکہ سمتیہ کا حاصل ضرب استعمال کرکے درمیانی زاویہ محسوب کریں تو زاویہ حادہ ہی حاصل ہوگا۔ اس لئے زاویہ کی احتساب کرنے کو نقطہ حاصل ضرب کا طریقہ بہتر ہے۔ اس سے θ کا مقام جان سکتے ہیں۔

(x) $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کے عمودی اکائی سمتیے $\pm\hat{n} = \pm\frac{(\vec{a}\times\vec{b})}{|\vec{a}\times\vec{b}|}$ ہے (کیسے؟)

λ عددیہ والے سمتیے، $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ دونوں سے عمودی ہو تو $\pm\lambda\hat{n} = \pm\lambda\frac{(\vec{a}\times\vec{b})}{|\vec{a}\times\vec{b}|}$

مثال 8.20

اگر $\vec{a} = 3\hat{i}+4\hat{j}$ اور $\vec{b} = \hat{i}+\hat{j}+\hat{k}$ ہو تو $|\vec{a}\times\vec{b}|$ معلوم کیجئے۔

حل

$$\vec{a}\times\vec{b} = \begin{vmatrix} \hat{i} & \hat{j} & \hat{k} \\ 3 & 4 & 0 \\ 1 & 1 & 1 \end{vmatrix} = \hat{i}(4-0)-\hat{j}(3-0)+\hat{k}(3-4) = 4\hat{i}-3\hat{j}-\hat{k} .$$
$$|\vec{a}\times\vec{b}| = |4\vec{i}-3\vec{j}-\vec{k}| = \sqrt{16+9+1} = \sqrt{26} .$$

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 77 21-02-2023 16:24:14

مثال 8.21

اگر $\vec{a}=-3\hat{i}+4\hat{j}-7\hat{k}$ اور $\vec{b}=6\hat{i}+2\hat{j}-3\hat{k}$ ہو تو ذیل کے تصدیق کریں

(i) $\vec{a}$ اور $\vec{a}\times\vec{b}$ ایک دوسرے کا عمود ہے۔

(ii) $\vec{b}$ اور $\vec{a}\times\vec{b}$ ایک دوسرے کا عمود ہے

حل

$$\vec{a}\times\vec{b}=\begin{vmatrix}\hat{i}&\hat{j}&\hat{k}\\-3&4&-7\\6&2&-3\end{vmatrix}=\hat{i}(-12+14)-\hat{j}(9+42)+\hat{k}(-6-24)\ =\ 2\hat{i}-51\hat{j}-30\hat{k}$$

$$\vec{a}\cdot(\vec{a}\times\vec{b})\ =\ (-3\hat{i}+4\hat{j}-7\hat{k})\cdot(2\hat{i}-51\hat{j}-30\hat{k})\ =\ -6-204+210=0\ .\quad\text{(i)}$$

چنانچہ $\vec{a}$ اور $\vec{a}\times\vec{b}$ ایک دوسرے کا عمود ہے

$$\vec{b}\cdot(\vec{a}\times\vec{b})\ =\ (6\hat{i}+2\hat{j}-3\hat{k})\cdot(2\hat{i}-51\hat{j}-30\hat{k})\ =12-102+90\ =0.\qquad\text{(ii)}$$

چنانچہ $\vec{b}$ اور $\vec{a}\times\vec{b}$ ایک دوسرے کا عمود ہے۔

مثال 8.22

اگر $\vec{a}=4\hat{i}-\hat{j}+3\hat{k}$ اور $\vec{b}=-2\hat{i}+j-2\hat{k}$ سمتیوں کے عمود سے قدر 6 رکھنے والے سمتیے معلوم کیجئے۔

حل

$$\vec{a}\times\vec{b}\ =\begin{vmatrix}\hat{i}&\hat{j}&\hat{k}\\4&-1&3\\-2&1&-2\end{vmatrix}=\hat{i}(2-3)-\hat{j}(-8+6)+\hat{k}(4-2)\ =\ -\hat{i}+2\hat{j}+2\hat{k}$$

$\vec{a}$ اور $\vec{b}$ عمودی اکائی سمتیے $\pm\dfrac{(\vec{a}\times\vec{b})}{|\vec{a}\times\vec{b}|}=\pm\left[\dfrac{-\hat{i}+2\hat{j}+2\hat{k}}{3}\right]$

$\vec{a}$ اور $\vec{b}$ عمودی 6 عددیہ والے سمتیے $\pm2(-\hat{i}+2\hat{j}+2\hat{k})$

مثال 8.23

سمتیہ $\vec{a}=2\hat{i}+\hat{j}+3\hat{k}$ اور $\vec{b}=4\hat{i}-2\hat{j}+2\hat{k}$ کے درمیانی سائن اور کو سائن قیمتیں معلوم کیجئے:

حل

فرض کیجئے کہ θ کا درمیانی زاویہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ ہو

$$\vec{a}\cdot\vec{b}\ =(2\hat{i}+\hat{j}+3\hat{k})\cdot(4\hat{i}-2\hat{j}+2\hat{k})\ =\ 8-2+6=12$$

$$|\vec{a}|\ =|2\hat{i}+\hat{j}+3\hat{k}|=\sqrt{14}\quad;\quad|\vec{b}|\ =|4\hat{i}-2\hat{j}+2\hat{k}|=\sqrt{24}$$

$$\cos\theta\ =\frac{\vec{a}.\vec{b}}{|\vec{a}||\vec{b}|}=\frac{12}{\sqrt{14}\sqrt{24}}=\sqrt{\frac{3}{7}}$$

$$\vec{a}\times\vec{b}\ =\begin{vmatrix}\hat{i}&\hat{j}&\hat{k}\\2&1&3\\4&-2&2\end{vmatrix}=\hat{i}(2+6)-\hat{j}(4-12)+\hat{k}(-4-4)\ =\ 8\hat{i}+8\hat{j}-8\hat{k}$$

$$|\vec{a}\times\vec{b}|\ =|8\hat{i}+8\hat{j}-8\hat{k}|\ =\ 8\sqrt{3}$$

$$\sin\theta\ =\frac{|\vec{a}\times\vec{b}|}{|\vec{a}||\vec{b}|}\ =\frac{8\sqrt{3}}{\sqrt{14}\sqrt{24}}=\frac{4\sqrt{3}}{\sqrt{7}\sqrt{12}}=\frac{2}{\sqrt{7}}.$$

مثال 8.24

ایک متوازی الاضلاع کا رقبہ معلوم کیجئے جس کے متصلہ اضلاع $\vec{a}=3\hat{i}+\hat{j}+4\hat{k}$ اور $\vec{b}=\hat{i}-\hat{j}+\hat{k}$ سے دئے گئے ہیں۔

حل

$$\vec{a}\times\vec{b}=\begin{vmatrix}\hat{i}&\hat{j}&\hat{k}\\3&1&4\\1&-1&1\end{vmatrix}=\hat{i}(1+4)-\hat{j}(3-4)+\hat{k}(-3-1)=5\hat{i}+\hat{j}-4\hat{k}\ .$$

$$|\vec{a}\times\vec{b}|=|5\hat{i}+\hat{j}-4\hat{k}|=\sqrt{42}$$

چنانچہ متوازی الاضلاع کا رقبہ $\sqrt{42}$ مربع اکائیاں ہے۔

مثال 8.25

کسی بھی دو سمتیہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کے لئے ثابت کیجئے کہ $|\vec{a}\times\vec{b}|^2+(\vec{a}\cdot\vec{b})^2=|\vec{a}|^2\ |\vec{b}|^2$

حل

ہم جانتے ہیں کہ $|\vec{a}\times\vec{b}|=|\vec{a}||\vec{b}|\sin\theta$ اور $\vec{a}\cdot\vec{b}=|\vec{a}||\vec{b}|\cos\theta$

$$|\vec{a}\times\vec{b}|^2+(\vec{a}\cdot\vec{b})^2=|\vec{a}|^2\ |\vec{b}|^2\sin^2\theta+|\vec{a}|^2\ |\vec{b}|^2\cos^2\theta$$

$$=|\vec{a}|^2\ |\vec{b}|^2(\sin^2\theta+\cos^2\theta)=|\vec{a}|^2\ |\vec{b}|^2\ .$$

مثال 8.26

ایک مثلث کا رقبہ معلوم کیجئے جس کے راس نقاط $A(1,0,0)$، $B(0,1,0)$ اور $C(0,0,1)$ ہیں۔

حل

آئیے ہم مثلث کے دو اضلاع تلاش کریں۔

$$\overrightarrow{AB}=-\hat{i}+\hat{j}\ ;\ \overrightarrow{AC}=-\hat{i}+\hat{k}$$

$$\overrightarrow{AB}\times\overrightarrow{AC}=\begin{vmatrix}\hat{i}&\hat{j}&\hat{k}\\-1&1&0\\-1&0&1\end{vmatrix}=\hat{i}+\hat{j}+\hat{k}$$

$$|\overrightarrow{AB}\times\overrightarrow{AC}|=\sqrt{3}$$

مثلث ABC کا رقبہ $\frac{1}{2}|\overrightarrow{AB}\times\overrightarrow{AC}|=\frac{\sqrt{3}}{2}$

نوٹ 8.8

$\overrightarrow{AB}$ اور $\overrightarrow{AC}$ کے بجائے، کوئی بھی دو اضلاع لے سکتے ہیں۔

مشق 8.4

1۔ اگر $\vec{a}=2\hat{i}+\hat{j}+3\hat{k}$ اور $\vec{b}=3\hat{i}+5\hat{j}-2\hat{k}$ ہو تو $\vec{a}\times\vec{b}$ معلوم کیجئے۔

2۔ ثابت کیجئے کہ $\vec{a}\times(\vec{b}+\vec{c})+\vec{b}\times(\vec{c}+\vec{a})+\vec{c}\times(\vec{a}+\vec{b})=\vec{0}$

3۔ ایک سمتیہ معلوم کیجئے جس کی قدر $10\sqrt{3}$ اکائی ہے اور وہ سمتیوں $\hat{i}+2\hat{j}+\hat{k}$ اور $\hat{i}+3\hat{j}+4\hat{k}$ کے نتیجہ عمودی ہے۔

4۔ ہر ایک سمتی $\vec{a}+\vec{b}$ اور $\vec{a}-\vec{b}$ کے لئے ایک اکائی عمودی سمتیہ معلوم کیجئے جہاں $\vec{a}=\hat{i}+\hat{j}+\hat{k}$ اور $\vec{b}=\hat{i}+2\hat{j}+3\hat{k}$ ہے۔

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 79 21-02-2023 16:24:16

5۔ ایک متوازی الاضلاع کا رقبہ معلوم کیجئے جس کے متصلہ اضلاع $\hat{i}+2\hat{j}+3\hat{k}$ اور $3\hat{i}-2\hat{j}+\hat{k}$ ہو۔

6۔ ایک مثلث کا رقبہ معلوم کیجئے کہ جس کے راس نقاط
$A(3,-1,2)$، $B(1,-1,-3)$ اور $C(4,-3,1)$ ہیں۔

7۔ اگر مثلث ABC کے راس نقاط A،B،C کے مقامی سمتیہ بالترتیب $\vec{a}$، $\vec{b}$، $\vec{c}$ ہو تو، ثابت کیجئے کہ مثلث ABC کا رقبہ $\frac{1}{2}|\vec{a}\times\vec{b}+\vec{b}\times\vec{c}+\vec{c}\times\vec{a}|$ ہے۔اسی سے نقاب کے ہم خطی کے شرط کو بھی تخفیف کریں۔

8۔ ثابت کیجئے کہ $|\vec{a}\times\hat{i}|^2+|\vec{a}\times\hat{j}|^2+|\vec{a}\times\hat{k}|^2=2|\vec{a}|^2$ $\vec{a}$ کسی بھی سمتیہ کے لئے

9۔ فرض کرو کہ $\vec{a}$، $\vec{b}$، $\vec{c}$ اکائی سمتیہ ہوں تاکہ $\vec{a}\cdot\vec{b}=\vec{a}\cdot\vec{c}=0$ اور درمیانی زاویہ $\frac{\pi}{3}$ ہو تو، ثابت کیجئے کہ $\vec{a}=\pm\frac{2}{\sqrt{3}}(\vec{b}\times\vec{c})$ ہے۔

10۔ سمتیہ $2\hat{i}+\hat{j}-\hat{k}$ اور $\hat{i}+2\hat{j}+\hat{k}$ کے درمیانی زاویہ کو سمتیہ حاصل ضرب کے استعمال سے معلوم کیجئے۔

T2R1Y

مشق 8.5

دئے گئے چار متبادل جوابات میں سے صحیح یا سب سے مناسب جواب کا انتخاب کیجئے۔

(1) $\overrightarrow{AB}+\overrightarrow{BC}+\overrightarrow{DA}+\overrightarrow{CD}$ کی قیمت

(1) $\overrightarrow{AD}$ (2) $\overrightarrow{CA}$ (3) $\vec{0}$ (4) $-\overrightarrow{AD}$

(2) اگر $\vec{a}+2\vec{b}$ اور $3\vec{a}+m\vec{b}$ متوازی ہو تو، m کی قیمت

(1) 3 (2) $\frac{1}{3}$ (3) 6 (4) $\frac{1}{6}$

(3) $\hat{i}+\hat{j}-\hat{k}$ اور $\hat{i}-2\hat{j}+\hat{k}$ کے حاصل جمع کا نتیجہ کا متوازی اکائی سمتیہ

(1) $\frac{\hat{i}-\hat{j}+\hat{k}}{\sqrt{5}}$ (2) $\frac{2\hat{i}+\hat{j}}{\sqrt{5}}$ (3) $\frac{2\hat{i}-\hat{j}+\hat{k}}{\sqrt{5}}$ (4) $\frac{2\hat{i}-\hat{j}}{\sqrt{5}}$

(4) ایک سمتیہ $\overrightarrow{OP}$ بالترتیب x اور $y-$ محور کی مثبت سمت کے ساتھ $60°$ اور $45°$ بناتی ہے۔ پھر $\overrightarrow{OP}$ اور z محور کے درمیان زاویہ ہے۔

(1) $45°$ (2) $60°$ (3) $90°$ (4) $30°$

(5) $\overrightarrow{BA}=3\hat{i}+2\hat{j}+\hat{k}$ اور B کا مقامی سمتیہ $\hat{i}+3\hat{j}-\hat{k}$ ہو تو A کا مقامی سمتیہ

(1) $4\hat{i}+2\hat{j}+\hat{k}$ (2) $4\hat{i}+5\hat{j}$ (3) $4\hat{i}$ (4) $-4\hat{i}$

(6) ایک سمتیہ محوروں کے ساتھ مساوی زاویہ بناتا ہے تو اس زاویہ

(1) $\cos^{-1}\left(\frac{1}{3}\right)$ (2) $\cos^{-1}\left(\frac{2}{3}\right)$ (3) $\cos^{-1}\left(\frac{1}{\sqrt{3}}\right)$ (4) $\cos^{-1}\left(\frac{2}{\sqrt{3}}\right)$

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 80 21-02-2023 16:24:17

(7) سمتیہ $\vec{a}-\vec{b}$، $\vec{b}-\vec{c}$، $\vec{c}-\vec{a}$

(1) ایک دوسرے کے متوازی ہے (2) اکائی سمتیے

(3) ایک دوسرے کا عمود ہے (4) ہم مستوی سمتیے

(8) اگر $ABCD$ متوازی اضلاع ہو تو $\overrightarrow{AB}+\overrightarrow{AD}+\overrightarrow{CB}+\overrightarrow{CD}$ مساوی ہے

(1) $2(\overrightarrow{AB}+\overrightarrow{AD})$ (2) $4\overrightarrow{AC}$ (3) $4\overrightarrow{BD}$ (4) $\vec{0}$

(9) متصلہ اضلاع والے $ABCD$۔

$\vec{a}$ اور $\vec{b}$ متوازی الاضلاع $\vec{a}+\vec{b}$ کا ایک وتر ہو تو دوسرا وتر $\overrightarrow{BD}$ ہے

(1) $\vec{a}-\vec{b}$ (2) $\vec{b}-\vec{a}$ (3) $\vec{a}+\vec{b}$ (4) $\frac{\vec{a}+\vec{b}}{2}$

(10) A اور B کے مقامی سمتیہ $\vec{a}$، $\vec{b}$ ہو تو ذیل کے مقامی سمتیوں کا کون سا نقطہ خط AB پر ہے۔

(1) $\vec{a}+\vec{b}$ (2) $\frac{2\vec{a}-\vec{b}}{2}$ (3) $\frac{2\vec{a}+\vec{b}}{3}$ (4) $\frac{\vec{a}-\vec{b}}{3}$

(11) اگر، $\vec{a}$، $\vec{b}$، $\vec{c}$، A تینوں ایک خطی نقاط کے مقامی سمتیہ ہو تو ذیل میں کون سا درست ہے؟

(1) $\vec{a}=\vec{b}+\vec{c}$ (2) $2\vec{a}=\vec{b}+\vec{c}$ (3) $\vec{b}=\vec{c}+\vec{a}$ (4) $4\vec{a}+\vec{b}+\vec{c}=\vec{0}$

(12) اگر $\vec{r}=\frac{9\vec{a}+7\vec{b}}{16}$ نقطہ P جس کا $\vec{r}$ مقامی سمتیہ جو نقاط کو ملانے والے خط کو $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ تقسیمی نسبت

(1) 7 : 9 اندرونی طور پر (2) 9 : 7 اندرونی طور پر

(3) 7 : 9 بیرونی طور پر (4) 9 : 7 بیرونی طور پر

(13) اگر $\lambda\hat{i}+2\lambda\hat{j}+2\lambda\hat{k}$ ایک اکائی سمتیہ ہو تو، λ کی قیمت

(1) $\frac{1}{3}$ (2) $\frac{1}{4}$ (3) $\frac{1}{9}$ (4) $\frac{1}{2}$

(14) ایک مثلث کے راس نقاط کے مقامی سمتیے $3\hat{i}+4\hat{j}-4\hat{k}$ اور $2\hat{i}+3\hat{j}+4\hat{k}$ ہیں۔ اگر ہندسی مرکز کا مقامی سمتیہ $\hat{i}+2\hat{j}+3\hat{k}$ ہو تو تیسرے راس نقطہ کا مقامی سمتیہ ہے۔

(1) $-2\hat{i}-\hat{j}+9\hat{k}$ (2) $-2\hat{i}-\hat{j}-6\hat{k}$ (3) $2\hat{i}-\hat{j}+6\hat{k}$ (4) $-2\hat{i}+\hat{j}+6\hat{k}$

(15) اگر $|\vec{a}+\vec{b}|=60$، $|\vec{a}-\vec{b}|=40$ اور $|\vec{b}|=46$ ہو تو $|\vec{a}|$ کی قیمت

(1) 42 (2) 12 (3) 22 (4) 32

(16) اگر $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کے یکساں قدر ہے، ان کے درمیانی زاویہ $60°$ ہے اور عددیہ حاصل ضرب $\frac{1}{2}$ ہو تو $|\vec{a}|$ کی قیمت

(1) 2 (2) 3 (3) 7 (4) 1

(71) اگر $\vec{a}=(\sin\theta)\hat{i}+(\cos\theta)\hat{j}$ اور $\vec{b}=\hat{i}-\sqrt{3}\hat{j}+2\hat{k}$ عمود ہے $\theta\in\left(0,\frac{\pi}{2}\right)$ تو کی قیمت

(1) $\frac{\pi}{3}$ (2) $\frac{\pi}{6}$ (3) $\frac{\pi}{4}$ (4) $\frac{\pi}{2}$

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 81 21-02-2023 16:24:19

(18) اگر $|\vec{a}|=13$، $|\vec{b}|=5$ اور $\vec{a}\cdot\vec{b}=60°$ ہو تو $|\vec{a}\times\vec{b}|$ کی قیمت

25 (4) 45 (3) 35 (2) 15 (1)

(19) $\theta=120°$ زاویہ پر سمتیہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ مائل ہیں اگر $|\vec{a}|=1$، $|b|=2$ تو $[(\vec{a}+3\vec{b})\times(3\vec{a}-\vec{b})]^2$ مساوی ہے

300 (4) 325 (3) (2) 275 225 (1)

(20) اگر $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کی قدر 2 اور درمیانی زویہ $60°$ ہو تو $\vec{a}$ اور $\vec{a}+\vec{b}$ کا درمیانی زاویہ ہے۔

90° (4) 45° (3) 60° (2) 30° (1)

(21) اگر $\hat{i}+3\hat{j}+\lambda\hat{k}$ میں $5\hat{i}-\hat{j}-3\hat{k}$ کی تطلیل اور $\hat{i}+3\hat{j}+\lambda\hat{k}$ میں $5\hat{i}-\hat{j}-3\hat{k}$ کی تطلیل مساوی ہو تو λ کی قیمت ہے۔

±1 (4) ± 5 (3) ± 3 (2) ± 4 (1)

(22) سمتیہ $\hat{i}+5\hat{j}-7\hat{k}$ کا ابتدائی اور آخری نقاط $(1,2,4)$ اور $(3-3\lambda,-2)$ ہو تو λ کی قیمت

$\frac{5}{3}$ (4) $-\frac{5}{3}$ (3) $-\frac{7}{3}$ (2) $\frac{7}{3}$ (1)

(23) اگر $10\hat{i}+3\hat{j}$، $12\hat{i}-5\hat{j}$ اور $a\hat{i}+11\hat{j}$ مقامی سمتیے کے نقاط ہم خطی ہو تو a کی قیمت

8 (4) 5 (3) 3 (2) 6 (1)

(24) اگر $\vec{a}=\hat{i}+\hat{j}+\hat{k}$، $\vec{b}=2\hat{i}+x\hat{j}+\hat{k}$، $\vec{c}=\hat{i}-\hat{j}+4\hat{k}$ اور $\vec{a}\cdot(\vec{b}\times\vec{c})=70$ ہو تو x کی قیمت

10 (4) 26 (3) 7 (2) 5 (1)

(25) اگر $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ کے درمیانی زاویہ $\frac{\pi}{6}$، $\vec{a}=\hat{i}+2\hat{j}+2\hat{k}$، $|\vec{b}|=5$ ہو تو دونوں سمتیوں کے متصل ضلعوں سے بننے والے مثلث کا رقبہ

$\frac{17}{4}$ (4) $\frac{3}{4}$ (3) $\frac{15}{4}$ (2) $\frac{7}{4}$ (1)

خلاصہ (SUMMARY)

اس باب میں ہم نے درج ذیل کا علم حاصل کیا ہے۔

- عددیہ ایک مقدار ہے جو اس کی قدر سے متعین ہے۔
- سمتیہ ایک مقدار ہے جو اس کی قدر اور اس کی سمت دونوں سے متعین ہے۔
- اگر ہم آزادانہ انداز سے مبدہ پر نقطۂ سمتیہ مناسبت کریں تو وہ مفت سمتیہ ہوگا جب کہ کسی مخصوص مقام پر مبدہ ہو تو وہ تشخیص سمتیہ کہلاتا ہے۔
- دو یا دو سے زیادہ سمتیہ کو ہم مستوی کہتے ہیں جب کہ وہ دونوں ایک ہی سطح پر یا متوازی ہوں۔
- دو سمتیہ کو مساوی سمتیہ کہتے ہیں اگر وہ دونوں کے سمت اور قدر یکساں ہوں۔
- جس سمتیہ کی قدر 0 ہے وہ صفر سمتیہ کہلاتا ہے۔
- جس سمتیہ کی قدر 1 ہے وہ اکائی سمتیہ کہلاتا ہے۔

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 82 21-02-2023 16:24:20

- ایک $\vec{a}$ سمتیہ اور m ایک عددیہ ہے تو $m\vec{a}$ سے مراد سمتیہ $\vec{a}$ سے عددیہ m کا عددیہ ضرب ہے۔
- دو سمتیہ $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ متوازی اگر $\vec{a}=\lambda\vec{b}$ جہاں λ ایک عددیہ ہے۔
- $\vec{a}$، $\vec{b}$ اور $\vec{c}$ مثلث کے متصلہ اضلاع ہو تو $\vec{a}+\vec{b}+\vec{c}=\vec{0}$ ہے۔
- سمتیوں کی جمع تلازم ہے۔
- $\vec{a}+\vec{0}=\vec{0}+\vec{a}=\vec{a}$, $\vec{a}$ کسی بھی سمتیہ کے لئے
- $\vec{a}+(-\vec{a})=(-\vec{a})+\vec{a}=\vec{0}$. $\vec{a}$ کسی بھی سمتیہ کے لئے
- سمتیوں کی جمع ایک متبادلہ ہے۔
- اگر دو سمتیوں کے قدر اور سمت کو ایک مثلث کے دو ترتیبی ضلعوں سے اشارہ کیا جائے تو،ان کی حاصل جمع کو مثلث کی مخالف قطار میں لئے گئے تیسرے ضلعے سے نشان زد کرسکتے ہیں۔ یہ جمع کا متوازی الاضلاع قانون ہے۔
- اگر متوازی الاضلاع $OABC$ میں اگر $\overrightarrow{OA}$ اور $\overrightarrow{OB}$ متصلہ ضلعوں کی نمائندگی کریں تو وتر ان کی حاصل جمع کی نمائندگی $\overrightarrow{OC}$ کرتا ہے۔ یہ جمع کا متوازی الاضلاع قانون ہے۔
- اگر α، β، γ سمت زاویئے ہو تو $\cos\alpha$، $\cos\beta$، $\cos\gamma$ سمت کو سائن ہوں گے۔
- سمتیہ کے سمت $\vec{r}=x\hat{i}+y\hat{j}+z\hat{k}$ نسبتیں z,y,x ہیں۔
- اگر $\vec{a}$، $\vec{b}$ اور $\vec{c}$ خلا میں کوئی تین غیر مستوی سمتیے ہو تو خلا میں کسی بھی سمتیہ کو ایک منفرد انداز میں $l\vec{a}+m\vec{b}+n\vec{c}$ کی طور پر لکھا جاسکتا ہے۔
- کسی بھی نقطہ پر مقامی سمتیہ اور α، β، γ کے سمت زاویئے $\vec{r}=x\hat{i}+y\hat{j}+z\hat{k}$ ہو تو $\vec{r}$

(i) $\vec{r}$ کا سمتی کو سائن کے کامل مربع کا مجموعہ 1 ہے

(ii) $\sin^2\alpha+\sin^2\beta+\sin^2\gamma=2$.

(iii) $\vec{r}$ کے سمتی کو سائن $\dfrac{x}{\sqrt{x^2+y^2+z^2}},\dfrac{y}{\sqrt{x^2+y^2+z^2}},\dfrac{z}{\sqrt{x^2+y^2+z^2}}$.

(iv) اگر l,m,n سمتی کو سائن ہو تو $l^2+m^2+n^2=1$ ہے۔

(v) $\cos\alpha\hat{i}+\cos\beta\hat{j}+\cos\gamma\hat{k}$ کسی بھی اکائی سمتیہ کو کی طرح لکھ سکتے ہیں۔

- $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ سمتیوں کا عددیہ حاصل ضرب $\vec{a}\cdot\vec{b}=|\vec{a}||\vec{b}|\cos\theta$ ہے

- متیوں کا سمتیہ حاصل ضرب کو $\vec{a}$ اور $\vec{b}$ نشاندہی کے $\vec{a}\times\vec{b}$ ساتھ اس طرح دیا گیا $\vec{a}\times\vec{b}=|\vec{a}||\vec{b}|\sin\theta\,\hat{n}$, ہے۔ جہاں $\vec{a}$ اور $\vec{b}, 0\le\theta\le\pi$ کا درمیانی زویہ ہے۔، یہاں $\vec{a}$، $\vec{b}$، $\hat{n}$ مختص محوروں کا دائیں ہاتھ کا نظام بناتے ہیں۔

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 83 21-02-2023 16:24:22

ICT CORNER 8(a)

سمتیہ الجبراء

متوقع نتائج



مرحلہ: 1

براؤزر کھولیں اور دئے گئے URL لنک ٹیپ کیجئے (یا) QR کوڈ کو اسکین کیجئے۔" XI الجبرائی سمتیہ" جیوجبرا (GeoGebra) نامی ورک بک کھلے گا۔ اس میں آپ کے سبق سے متعلق کی ورک شیٹیں ہیں۔

مرحلہ:2

ورک شیٹ "سمتی کوسائن" کو منتخب کریں ۔ 3D نمائیدگی دائیں طرف پائی جاتی ہے۔آپ مختلف مقام دیکھنے کے لئے موض پر دائیں کلک کرکے 3D تصویر کو گھماسکتے ہیں۔

آپ سمتیہ کو تبدیل کرنے کے لئے سلائیڈ کو منتقل کرسکتے ہیں یا x ، y اور z کی قیمتیں داخل کرسکتے ہیں۔



مرحلہ: 1



مرحلہ:2

Browse in the link:

XI Standard Vector Algebra: https://ggbm.at/cem3sdq5

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 84 21-02-2023 16:24:25

ICT CORNER 8(b)

سمتیہ الجبراء

متوقع نتائج



مرحلہ: 1

براؤزر کھولیں اور دئے گئے URL لنک ٹیپ کیجئے (یا) QR کوڈ کو اسکین کیجئے۔ " XI الجبرائی سمتیہ" جیوجبرا (GeoGebra) نامی ورک بک کھلے گا۔ اس میں آپ کے سبق سے متعلق کی ورک شیٹیں ہیں۔

مرحلہ:2

ورک شیٹ "سمتی کا حاصل ضرب" کو منتخب کریں ۔ 3D نمائیدگی دائیں طرف پائی جاتی ہے۔آپ مختلف مقام دیکھنے کے لئے موض پر دائیں کلک کرکے3D تصویر کو گھماسکتے ہیں۔

آپ سمتیہ کو تبدیل کرنے کے لئے سلائیڈ کو منتقل کرسکتے ہیں یا x ، y اور z کی قیمتیں داخل کرسکتے ہیں۔(واضح تقسیم کے لئے a_1 ، a_2 اور a_3 کی قیمتوں کو تبدیل نہ کریں۔ $ABXAC$ کے لئے، اجزاء عمودی طور پر دئے گئے ہیں)



مرحلہ: 1



مرحلہ:2

Browse in the link:

XI Standard Vector Algebra: https://ggbm.at/cem3sdq5

08_11th-Maths-Vol2-Unit8_UM.indd 85 21-02-2023 16:24:26

باب 9

تفرقی احصا ۔ حدیں اور مسلسل
(Differential Calculus - Limits and Continuity)

"آدمی چلے جاتے ہیں ، مگر ان کے اعمال باقی رہتے ہیں "

آگسٹن لوئس کاچی

9.1 تعارف (Introduction)

احصا تبدیلی کی شرح کے متعلق ہے۔ تبدیلی کی شرح تمام سائنس میں پائے جاتے ہیں ۔ایک ریاضی دان کسی منحنی پر خط مستقیم کے انحراف کی تبدیلی کی شرح کی پیمائش کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے جب کہ ایک طبیعیات دان نقل مکانی کی تبدیلی کی شرح اور چلتی شئے کی رفتار جاننے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ ایک کیمیاءدان رد عمل کی شرح جاننا چاہتا ہے جس کے نتیجے میں ایک یا ایک سے زیادہ مادے (جسے حاصل شدہ شئے کہاجاتا ہے) اور ایک یا ایک سے زیادہ ابتداء ہونے والے مواد (جسے رد عمل کہاجاتا ہے) واقع ہوتے ہیں۔



ایک ماہر حیاتیات کا تجزیہ کسی بھی اوقات پر جانوروں کی آبادی یا پودوں کی آبادی میں تبدیلی جاننا چاہتا ہے اور وہ یہ بھی جاننا چاہتا ہے کہ شرح جس میں خون کی نالی سے خون بہتا ہے ،جیسا کہ ورید یا شریان اور نالی/ شریان کا وہ حصہ جس میں یہ بہاؤ کم ہو یا زیادہ ہو۔

ایک ماہر اقتصادیات معمولی مانگ، معمولی آمدنی، اور معمولی منافع کا بھی مطالعہ کرتے ہیں، جو اس مانگ، محصول اور منافع کے افعال کی تبدیلی کی شرح (یعنی مشتقات) سے اخذ کیے جاتے ہیں۔

ایک ماہر ارضیات پگھلی ہوئی چٹان کا گھنے والا جسم ارد گرد کی چٹانوں میں گرمی کی ترسیل سے ٹھنڈا ہونے کی شرح کو جاننے میں دلچسپی رکھتا ہے۔

ایک انجینئر حوض کے اندر یا باہر پانی کے بہاؤ کی شرح کو جاننا چاہتا ہے۔ ایک شہری جغرافیہ دان شہر کی توسیع کے ساتھ شہر میں آبادی کی کثافت کی تبدیلی کی شرح میں دلچسپی رکھتا ہے۔ ایک ماہر موسمیات کا تعلق اونچائی کے حوالے سے ماحولیاتی دباؤ کی تبدیلی کی شرح سے ہے۔



نفسیات میں، نظریہ سیکھنے میں دلچسپی رکھنے والے نام و نہاد سیکھنے کے منحنی کا مطالعہ کریں جو تربیت کے وقت کی حیثیت سے کسی کی مہارت سیکھنے کی کارگردگی کو ترسیم کریں ۔ خاص طور پر دلچسپی وہ شرح ہے جس میں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کارگردگی میں بہتری ہوتی ہے۔



09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 86 21-02-2023 16:09:26

جب ہم اندھیرے کمرے میں داخل ہوتے ہیں، تو ہماری آنکھیں اپنے پتلی کے جسامت کو بڑھا کر روشنی کی کمی کے مطابق تبدیل کرلیتا ہے ، جس سے زیادہ روشنی آنکھوں میں داخل ہو سکتی ہے اور ہمارے اردگرد موجود چیزوں کو دیکھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ ایک مشاہدہ روشن کمرے میں جب ہم داخل ہوتے ہیں تو ہمارے آنکھوں کی عدسے گھٹتی ہے تاکہ روشنی آنکھوں میں کم قیمت پر گذرنے چونکہ زیادہ روشنی سے آنکھوں کی دیکھنے کی نظام میں کمی نہ ہو۔ نظام محققین اس طرح کے نظام کی مطالعہ حدود سے کرتے ہیں۔

طبیعیات میں سمتی رفتار ،کثافت، بجلی ، قوت اور درجہ حرارت ؛کیمیائی میں رد عمل کی شرح اور دباؤ ، حیاتیات یں نشونما کی شرح اور خون کی رفتار، معاشیات میں اصلی قیمت اور اصلی نفع ، ارضیات میں حرارت کی بہاؤ ، نفسیات میں کارگردگی کی ترقی کی شرح- ان تمام صورتوں میں ایک ہی ریاضیاتی تصور جو مشتق ہے۔

ایک مثال جس کی حقیقت یہ ہے کہ ریاضی کی طاقت کا ایک حصہ اس کی تجریدی حیثیت میں ہے ۔ایک واحد خلاصہ ریاضی کا تصور (جیسے مشتق) سائنس میں سے ہر ایک میں مختلف ترجمانی کرسکتا ہے ۔ جب ہم ریاضی کی تصور کی خصوصیات کو تیار کرتے ہیں تو ہم ان نتائج کو تمام علوم میں لاگو کرسکتے ہیں ۔ یہ ہر ایک میدان میں خصوصی تصورات کی خصوصیات تیار ی کرنے سے کہیں زیادہ موثر ہے۔

قدیم ماضی کی سب سے بڑی تخلیق ۔ یوکلیڈین جیومٹری(علم ہندسہ) تھی۔اس یادگار کام کو قریب دو ہزار سال بعد احصا کی دریافت ہونے تک اہمیت کا حامل نہیں کیا گیا تھا۔

احصا کو سترھویں صدی کے آخری سہ ماہی میں انگلینڈ کے سر اسحاق نیوٹن (1642 - 1727) اور جرمنی میں گوٹ فرائیڈ ولیم لب نٹس (1646 - 1716)نے آزادانہ طور پر تخلیق کیا تھا۔

نیوٹن کی دلچسپی ریاضی میں اس وقت ریاضی کے د و عظیم کتابوں کی مطالعے سے شروع ہوئی ۔ وہ ان عظیم سائنسدانوں کے کام یوکلیڈ کے عنصر اور ڈس کارٹیو کے لاجیومیٹرک سے بھی واقف ہوئے جس میں گلیلیو اور فرمٹ بھی شامل تھے۔

1664 کے آخر تک ، نیوٹن ایسے لگے کہ اس وقت کے تمام ریاضیاتی علوم میں مہارت حاصل کرلی تھی اور اس کے ساتھ انھوں نے اور بھی اضافہ کرلیا۔ 1665 میں انھوں نے یہ مطالعہ شروع کیا کہ شرح کی تبدیلی یا موڑ جیسے فاصلہ یا درجہ حرارت جو مسلسل مختلف ہوتے یں۔ جس کا نتیجہ آج ہم تفرقی احصا کے نام سے پڑھتے ہیں ۔ موجوہ دور میں علم ر یاضی سیکھنے والے اسحاق نیوٹن کے کندھے پر کھڑے ہیں۔



آگسٹن لوئس کاچی
(1857 - 1789)

لب نٹس کے بہت ریاضی مقالعہ "ایکٹاایروڈیٹورم (Acta Eruditorum)" نامی جرنل میں شائع ہوئے جس کی بنیاد انھوں نے 2861میں رکھی تھی ۔اس جرنل میں احصا پر ان کا کام شامل تھا جس کی وجہ سے نیوٹن کے ساتھ اس بات پر اختلاف پیدا ہوا کہ کس نے احصا کو پہلی مرتبہ دریافت کیا۔

لب نٹس وہ پہلا شخص تھا جنھوں نے احصا پر اہم نتائج شائع کئے تھے۔ اور انھوں نے ہی احصا کی علامتوں کا استعمال کیا تھا جواب معیاری بن چکا ہے۔

1789 میں پیرس میں پیدا ہونے والے آگسٹن لوئس کاچی (1789 - 1857) کو انیسویں صدی کے پہلے نصف کا سب سے نمایاں ریاضیاتی تجزیہ کار سمجھا جاتا تھا ۔ احصا میں کاچی کا بہت بڑا خدمت رہا۔ 1829 میں اپنی کتاب "**Lecons le calcul differential**" میں انھونے شرح کی معقول حد تک واضح تعریف دی اور وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے مشتق کو خارج قسمت کی فرق کی شرح کے طور پر بیان کیا۔

$$\frac{\Delta y}{\Delta x} = \frac{f(x+\Delta x) - f(x)}{\Delta x} \quad .$$

کارل وئیرس ٹراس (1815 - 1897) ایک جرمن ریاضی دان نے شرح ، مسلسل اور تفرق کے تصورات کی قطعی تعریف ($\delta - \in$ تعریف) دی

احصا کیا ہے؟

احصا مقدار کی تبدیلی کے تناسب کی ریاضی ہے ۔ یہ مماسوں کی خط ، میلان ، رقبے حجم، لمبائیوں کے خطے، ہندسی مرکز، میلان اور متعدد دیگر تصورات کے بھی ریاضی ہیں جس نے سائنسدانوں ،ا نجینئروں اور معاشی ماہرین کو حقیقی زندگی کے حالات سے نمونے کے قابل بنادیا ہے۔

اگرچہ سمتی رفتاریں ، اسراع ، مماس کے خطوط ، میلان ، وغیرہ ریاضی قبل احصا سے متعلق ہے۔اور وہاں ریاضی کے قبل احصا اور احصا کے درمیان بنیادی فرق ہے۔ریاضی قبل احصا زیادہ مستحکم ہے جبکہ احصا زیادہ متحرک ہے ۔یہاں کچھ مثالیں ہیں

- ایک مستقل ر فتار سے سفر کرنے والی ایک شئے ریاضی قبل احصا کے ساتھ تجزیہ کیا جاسکتا ہے ۔اسراع کرنے والے شئے کی رفتار کا تجزیہ کرنے کے لئے آپ کو احصا کی ضرورت ہے۔
- خط کے میلان کا تجزیہ ریاضی قبل احصا سے کیا جاسکتا ہے۔ منحنی کا میلان معلوم کرنے کے لئے آپ کو احصا کی ضرورت ہے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 87 21-02-2023 16:09:27

- ایک دائرے سے مماس کاایک خط تجزیہ کرنے کے لئے ریاضی قبل احصا سے کیا جاسکتا ہے۔ عام ترسیموں میں خطوں کے مماسوں کو تجزیہ کرنے کے لئے آپ کو احصا کی ضرورت ہے۔
- مستطیل کا رقبہ تجزیہ کرنے کے لئے ریاضی قبل احصا سے کیا جاسکتا ہے ۔عام منحنی کے اندر رقبے کے تجزیہ کرنے کے لئے احصا کی ضرورت ہے۔

ان حالات میں ہر ایک میں ایک ہی عام علمی حرکت ہے، ایک حد کے عمل کے استعمال کے ذریعے ریاضی قبل احصا کی اصلاح کی ہے ۔لہٰذا احصا کیا ہے؟ کے سوال کے جواب دینا کا ایک طریقہ یہ کہتا ہے کہ احصا ایک ‹‹ حد مشین » جس میں تین مراحل شامل ہیں ۔ پہلا مرحلہ ریاضی قبل احصا جیسے خط کا میلان یا مستطیل کا رقبہ۔ دوسرا مرحلہ حد عمل ہے اور تیسرا مرحلہ ایک نیا احصا کا ضابطہ عمل جیسے مشتق یا تکملہ ہے۔

ریاضی قبل احصا	⟸	حد عمل	⟸	احصا

یہ تنبیہ کیا جاتا ہے کہ جو لوگ احصا سیکھنے کی کوشش کرتے ہیں گویا یہ نئے عمل کے بنائے ضابطوں کا مجموعہ ہے ۔ وہ بہت زیادہ سمجھ بوجھ ، خود اعتمادی اور مطمئن سے محروم ہوجائیں گے۔

سیکھنے کے مقاصد (Learning Objectives)

اس سبق کے اختتام پر ، طلباء سے امید کرسکتے ہیں کہ

- حدوں کی توقیع /ہندسی عمل کے ذریعے مسلسل کی تصور کریں۔
- حددوں کی منصوبے/ روز مرہ زندگی کے کار گردگی میں مسلسل کا تعلق
- احصا کے دل اور روح کے طور پر حد / مسلسل کو ملانا
- حدوں کو سمجھیں / ایک اپریشن کے طور پر مسلسل(آپریٹر) کی پیمائش کے لئے مقدار بتانا/ طبعی دنیا میں ہونے والی تبدیلیوں کو ریاضی میں بدلنا
- حقیقی زندگی سے متعلق حالات کی تشریح کے ذریعے حد / تسلسل کے تصور کو ٹھوس بنائیں۔

9.2 حدیں (Limits)

9.2.1 حدوں کو محسوب کرنا (The calculation of limits)

حد کا عام تصور، جس پر ہم اس باب میں بڑے پیمانے پر بحث کریں گے، احصا اور جدید ریاضی میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ اگرچہ ریاضی تین ہزار سال پرانی ہے لیکن انیسویں میں عظیم فرانسیسی آگسٹن لوئس کاچی اور کارل وئیرس ٹراس کے یادگار کام کے بعد ہی واقعی حدود کی تصور سمجھ میں آئی۔

اس حصے میں ہم حدوں کی تعریف اور حدوں کو کیسے محسوب کیا جاتا ہے دیکھیں گے۔

تشریح 9.1

تفاعل $y = f(x) = x^2 + 3$ کو غور سے دیکھنے پر نوٹ کریں کہ f ایک تفاعل ہے جو $\mathbb{R} \to \mathbb{R}$ ہے۔

آئیے ہم $x = 2$ کے قریب اس تفاعل کی رویے کی تحقیقات کریں ۔ ہم دو مجموعے کے کی قیمتوں کو استعمال کریں : پہلا مجموعہ 2 کے دائیں (2 سے کم قیمت) کو نقطہ نظر کریں اور دوسرا مجموعہ 2 کے بائیں جانب (2 سے بڑا قیمت) مندرجہ ذیل جدول سے نقطہ نظر کریں۔

	x کو 2 کے بائیں جانب نقطہ نظر							x کو 2 کے دائیں جانب نقطہ نظر						
x	1.7	1.9	1.95	1.99	1.999	1.9999	2	2.0001	2.001	2.01	2.05	2.1	2.3
$f(x)$	5.89	6.61	6.8025	6.9601	6.99601	6.99960001	7	7.0040001	7.004001	7.0401	7.2025	7.41	8.29

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 88 21-02-2023 16:09:27



9.1 خاکہ

x جدول سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جیسے ہی $x = 2$، $f(x) = x^2 + 3$ عدد 2 کے قریب اتا ہے ، عدد 7 کے قریب ہوجاتا ہے۔ $f(x)$ یہ حیرت کی بات نہیں ہے کیونکہ اب ہم $x = 2$ پر کو معلوم کرتے ہیں تو ہمیں $f(2) = 2^2 + 3 = 7$ ملتا ہے۔

ہم $x = 2$ پر $x^2 + 3$ کی تشخیص نہیں کرسکتے۔

یعنی جب $f(x)$ کا نقطہ 2 کے دائیں(2 سے بڑھ کر) یا بائیں (2 سے کم)، تفاعلی قیمت دونوں جانب سے 7 کے قریب پہنچ رہی ہے۔ یعنی جب کی قیمت 2 کے قریب ہو تو کی قیمت 7 کے قریب ہوگی۔ مندرجہ بالا صورت حال کو مختصر شکل میں بیان کیا گیا ہے۔

جب کی قیمت بائیں طرف سے 2 کے قریب پہنچتا ہے تو کی قیمت بائیں حد سے 7 کے قریب پہنچتا ہے۔ اسی طرح جب کی قیمت دائیں طرف سے 2 کے قریب پہنچتا ہے تو $f(x)$ کی قیمت دائیں حد سے 7 کے قریب پہنچتا ہے اور لکھیں

$f(x) \to 7$ جبکہ $x \to 2^-$ اور $f(x) \to 7$ جبکہ $x \to 2^+$ (یا)

$\lim\limits_{x \to 2^-} f(x) = 7$ اور $\lim\limits_{x \to 2^+} f(x) = 7$.

نوٹ یہ بھی کریں کہ $\lim\limits_{x \to 2^-} f(x) = 7 = \lim\limits_{x \to 2^+} f(x)$ ۔عام قیمت کو ایسے لکھیں $\lim\limits_{x \to 2} f(x) = 7$

ہم یہ بھی غور کریں کہ حد یقینی حقیقی عدد ہے ۔ یہاں، یقینی کے معنی جو $\lim\limits_{x \to 2^-} f(x)$ اور $\lim\limits_{x \to 2^+} f(x)$ مساوی ہیں اور $\lim\limits_{x \to 2} f(x) = \lim\limits_{x \to 2^-} f(x) = \lim\limits_{x \to 2^+} f(x)$ انفرادی حقیقی عدد ہے۔

جو شکل 9.1 میں $x \to 2$ سے $f(x) = x^2 + 3$ کارویہ مذکورہ بالا بحث کے ہندسی اہمیت کی وضاحت کرتا ہے۔

تشریح 9.2

دوسرا، ناطق تفاعل $f(x) = \dfrac{16 - x^2}{4 + x}$ کو دیکھیں ۔

اس تفاعل کا علاقہ $\mathbb{R} \setminus \{-4\}$ ہے اگر چہ $f(-4)$ غیر انکار ، بہرحال -4 کے قریب کی کسی بھی کی قیمت سے $f(x)$ کو محسوب کرسکتے ہیں۔کیونکہ علامتیں $\lim\limits_{x \to -4} \dfrac{16 - x^2}{4 + x}$ کہتا ہے کہ ہم غور کرتے ہیں کہ کی قیمت -4 کے قریب ہے لیکن -4 سے مساوی نہیں ہے۔

$f(x)$	$(x > -4)$ $(x \to -4^+)$	$f(x)$	$(x < -4)$ $(x \to -4^-)$
7.9	-3.9	8.1	-4.1
7.99	-3.99	8.01	-4.01
7.999	-3.999	8.001	-4.001

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 89 21-02-2023 16:09:30

جب $x \neq -4$ ہوں $f(x)$ کو اخراج سے مختصر کرسکتے ہیں۔

$$f(x) = \frac{16-x^2}{4+x}$$

$$= \frac{(4+x)(4-x)}{(4+x)} = 4 - x.$$



9.2 خاکہ

$f(x)$ کا ترسیم اصلی طور پر $y = 4 - x$ کا ترسیم ہے، لیکن نقاط $x = -4$ پر کے ترسیم پر ایک سوراخ جو $x = -4$ کے متوازی ہے۔ جیسے جیسے x کی قیمت -4 کے قریب ہوتا جاتا ہے جس کی نمائندگی x-محور پر دو تیروالے سروں سے ہوتی ہے، y- محور پر تیر کے دو سر بیک وقت عدد 8 کے قریب ہوتے جاتے ہیں۔

یہاں، نوٹ کریں

$$\lim_{x\to -4} f(x) = \lim_{x\to -4} \frac{16-x^2}{4+x} = 8 \text{ اور لہذا } \lim_{x\to -4^-} f(x) = 8 = \lim_{x\to -4^+} f(x)$$

تشریح 9.2 میں، نوٹ کریں کہ تفاعل کی وضاحت $x = -4$ پر نہیں کی گئی ہے اور پھر بھی $f(x)$ ایک حد تک پہنچتا ہوا دیکھائی دیتا ہے۔ جیسے ہی x کی قیمت -4 کے قریب آتا ہے۔ ایسا اکثر ہوتا ہے، اور یہ سمجھنا ضروری ہے کہ $x = -4$ پر $f(x)$ کی موجودگی یا غیر موجودگی کا $f(x)$ کے حد کی وجود پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ جبکہ x کی قیمت -4 کے قریب آتا ہے۔

تشریح 9.3

اب ہم فرض کریں کہ تفاعل جو تشریح 9.1 اور 9.2 کے مختلف ہوں

فرض کریں کہ $f(x) = \frac{|x|}{x}$

$x = 0$ اس تفاعل کے علاقہ (Domain) سے تعلق نہیں رکھتا ہے $\mathbb{R} \setminus \{0\}$۔اس تفاعل کی ترسیم پر غور کریں۔کوئی بھی x کے مثبت قیمتوں کے لئے دیکھ سکتے ہیں

$$\frac{|x|}{x} = \frac{x}{x} = +1 \quad \text{اور}$$

x منفی قیمت کے لئے $\frac{|x|}{x} = \frac{-x}{x} = -1$

اس کا مطلب یہ ہے کہ اس سے کوئی فرق پڑھتا کہ کی قیمت 0 سے کتنا قریب آتا ہے (0 کے قریبی قیمت)، مثبت اور منفی دونوں x کی قیمتیں ہوں گی جو $f(x) = 1$ اور $f(x) = -1$ حاصل کرتی ہے۔



9.3 خاکہ

یعنی $\lim_{x\to 0^-} f(x) = -1$ اور $\lim_{x\to 0^+} f(x) = +1$

جس کا مطلب یہ ہے کہ حد موجود نہیں ہے۔ بلاشبہ x کی دوسری قیمت کے لئے ایک حد ہوتی ہے۔

مثال کے طور پر $\lim_{x\to 2^-} \frac{|x|}{x} = 1$ اور $\lim_{x\to 2^+} \frac{|x|}{x} = 1$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 90 21-02-2023 16:09:31

اسی طرح $\lim_{x\to 3^-}\frac{|x|}{x}=\lim_{x\to 3^-}\frac{-x}{x}=-1$

$$\lim_{x\to 3^+}\frac{|x|}{x}=\lim_{x\to 3^+}\frac{-x}{x}=-1$$

اگر چہ، کوئی حقیقی عدد $x_0\neq 0$، $\lim_{x\to x_0^-}\frac{|x|}{x}=-1=\lim_{x\to x_0^+}\frac{|x|}{x}$ اگر $x_0<0$ اور

$$x_0>0 \text{ اگر } \lim_{x\to x_0^-}\frac{|x|}{x}=1=\lim_{x\to x_0^+}\frac{|x|}{x}$$

پڑھنے والے خاص توجہ دیں کہ مشاہدہ کرنے پر تشریح 9.1 سے 9.3 تک کے درمیان منعکس ہوتی ہے ۔ تشریح 9.1 میں تفاعل $f(x)=x^2+3$ کی وضاحت $x=2$ پر کی گئی ہے۔ یعنی، 2 کا تعلق کے علاقے سے ہے۔یعنی $\mathbb{R}=(-\infty,\infty)$ ۔ تشریح 9.2 میں تفاعل کی وضاحت $x=-4$ پر نہیں کی گئی ہے۔ سابقہ صورت میں ہم کہتے ہیں کہ $\lim_{x\to 2}f(x)$ کی حد موجود ہے کیونکہ x کی قیمت 2 کے قریب آجاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ $\lim_{x\to 2^-}f(x)$ اور $\lim_{x\to 2^+}f(x)$ ایک منفرد حقیقی عدد کے قریب آجاتاہے۔بعد کے صورت میں، اگرچہ $\lim_{x\to -4}f(x)$ کی وضاحت $x=-4$ پر نہیں کی گئی ہے،کیونکہ x کی قیمت4-کے قریب ہوتا جاتا ہے ۔تشریح 9.3 میں ، $\lim_{x\to 0}\frac{|x|}{x}$ کی غیر موجودگی کا مطلب یہ ہے کہ ایک طرفہ حدود $\lim_{x\to 0^-}\frac{|x|}{x}$ اور $\lim_{x\to 0^+}\frac{|x|}{x}$ مختلف ہیں۔جیسے کے کافی حد تک 0 کے قریب ہوجاتا ہے۔ ان مشاہدات کی روشنی سے حد (limit) کے بارے میں بارے میں ایک الہامی تصور کیا جاسکتا ہے۔

تعریف 9.1

فرض کریں I جو کھلا وقفہ $x_0\in\mathbb{R}$ پر مشتمل ہے۔ فرض کریں $f:I\to\mathbb{R}$ تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ L جو $f(x)$ کا حد ہے جیسے ہی x کی قیمت کے x_0 قریب آتا ہے تو علامتی طور پر لکھ سکتے ہیں۔ اگر جب بھی ہی x دونوں طرف سے x_0 $(x\neq x_0)$ کے کافی قریب ہوجاتا ہے تو $f(x)$ کی قیمت L کے کافی قریب ہوجاتاہے۔

ذیل کے (شکل 9.4 اور 9.5) ترسیم مذکورہ بیان کرتا ہے۔



9.4 خاکہ



9.5 خاکہ

9.2.2 ایک طرفہ کی حدود (One sided limits)

تعریف 9.2

ہم کہتے ہیں کہ $f(x)$ بائیں طرف کی حد جبکہ x کی قیمت x_0 کے قریب آتی ہے تو وہ l_1 کے مساوی ہیں (یا $f(x)$ کی حد ، جب x بائیں سے x_0 کے قریب پہنچتی ہے)۔ اگر ہم x کی قیمت x_0 کے قریب اور x_0 سے کم لینے پر $f(x)$ کی قیمت کو اختیاری طور پر l_1 کے قریب کرسکتے ہیں۔ اس کو علامتی طور پر اس طرح لکھ سکتے ہیں

اسی طرح ، ہم دائیں طرف کی حد کی تعریف کرتے ہیں

تعریف 9.3

ہم کہتے ہیں کہ $f(x)$ *دائیں طرف کی حد* جبکہ x کی قیمت x_0 کے قریب آتی ہے تو وہ l_2 کے مساوی ہیں (یا $f(x)$ کی حد، جب x دائیں سے x_0 کے قریب پہنچتی ہے)۔ اگر ہم x کی قیمت x_0 کے قریب اور x_0 سے کم لینے پر $f(x)$ کی قیمت کو اختیاری طور پر l_2 کے قریب کرسکتے ہیں۔ اس کو علامتی طور پر اس طرح لکھ سکتے ہیں

لہذا یہ علامتیں $x \to x_0^-$ اور $x \to x_0^+$ جس کا مطلب بالترتیب صرف $x < x_0$ اور $x > x_0$ پر غور کرسکتے ہیں۔

یہ تعارفیں مندرجۂ ذیل خاکہ 6.9 سے 9.9 کی تشریح ہیں۔



$\lim_{x \to x_0^-} f(x) = l_1 = f(x_0^-)$

9.6 خاکہ



$\lim_{x \to x_0^+} f(x) = l_2 = f(x_0^+)$

9.7 خاکہ



$\lim_{x \to x_0} f(x)$ غیر موجود ہے

9.8 خاکہ

(مختلف قیمتیں حاصل کی جاسکتی ہیں کیونکہ x_0 کو بائیں اور دائیں طرف سے رابطہ کیا جاتا ہے)



$\lim_{x \to x_0} f(x)$ غیر موجود ہے

9.9 خاکہ

(x_0 کے بائیں طرف تفاعل کی وضاحت نہیں کی گئی ہے)

مذکورہ بالا بحث سے ہم نتیجہ اخذ کرسکتے ہیں کہ $\lim_{x \to x_0} f(x) = L$ موجود ہے اگر مندرجۂ ذیل واقع ہیں

i. $\lim_{x \to x_0^+} f(x)$ موجود

ii. $\lim_{x \to x_0^-} f(x)$ موجود اور

iii. $\lim_{x \to x_0^+} f(x) = \lim_{x \to x_0^-} f(x) = L$

ایک طرفہ حدود کی تعارف سے اور $f(x)$ کی حد سے ہمیں مندرجۂ ذیل حاصل ہے۔

$\lim_{x \to x_0} f(x) = L$ اگر $\lim_{x \to x_0^-} f(x) = L = \lim_{x \to x_0^+} f(x)$.

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 92 21-02-2023 16:09:32

لہذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ $\lim_{x\to x_0} f(x)$ موجود ہے ، یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک منفرد حقیقی عدد L ہے۔ اگر مندرجہ بالا شرائط میں سے کوئی ایک بھی ناکام ہوجاتی ہے تو ہم کہتے ہیں ، $f(x)$ کی حد غیر موجود ہے جیسے ہی x کی قیمت x_0 کے قریب پہنچتی ہے۔

ہم تبصرہ کر سکتے ہیں کہ ایک طرفہ حد ود کی موجوگی حدود کی موجدگی سے کمزور ہے۔ $h>0$ کے لیے ،

$$f(x_0^-)=\lim_{h\to 0} f(x_0-h) \text{ اور } f(x_0^+)=\lim_{h\to 0} f(x_0+h).$$

نوٹ کریں کہ $f(x_0^-)$ اور $f(x_0^+)$ دائیں اور بائیں محدود قیمتیں مشتمل ہیں کھڑا کرتی ہیں۔ مگر تفاعل $x=x_0$ پر $f(x_0)$ کی قیمتیں ہیں

مثال 9.1

محسوب کیجئے $\lim_{x\to 0} |x|$

حل

باب 1 کے نظر ثانی سے

یعنی $$|x|=\begin{cases}-x & \text{if } x<0\\ 0 & \text{if } x=0\\ x & \text{if } x>0\end{cases}$$

اگر $x>0$ ہو تو $|x|=x$، جو 0 پر پہنچتا ہے

$x\to 0$ جبکہ 0 دائیں طرف سے ہے، یعنی $\lim_{x\to 0^+}|x|=0$

اگر $x<0$ ہو تو $|x|=-x$، جو 0 پر پہنچتا ہے۔ جبکہ $x\to 0$ کے 0 بائیں طرف سے $\lim_{x\to 0^-}|x|=0$ ہے۔ تو

یعنی $\lim_{x\to 0^-}|x|=0=\lim_{x\to 0^+}|x|$

لہذا $\lim_{x\to 0}|x|=0.$



9.10 خاکہ

مثال 9.2

تفاعل پر غور کریں $f(x)=\sqrt{x}\ ,\ x\geq 0$

کیا $\lim_{x\to 0} f(x)$ موجود ہے؟

حل

$f(x)=\sqrt{x}$ نہیں ۔یہاں تک کہ $x<0$ کی وضاحت کے لئے نہیں ہے۔

لہذا جب $x\to 0^-$ ، $\lim_{x\to 0^-}\sqrt{x}$ غیر موجود ہے

البتہ $\lim_{x\to 0^-}\sqrt{x}$ لہذا $\lim_{x\to 0}\sqrt{x}$ غیر موجود ہے۔



9.11 خاکہ

کیا $\lim_{x\to 0^-}\log x$ وجود ہے؟

جواب کے لئے $\log x$ کی ترسیم دیکھیں

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 93 21-02-2023 16:09:37

مثال 9.3

$\lim_{x\to 2^-}\lfloor x\rfloor$ اور $\lim_{x\to 2^+}\lfloor x\rfloor$ قیمتیں معلوم کرو۔

حل

اعلیٰ سالم تفاعل $f(x)=\lfloor x\rfloor$ کی وضاحت سے چھوٹا یا مساوی اعلیٰ سالم عدد x ہے۔

اس تفاعل کی ترسیم (خاکہ 1.25) سے یہ واضح ہے کہ $\lim_{x\to 2^-}\lfloor x\rfloor=1$ اور $\lim_{x\to 2^+}\lfloor x\rfloor=2$

مزید یہ کہ n، کسی بھی سالم عدد کے لئے $\lim_{x\to n^-}\lfloor x\rfloor=n-1$ اور $\lim_{x\to n^+}\lfloor x\rfloor=n$ ۔

کیا $\lim_{x\to n}\lceil x\rceil=f(x)$ موجود ہے؟ جواب کے لئے $\lceil x\rceil$ کی (خاکہ 1.26) ترسیم دیکھیں۔

مثال 9.4

فرض کریں $f(x)=\begin{cases}x+1, & x>0\\ x-1, & x<0\end{cases}$

کے حد کی موجودگی $x\to 0$ کی تصدیق کیجئے۔

حل

تفاعل کو خاکہ 9.12 میں ترسیم کیا گیا ہے۔

واضح طور پر $\lim_{x\to 0^-}f(x)=-1$ اور $\lim_{x\to 0^+}f(x)=1$ چونکہ یہ حدود مختلف ہیں۔

$\lim_{x\to 0}f(x)$ غیر موجود ہے



9.12 خاکہ

مثال 9.5

جانچ کیجئے کہ $\lim_{x\to -5}f(x)$ موجود یا غیر موجود، جہاں $f(x)=\begin{cases}\dfrac{|x+5|}{x+5}, & x\neq -5 \text{ کے لئے}\\ 0, & x=-5 \text{ کے لئے}\end{cases}$

حل

(i) $f(-5^-)$

$x<-5,\ |x+5|=-(x+5)$ کے لئے

یعنی $f(-5^-)=\lim_{x\to -5^-}\dfrac{-(x+5)}{(x+5)}=-1$

(ii) $f(-5^+)$

$x>-5,\ |x+5|=(x+5)$ کے لئے

یعنی $f(-5^+)=\lim_{x\to -5^+}\dfrac{(x+5)}{(x+5)}=1$

نوٹ کریں، $f(-5^+)\neq f(-5^-)$ لہذا حد غیر موجود ہے

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 94 21-02-2023 16:09:37

مثال 9.6

حد کی موجودگی کی جانچ کریں، $\lim_{x\to 1}\frac{4|x-1|+x-1}{|x-1|}$، $x\neq 1$.

حل

$x>1$ کے لئے، $|x-1|=x-1$ اور $f(1^+)=\lim_{x\to 1^+}\frac{4(x-1)+x-1}{x-1}=\lim_{x\to 1^+}\frac{5(x-1)}{(x-1)}=5$

$x<1$ کے لئے، $|x-1|=-(x-1)$ اور $f(1^-)=\lim_{x\to 1^-}\frac{-4(x-1)+(x-1)}{-(x-1)}=\lim_{x\to 1^-}\frac{3(x-1)}{(x-1)}=3$

یعنی $f(1^-)\neq f(1^+)$ اور لہٰذا حد غیر موجود ہیں

مشق 9.1

مسائل 1-6 میں، جدول کا استعمال کرتے ہوئے حد کی قیمت کا اندازہ لگائیں۔

(1) $\lim_{x\to 2}\frac{x-2}{x^2-x-2}$

x	1.9	1.99	1.999	2.001	2.01	2.1
$f(x)$	0.344820	0.33444	0.33344	0.333222	0.33222	0.332258

(2) $\lim_{x\to 2}\frac{x-2}{x^2-4}$

x	1.9	1.99	1.999	2.001	2.01	2.1
$f(x)$	0.25641	0.25062	0.250062	0.24993	0.24937	0.24390

(3) $\lim_{x\to 0}\frac{\sqrt{x+3}-\sqrt{3}}{x}$

x	-0.1	-0.01	-0.001	0.001	0.01	0.1
f(x)	0.2911	0.2891	0.2886	0.2886	0.2885	0.28631

(4) $\lim_{x\to -3}\frac{\sqrt{1-x}-2}{x+3}$

x	-3.1	-3.01	-3.00	-2.999	-2.99	-2.9
$f(x)$	-0.24845	-0.24984	-0.24998	-0.25001	-0.25015	-0.25158

(5) $\lim_{x\to 0}\frac{\sin x}{x}$

x	-0.1	-0.01	-0.001	0.001	0.01	0.1
$f(x)$	0.99833	0.99998	0.99999	0.99999	0.99998	0.99833

(6) $\lim_{x\to 0}\frac{\cos x-1}{x}$

x	-0.1	-0.01	-0.001	0.0001	0.01	0.1
$f(x)$	0.04995	0.0049999	0.0004999	–0.0004999	–0.004999	–0.04995

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 95 21-02-2023 16:09:38

مشق کے مسائل 7 - 15 میں، ترسیم کو استعمال کرکے حدود معلوم کریں(اگر یہ موجود ہے)۔ اگر حد غیر وجود ہو تو،اس کی وضاحت کریں ؟

(7) $\lim_{x\to 3}(4-x)$



خاکہ 9.13

(8) $\lim_{x\to 1}(x^2+2)$



خاکہ 9.14

(9) $\lim_{x\to 2} f(x)$

جہاں $f(x)=\begin{cases}4-x, & x\neq 2\\ 0, & x=2\end{cases}$



خاکہ 9.15

(10) $\lim_{x\to 1} f(x)$

جہاں $f(x)=\begin{cases}x^2+2, & x\neq 1\\ 1, & x=1\end{cases}$



خاکہ 9.16

(11) $\lim_{x\to 3}\frac{1}{x-3}$



خاکہ 9.17

(12) $\lim_{x\to 5}\frac{|x-5|}{x-5}$



خاکہ 9.18

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 96 21-02-2023 16:09:39

$\lim_{x\to 1} \sin \pi x$ (13)



9.19 خاکہ

$\lim_{x\to 0} \sec x$ (14)



9.20 خاکہ

$\lim_{x\to \frac{\pi}{2}} \tan x$ (15)



9.21 خاکہ

f کی ترسیم کا خاکہ بنائے، پھر x_0 کی قیمتوں کو نشاندہی کریں جس کا $\lim_{x\to x_0} f(x)$ موجود ہوں۔

$$f(x) = \begin{cases} x^2, & x \le 2 \\ 8-2x, & 2 < x < 4 \\ 4, & x \ge 4 \end{cases} \quad (16)$$

$$f(x) = \begin{cases} \sin x, & x < 0 \\ 1-\cos x, & 0 \le x \le \pi \\ \cos x, & x > \pi \end{cases} \quad (17)$$

(81) تفاعل f کی ترسیم کا خاکہ بنائے جو دی گئی قیمتوں کو مطمئن کرتا ہے:

(i) $f(0)$ غیر واضح ہے

$\lim_{x\to 0} f(x) = 4$

$f(2) = 6$

$\lim_{x\to 2} f(x) = 3$

(ii) $f(-2) = 0$

$f(2) = 0$

$\lim_{x\to -2} f(x) = 0$

$\lim_{x\to 2} f(x)$ غیر موجود ہے

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 97 21-02-2023 16:09:39

(19) علامت $\lim_{x\to 8} f(x) = 25$ کے مطلب کا مختصر وضاحت کریں۔

(20) اگر $f(2) = 4$ ہے، کیا آپ $f(x)$ کی حد کے بارے میں کچھ x نتیجہ اخذ کرسکتے ہیں جبکہ x کی قیمت 2 کے قریب پہنچتا ہے۔

(21) اگر $f(x)$ کی حد 4 ہو جبکہ x کی قیمت 2 کے قریب پہنچتا ہے۔ کیا آپ $f(2)$ کے بارے میں کچھ اخذ کرسکتے ہیں اس کی وضاحت کریں۔

(22) محسوب کریں: $f(3^-)$ اور $f(3^+)$ معلوم کریں اگر یہ $\lim_{x\to 3}\frac{x^2-9}{x-3}$ موجود ہو۔

(23) $\lim_{x\to 1} f(x)$ کی موجدگی کی وضاحت کرو، جہاں $f(x) = \begin{cases} \frac{|x-1|}{x-1}, & \text{کے لئے } x \neq 1 \\ 0, & \text{کے لئے } x = 1 \end{cases}$

9.2.3 حدوں پر نظریات (Theorems on limits)

پچھلے حصّہ میں غیر رسمی بحث کا مقصد حد کے موجودگی یا غیر موجودگی کی الہامی گرفت حاصل کرناتھا۔ تاہم، عملی قیمتوں کے ترسیم یا جدول کی بنیاد پر کسی حد کے موجدوگی کے بارے میں کسی نتیجے پر پہنچنا ہر صورت میں نہ تو مطلوب ہے اور نہ ہی عملی۔ ہمیں کسی حد تک میکانیکی انداز میں کسی حد کا اندازہ کرنے، یا اس کے عدم موجودگی کو سمجھ نے کے قابل ہونا چاہیے۔ اس حصّے میں جن نظریات پر غور کریں گے وہ اس طرح کہ ذرائع کو قائم کرتے ہیں۔ان نظریات کے ثبوت زیادہ تکنیکی ہیں اور اس نصابی کتاب کے دائرہ کار سے باہر ہیں۔

تشریح 1.9 میں، ہم نے یہ نتیجہ اخذ $\lim_{x\to 2}(x^2+3) = 2^2+3 = 7$ کیا۔ یعنی جب کی قیمت 2 کے قریب پہنچتا ہے تو $f(x) = x^2+3$ کی $f(x)$ حد کی تشخیص $x = 2$ پر مساوی ہے۔ [یعنی $f(2)$]۔ تاہم تشخیص کا یہ عمل، جیسا کہ پہلے بتایاگیا، ہمیشہ کام نہیں کریگا کیونکہ $f(x)$ کی وضاحت بھی x_0 پر نہیں کی جاسکتی ہے۔ بہرحال، یہ درست ہے کہ f ایک کثیر رقمی ہے، تو یہ ہمیشہ تشخیص کے ذریعے حد کا حساب لگانا ممکن ہے۔

مسئلہ 9.1

فرض کریں کہ $P(x) = a_0 + a_1x + a_2x^2 + \cdots + a_nx^n$ ایک کثیر رقمی ہے، جہاں $a_0, a_1, \cdots, a_n$ حقیقی اعداد ہیں اور n ایک مقررہ مثبت عدد ہو تو

$$\lim_{x\to x_0} P(x) = a_0 + a_1x_0 + a_2x_0^2 + \cdots + a_nx_0^n = P(x_0).$$

مثال 9.7

$\lim_{x\to 3}(x^3 - 2x + 6)$. قیمت معلوم کرو۔

حل

$P(x) = x^3 - 2x + 6$ ایک کثیر رقمی ہے

لہذا $\lim_{x\to 3} P(x) = P(3) = 3^3 - 2\times 3 + 6 = 27$

مثال 9.8

کسی بھی حقیقی عدد x_0 کے لئے $\lim_{x\to x_0}(5)$ کی قیمت معلوم کرو۔

حل

$f(x) = 5$ ایک کثیر رقمی ہے (درجہ 0 ہے)

لہذا $\lim_{x\to x_0}(5) = f(x_0) = 5$

ایک مستقل تفاعل کا حد مستقل ہے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 98 21-02-2023 16:09:40

مسئلہ 9.2

فرض کریں کہ I ایک کھلا وقفہ ہے۔ جس میں $x_0 \in$. ہے۔

فرض کریں $f, g : I \to$.

فرض کریں کہ c ایک مستقل اور حدود $\lim_{x\to x_0} f(x)$ اور $\lim_{x\to x_0} g(x)$ موجود ہیں۔ تو $\lim_{x\to x_0}[f(x)+g(x)], \lim_{x\to x_0}(cf(x))$،

$\lim_{x\to x_0}[f(x)-g(x)]$، $\lim_{x\to x_0}[f(x)g(x)]$ اور $g(x)\neq 0$، $\lim_{x\to x_0}\frac{f(x)}{g(x)}$ سبوجود ہیں۔ مزید یہ کہ،

(i) $\lim_{x\to x_0} cf(x) = c\lim_{x\to x_0} f(x)$،

(ii) $\lim_{x\to x_0}[f(x)\pm g(x)] = \lim_{x\to x_0} f(x) \pm \lim_{x\to x_0} g(x)$

(iii) $\lim_{x\to x_0}[f(x).g(x)] = \lim_{x\to x_0} f(x) . \lim_{x\to x_0} g(x)$ اور

(iv) $\lim_{x\to x_0} \frac{f(x)}{g(x)} = \frac{\lim_{x\to x_0} f(x)}{\lim_{x\to x_0} g(x)}$، فراہم $\lim_{x\to x_0} g(x) \neq 0$.

ان نتائج کو تفاعلات کے کسی بھی محدود تعداد تک بڑایا جاسکتا ہے۔ □

مثال 9.9

محسوب کرو: (i) $\lim_{x\to 8}(5x)$ (ii) $\lim_{x\to -2}\left(-\frac{3}{2}x\right)$

حل

(i) $\lim_{x\to 8}(5x) = 5\lim_{x\to 8}(x) = 5\times 8 = 40$

(ii) $\lim_{x\to -2}\left(-\frac{3}{2}x\right) = -\frac{3}{2}\lim_{x\to -2}(x) = \left(-\frac{3}{2}\right)(-2) = 3$

مثال 9.10

محسوب کرو $\lim_{x\to 0}\left[\frac{x^2+x}{x}+4x^3+3\right]$

حل

$$\lim_{x\to 0}\left[\frac{x^2+x}{x}+4x^3+3\right] = \lim_{x\to 0}\left(\frac{x^2+x}{x}\right) + \lim_{x\to 0}(4x^3+3)$$

$$= \lim_{x\to 0}(x+1) + \lim_{x\to 0}(4x^3+3)$$

$$= (0+1)+(0+3)$$

$$= 4.$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 99 21-02-2023 16:09:42

مثال 9.11

محسوب کرو $\lim_{x\to -1}(x^2-3)^{10}$

حل

$$\lim_{x\to -1}(x^2-3) = 1-3 = -2.$$

اس لئے, $\lim_{x\to -1}(x^2-3)^{10} = \lim_{x\to -1}(x^2-3)\,(x^2-3)...(x^2-3)$ (10 مرتبہ)

$$= \lim_{x\to -1}(x^2-3)\lim_{x\to -1}(x^2-3)...\lim_{x\to -1}(x^2-3) \text{ (10 مرتبہ)}$$

$$= \left[\lim_{x\to -1}(x^2-3)\right]^{10} = (-2)^{10} = 2^{10} = 1024.$$

نوٹ کریں $\lim_{x\to -1}(x^2-3)^{10} = \left[\lim_{x\to -1}(x^2-3)\right]^{10}$.

مسئلہ 9.3

اگر $\lim_{x\to x_0} f(x)$ موجود ہو تو $\lim_{x\to x_0}[f(x)]^n$ موجود ہے اور $\lim_{x\to x_0}[f(x)]^n = \left[\lim_{x\to x_0} f(x)\right]^n$

مثال 9.12

محسوب کرو۔ $\lim_{x\to -2}(x^3-3x+6)\ (-x^2+15)$

حل

$$\lim_{x\to -2}(x^3-3x+6) = (-2)^3 - 3(-2) + 6 = -8+6+6 = 4$$

$$\lim_{x\to -2}(-x^2+15) = -(-2)^2 + 15 = -4+15 = 11$$

$$\lim_{x\to -2}(x^3-3x+6)\,(-x^2+15) = \lim_{x\to -2}(x^3-3x+6)\lim_{x\to -2}(-x^2+15) = 4\times 11 = 44.$$

مثال 9.13

محسوب کرو۔ $\lim_{x\to 3}\dfrac{(x^2-6x+5)}{x^3-8x+7}$.

حل

$$\lim_{x\to 3}(x^2-6x+5) = 3^2 - 6\times 3 + 5 = -4$$

$$\lim_{x\to 3}(x^3-8x+7) = 3^3 - 8\times 3 + 7 = 10 \neq 0.$$

اس لئے، $\lim_{x\to 3}\dfrac{(x^2-6x+5)}{x^3-8x+7} = \dfrac{\lim_{x\to 3}(x^2-6x+5)}{\lim_{x\to 3}(x^3-8x+7)} = \dfrac{-4}{10} = -\dfrac{2}{5}$

احتیاط

اگر $\lim_{x\to x_0} g(x) = 0$ خارج قسمت کے لئے اس حد کا نظریہ استعمال نہ کریں۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 100 21-02-2023 16:09:42

مثال 9.14

$\lim\limits_{x\to 1}\dfrac{\sqrt{x}-1}{x-1}$ حسوب کریں۔

حل

یہاں $\lim\limits_{x\to 1}(x-1)=0$ ۔ ایسی صورتوں میں، شمار کنندہ کو ناطق بناتے ہیں۔

$$\lim_{x\to 1}\frac{\sqrt{x}-1}{x-1}=\lim_{x\to 1}\frac{(\sqrt{x}-1)}{(\sqrt{x}-1)(\sqrt{x}+1)}=\lim_{x\to 1}\frac{1}{\sqrt{x}+1}=\frac{\lim\limits_{x\to 1}(1)}{\lim\limits_{x\to 1}\left(\sqrt{x}+1\right)}=\frac{1}{2}.$$

مثال 9.15

$\lim\limits_{t\to 0}\dfrac{\sqrt{t^2+9}-3}{t^2}$ معلوم کریں

حل

ہم فوری طور پر خارج قسمت کا مسئلہ کو لاگو نہیں کرسکتے ۔ الجبرائی تکنیک کو استعمال کر کے شمار کنندہ کو ناطق اپنائے۔

$$\frac{\sqrt{t^2+9}-3}{t^2}=\frac{\left(\sqrt{t^2+9}-3\right)\left(\sqrt{t^2+9}+3\right)}{t^2\left(\sqrt{t^2+9}+3\right)}=\frac{t^2+9-9}{t^2\left(\sqrt{t^2+9}+3\right)}$$

$$\lim_{t\to 0}\frac{\sqrt{t^2+9}-3}{t^2}=\lim_{t\to 0}\frac{t^2}{t^2\sqrt{t^2+9}+3}=\lim_{t\to 0}\frac{1}{\sqrt{t^2+9}+3}=\frac{1}{\sqrt{9}+3}=\frac{1}{6}.$$

مسئلہ 9.4

$\lim\limits_{x\to a}\dfrac{x^n-a^n}{x-a}=na^{n-1}$ ۔

ثبوت

ہم جانتے ہیں کہ $x^n-a^n=(x-a)(x^{n-1}+x^{n-2}a+x^{n-3}a^2+\cdots+xa^{n-2}+a^{n-1})$

$$\begin{aligned}\lim_{x\to a}\frac{x^n-a^n}{x-a}&=\lim_{x\to a}\frac{(x-a)(x^{n-1}+x^{n-2}a+x^{n-3}a^2+\cdots+xa^{n-2}+a^{n-1})}{(x-a)}\\&=\lim_{x\to a}(x^{n-1}+x^{n-2}a+x^{n-3}a^2+\cdots+xa^{n-2}+a^{n-1})\\&=a^{n-1}+a^{n-1}+\cdots+a^{n-1}\ (\text{مرتبہ } n)\\\lim_{x\to a}\frac{x^n-a^n}{x-a}&=na^{n-1}.\end{aligned}$$

یہ کسی بھی ناطق عدد n کے لئے بھی درست ہے۔ □

مثال 9.16

$\lim\limits_{x\to 1}\dfrac{x^3-1}{x-1}$ محسوب کرو۔

حل

$$\lim_{x\to 1}\frac{x^3-1}{x-1}=\lim_{x\to 1}\frac{x^3-1^3}{x-1}=3(1)^{3-1}=3\ .$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 101 21-02-2023 16:09:43

مثال 9.17

$\lim\limits_{t\to 1}\dfrac{\sqrt{t}-1}{t-1}$ محسوب کرو۔

حل

$$\lim_{x\to 1}\frac{\sqrt{t}-1}{t-1}=\lim_{x\to 1}\frac{t^{\frac{1}{2}}-1^{\frac{1}{2}}}{t-1}=\frac{1}{2}(1)^{\frac{1}{2}-1}=\frac{1}{2}.$$

مثال 9.18

$\lim\limits_{x\to 0}\dfrac{(2+x)^5-2^5}{x}$ معلوم کرو

حل

$y=2+x$ درج کریں تاکہ $y\to 2$ جبکہ $x\to 0$ ہو۔

لہذا، $\lim\limits_{x\to 0}\dfrac{(2+x)^5-2^5}{x}=\lim\limits_{y\to 2}\dfrac{y^5-2^5}{y-2}=5(2^4)=80$

مثال 9.19

مثبت سالم عدد n کو معلوم کریں تاکہ $\lim\limits_{x\to 3}\dfrac{x^n-3^n}{x-3}=27$۔

حل

$$\lim_{x\to 3}\frac{x^n-3^n}{x-3}=n.3^{n-1}=27$$

یعنی $n.3^{n-1}=3\times 3^2=3\times 3^{3-1}\Rightarrow n=3$

مثال 9.20

a اور b کی درمیان تعلق معلوم کریں اگر $\lim\limits_{x\to 3}f(x)$ موجود ہے جہاں

حل

$$\lim_{x\to 3^-}f(x)=9a-4b+1$$

$\lim\limits_{x\to 3^+}f(x)=3a+b$۔اب حد کا وجود ہمیں پابند کرتا ہے۔

$$\lim_{x\to 3^-}f(x)=\lim_{x\to 3^+}f(x).$$

$$\Rightarrow\ 9a-4b+1=3a+b$$

$$\Rightarrow\ 6a-5b+1=0.$$

مشق 9.2

درج ذیل محدود کی قیمتیں معلوم کرو:

(1) $\lim\limits_{x\to 2}\dfrac{x^4-16}{x-2}$

(2) $\lim\limits_{x\to 1}\dfrac{x^m-1}{x^n-1}$، m اور n سالم عدد ہیں۔

(3) $\lim\limits_{\sqrt{x}\to 3}\dfrac{x^2-81}{\sqrt{x}-3}$

(4) $\lim\limits_{h\to 0}\dfrac{\sqrt{x+h}-\sqrt{x}}{h}, x>0$

(5) $\lim\limits_{x\to 5}\dfrac{\sqrt{x+4}-3}{x-5}$

$\lim_{x\to 2}\frac{\frac{1}{x}-\frac{1}{2}}{x-2}$ (6)

$\lim_{x\to 1}\frac{\sqrt{x}-x^2}{1-\sqrt{x}}$ (7)

$\lim_{x\to 0}\frac{\sqrt{x^2+1}-1}{\sqrt{x^2+16}-4}$ (8)

$\lim_{x\to 0}\frac{\sqrt{1+x}-1}{x}$ (9)

$\lim_{x\to 1}\frac{\sqrt[3]{7+x^3}-\sqrt{3+x^2}}{x-1}$ (10)

$\lim_{x\to 2}\frac{2-\sqrt{x+2}}{\sqrt[3]{2}-\sqrt[3]{4-x}}$ (11)

$\lim_{x\to 0}\frac{\sqrt{1+x^2}-1}{x}$ (12)

$\lim_{x\to 0}\frac{\sqrt{1-x}-1}{x^2}$ (13)

$\lim_{x\to 5}\frac{\sqrt{x-1}-2}{x-5}$ (14)

$\lim_{x\to a}\frac{\sqrt{x-b}-\sqrt{a-b}}{x^2-a^2}(a>b)$ (15)

9.2.4 لامتناہی حدود اور لامتناہی پر حدود (Infinite limits and limits at infinity)

لامتناہی حدود

فرض کریں $f=\mathbb{R}\setminus\{0\}\to\mathbb{R}$ کی تعاریف $f(x)=\frac{1}{x^2}$ ہے۔

فرض کریں کہ $\lim_{x\to 0}\frac{1}{x^2}$ کو محسوب کرنے کے لئے مسئلے پر غور کریں۔

مندرجۂ ذیل جدول سے $\frac{1}{x^2}$ کی قیمت 0 کے قریب دیتا ہے۔

$x\to 0^+$			$x\to 0^-$		
x	x^2	$\frac{1}{x^2}$	x	x^2	$\frac{1}{x^2}$
1	1	1	−1	1	1
0.5	0.25	4	− 0.5	0.25	4
0.1	0.01	100	− 0.1	0.01	100
0.01	0.0001	10,000	− .01	0.0001	10,000
0.001	0.000001	10,00,000	− 0.001	0.000001	10,00,000
0.0001	0.00000001	10,00,00,000	− 0.0001	0.00000001	10,00,00,000

جدول کی قیمتیں ہمیں بتاتی ہیں کہ جیسے جیسے x کی قیمت 0 کے قریب آتا ہے، $f(x)=\frac{1}{x^2}$ بڑھتا جاتا ہے۔ درحقیقت $\frac{1}{x^2}$ بغیر کسی شرط کے بڑھتا ہے کیونکہ x دونوں طرف سے 0 کے قریب پہنچتا ہے۔ اس صورت حال میں ہم کہتے ہیں کہ جب x کی قیمت صفر کے قریب پہنچتا ہے تو $f(x)$ لامتناہی کی طرف جاتا ہے اور $\frac{1}{x^2}\to\infty$ کو $x\to 0^-$ کی طرح اور $\frac{1}{x^2}\to\infty$ کو $x\to 0^+$ کی طرح لکھتے ہیں اور لہذا $\frac{1}{x^2}\to\infty$، $x\to 0$ کی طرح ہے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 103 21-02-2023 16:09:44

ہندسی طور پر، $x = 0$ یعنی $y-$ محور کے منحنی کا عمودی متقارب ہے جو $f(x) = \frac{1}{x^2}$ کی نمائندگی کرتا ہے۔



9.22 خاکہ

تفاعل $f(x) = \frac{1}{x^2}$ کا ترسیم خاکہ 9.22 میں دکھایا گیا ہے۔

یاد رکھیں کہ حد لامتناہی ہے اوراس طرح $\lim_{x \to 0} \frac{1}{x^2}$ غی ر موجود ۔ طلباء کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ $f(x) = \frac{1}{x^2}$ کے اس رویے کی علامت∞ ہے اور یہ کوئی نئ عدد نہیں ہے۔



9.23 خاکہ

اسی طرح اگر ہم دیکھیں $f(x) = \frac{1}{x}$ ،

یہ دیکھنا آسان ہے کہ، $\frac{1}{x} \to -\infty$ جبکہ $x \to 0^-$ اور $\frac{1}{x} \to -\infty$ جبکہ $x \to 0^+$

جو ہندسی طور پر $f(x) = \frac{1}{x}$ کے ترسیم سے واضح ہے (خاکہ 9.23)

عام طور پر ہمارے پاس مند رجہ ذیل الہامی تعارفیں ہیں۔

تعریف 9.4

دئے گئے $M > 0$ کے لئے، کھلے وقفے (M, ∞) کو ∞ کا قریبی (neighbourhood) کہاجاتا ہے۔ اس طرح، دئے گئے $K < 0$ کے لئے ، $(K, -\infty)$ کے کھلے وقفوں کو $-\infty$ کا قریبی کہا جاتاہے۔

تعریف 9.5

ہم کہتے ہیں ،جب کی x قیمت x_0 کے قریب پہنچتا ہے تو $f(x) \to \infty$ اور اگر دئے گئے مثبت عدد کے لئے قریبی ہے جب x_0 کا قریبی x ہوتا ہے $f(x) > M$ ۔ یعنی، $f(x) \in (M, \infty)$ ۔

اس طرح جب x کی قیمت x_0 کے قریب ہوتا ہے تو $f(x) \to -\infty$ ، اگر دئے گئے $K < 0$ کے لئے x_0 قریبی ہے جیسے کہ x_0 کا قریبی x ہو، $f(x) < K$ ۔ یعنی، $f(x) \in (-\infty, K)$ ۔

اس صورت حال کو علامتی طور پر بیان کرنے کے لئے ہم لکھتے ہیں۔

$f(x) \to \infty$ جبکہ $x \to x_0$

$f(x) \to -\infty$ جبکہ $x \to x_0$

$f(x) \to \infty$ جبکہ $x \to x_0^-$

$f(x) \to -\infty$ جبکہ $x \to x_0^+$

اور $f(x) \to \infty$ جبکہ $x \to x_0^+$

$f(x) \to -\infty$ جبکہ $x \to x_0^-$

لامتناہی حدود کہلاتی ہے۔ اگر مندرجہ بالا شرائط میں سے کوئی ایک ہوتو حد $x = x_0$ ایک $f(x)$ کے ترسیم کے لئے **عمودی متقارب** ہے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 104 21-02-2023 16:09:45

مثال 9.21

$\lim\limits_{x\to 0}\dfrac{1}{(x^2+x^3)}$ محسوب کرو

حل

کوئی بھی 0 (دونوں طرف سے) کے قریب x کی قیمتوں کو جدول کر سکتا ہے اور یہ نتیجہ اخذ کر سکتا ہے کہ $f(x)=\dfrac{1}{(x^2+x^3)}$ بغیر کسی شرط کے بڑھتا ہے اور اس لئے $f(x)\to\infty$ جبکہ $x\to 0$

جدول بنائے بغیر حد کا حساب لگانے کے لئے، ہم پہلے شمارکنندہ اور قطب نما کو x^2 سے تقسیم کرتے ہیں۔ یہ تقسیم ہو سکتی ہے، جو حد کو محسوب کرنے پر $x\neq 0$ اور اس طرح $x^2\neq 0$ ہے۔ ہمارے پاس ہے

$$\lim_{x\to 0}\frac{1}{x^2+x^3}=\lim_{x\to 0}\frac{\frac{1}{x^2}}{\frac{x^2+x^3}{x^2}}=\frac{\lim\limits_{x\to 0}\left(\frac{1}{x^2}\right)}{\lim\limits_{x\to 0}(1+x)}.$$

اب $\dfrac{1}{x^2}\to\infty$ جبکہ $x\to 0$ اور $\lim\limits_{x\to 0}(1+x)=1$

اس طرح شمارکنندہ بغیر کسی شرط کے بڑھتا ہے اور نسب نما '1' کے قریب پہنچتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ $\dfrac{1}{(x^2+x^3)}$ لامتناہی کے طرف جاتا ہے۔

یہ مثال بتاتی ہے کہ کس طرح ایک مشکل حساب کو چند الجبرائی سلجھاؤ سے بہت آسان بنایا جا سکتا ہے۔

مثال 9.22

$\lim\limits_{x\to 2}\dfrac{1}{(x-2)^3}$ قیمت معلوم کرو۔

حل

ترسیم سے $f(x)=\dfrac{1}{(x-2)^3}$،

واضح طور، $\dfrac{1}{(x-2)^3}\to-\infty$ جبکہ $x\to 2^-$ اور

$\dfrac{1}{(x-2)^3}\to\infty$ جبکہ $x\to 2^+$

لہذا حد غیر موجود ہے۔



9.24 خاکہ

عام طور پر

(i) اگر n ایک مثبت جفت سالم عدد ہے تو

$\dfrac{1}{(x-a)^n}\to\infty$ جبکہ $x\to a$

$\dfrac{1}{(x-a)^n}\to\infty$ جبکہ $x\to a^-$

$\dfrac{1}{(x-a)^n}\to\infty$ جبکہ $x\to a^+$

خط $x=a$ ایک عمودی علامت بن جاتی ہے۔

(ii) n طاق مثبت سالم عدد ہے تو

$\dfrac{1}{(x-a)^n}\to-\infty$ جبکہ $x\to a^-$

$\dfrac{1}{(x-a)^n}\to+\infty$ جبکہ $x\to a^+$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 105 21-02-2023 16:09:46

9.2.5 لامتناہی پر حدود (Limits at infinity)

پچھلے حصّے میں ہم نے لامتناہی اور عمودی علامات کی چھان بین کی۔ جہاں ہم نے x کو ایک محدود تک پہنچنے دیا اور نتیجہ یہ نکلا کہ y کی قسمیں اختیار طور پر بڑھی ہوگئی (اعلیٰ مثبت یااعلیٰ منفی)۔ اس حصہ میں ، ہم x کو اختیار ی طور پر بڑابننے دیتے ہیں (مثبت یاامنفی) اور دیکھتے ہیں y کہ کیا ہوتا ہے۔

آئے $f(x)=\dfrac{x^2-1}{x^2+1}$ کے رویے کی چھان بین کرتے ہوئے شروع کرتے ہیں جو

$f:\mathbb{R}\to\mathbb{R}$ سے وضاحت کی گئی ہے جبکہ x بڑا ہوجاتا ہے۔

ہم جدول سے تفاعل کی قیمت معلوم کرسکتے ہیں

x	$f(x)$
0	-1
±1	0
±2	0.6000000
±3	0.800000
±4	0.882353
±5	0.923077
±10	0.980198
±50	0.999200
±100	0.999800
±1000	0.999998

جب x بڑا سے بڑا ہوجاتاہے(اعلیٰ مثبت یااعلیٰ منفی)آپ دیکھ سکتے ہیں کہ $f(x)$ کی قیمت '1' کے قریب آجاتی ہے۔ درحقیقت ، ایسا لگتا ہے کہ ہم x کو کافی بڑا لے کر $f(x)$ کی قیمتوں کو '1' کے قریب کرسکتے ہیں۔ اس صورت حال کا اظہار علامتی طور تحریر کے ذریعے کیا جاتاہے۔

$$\lim_{x\to\pm\infty}\frac{x^2-1}{x^2+1}=1.$$

اگر ہم ترسیم کو دیکھیں

ہندسی طور پر (خاکہ 9.25 دیکھیں) یہ صورت حال بھی ہمیں اس کئی طرف لے جاتی ہے۔



خاکہ 9.25

تعریف 9.6

خط $y=l$ کو منحنی $y=f(x)$ کی **افقی متقارب** کہاجاتا ہے اگر

$\lim_{x\to-\infty}f(x)=l$ یا $\lim_{x\to+\infty}f(x)=l$ ۔

تشریح 9.4

اگر $f:\mathbb{R}\to\left[-\dfrac{\pi}{2},\dfrac{\pi}{2}\right]$ کی تعارف $f(x)=\tan^{-1}x$ ہے تو

$\lim_{x\to\infty}f(x)$ اور $\lim_{x\to-\infty}f(x)$ معلوم کریں۔

حل

اگر ہم $y=\tan^{-1}x$ کی ترسیم کو دیکھیں

$$\lim_{x\to-\infty}\tan^{-1}x=-\frac{\pi}{2},$$

$$\lim_{x\to+\infty}\tan^{-1}x=\frac{\pi}{2}.$$



خاکہ 9.26

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 106 21-02-2023 16:09:48

تشریح 9.5

$\lim\limits_{x\to\infty}\dfrac{2x^2-2x+3}{x^2+4x+4}$ محسوب کرو۔

حل

اگر ہم اس حد کو شمار کرنے کے لئے حد کے نظریات کو استعمال کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں تو ہم درج ذیل حالات میں ختم ہوتے ہیں۔

$x\to\infty$ جبکہ $\left(2x^2-2x+3\right)\to\infty$

$x\to\infty$ جبکہ $\left(x^2+4x+4\right)\to\infty$

$\lim\limits_{x\to\infty}\left(\dfrac{2x^2-2x+3}{x^2+4x+4}\right)=\dfrac{\infty}{\infty}$ جیسے غیر متعین (indeterminate) شکل کہا جاتا ہے۔

لیکن اصلی حساب اور جدول مندرجہ ذیل دیتا ہے:

x	$2x^2-2x+3$	x^2+4x+4	$\dfrac{2x^2-2x+3}{x^2+4x+4}$
1	3	9	0.3333
10	183	144	1.27083
100	19803	10404	1.90340
1000	1998003	1004004	1.99003
10000	199980003	100040004	1.99900

جدول کی قیمتیں ظاہر کرتی ہیں کہ جیسے جیسے x کافی بڑا ہوجاتا ہے، $f(x)$ کی قیمت 2 کے قریب ہوتا جاتا ہے۔یعنی،

$\lim\limits_{x\to\infty}\dfrac{2x^2-2x+3}{x^2+4x+4}$۔

اتفاق سے ہم شمارکنندہ اور نسب نما کو سے تقسیم کرکے مسئلہ کو آسان بنا سکتے x^2 ہیں۔ ہمارے پاس

$$\lim_{x\to\infty}\frac{2x^2-2x+3}{x^2+4x+4}=\lim_{x\to\infty}\left(\frac{2-\frac{2}{x}+\frac{3}{x^2}}{1+\frac{4}{x}+\frac{4}{x^2}}\right)$$

$$=\frac{2-0+0}{1+0+0}\quad\left(\text{چونکہ } x\to\infty \text{ جبکہ } \frac{1}{x}\to 0\text{ ، } x\to\infty \text{ جبکہ } \frac{1}{x^2}\to 0\right)$$

$$=2.$$

نوٹ کریں کہ شمار کنندہ ار نصب نما دونوں عبارتوں کے درجے مساوی ہیں۔

عام طور پر، ناطق عبارتوں کی حددوجبکہ $x\to\pm\infty$ ہو تو پہلے شمارکنندہ اور نصب نما دونوں کو کی سب بڑی قوتی عدد جو نسب نما میں پائی جاتی ہے اور اس کے تقسیم کرکے حاسل کیا جاتا ہے اور پھر شمارکنندہ اور نصب نما دونوں کو $x\to\infty$ (یا $x\to-\infty$) کے طور پر حد کا حساب لگایاجاتاہے۔

مثال 9.23

$\lim\limits_{x\to\infty}\dfrac{x^3+2x+3}{(5x^2+1)}$ محسوب کیجئے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 107 21-02-2023 16:09:48

حل

x^2 سے تقسیم کرنے پر

$$\lim_{x\to\infty}\frac{x^3+2x+3}{(5x^2+1)}=\lim_{x\to\infty}\frac{x+\frac{2}{x}+\frac{3}{x^2}}{5+\frac{1}{x^2}}\to\infty$$

یعنی $\lim_{x\to\infty}\frac{x^3+2x+3}{(5x^2+1)}\to\infty$ ، جبکہ $x\to\infty$

دوسرے لفظ میں ، حد غیر موجود ہے۔

نوٹ کریں کہ شمار کنندہ کی درجہ نصب نما سے بڑھ کر ہے۔

مثال 9.24

$\lim_{x\to\infty}\frac{1-x^3}{3x+2}$ محسوب کرو۔

حل

x سے تقسیم کرنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے۔

$$\frac{1-x^3}{3x+2}=\frac{\frac{1}{x}-x^2}{3+\frac{2}{x}}\to-\infty \quad \text{جبکہ} \quad x\to\infty$$

لہذا حد غیر وجود ہے

9.2.6 ناطق تفاعلات کا حدود (Limits of rational functions)

اگر $R(x)=\frac{p(x)}{q(x)}$ اور کثیر رقمی $p(x)$ کا درجہ $q(x)$ کے درجہ سے بڑھ کر ہے، تو

$\frac{p(x)}{q(x)}\to+\infty$ یا $-\infty$ جبکہ $x\to\infty$۔

اگر $q(x)$ کا درجہ $p(x)$ درجہ سے بڑھ ہے ، تو

$$\lim_{x\to\infty}\frac{p(x)}{q(x)}=0.$$

آخر میں، اگر $p(x)$ کا درجہ کے $q(x)$ درجہ سے مساوی ہے، تو

$$\lim_{x\to\infty}\frac{p(x)}{q(x)}=\frac{p(x)\text{ میں اعلی قوت }x\text{ کا سر عدد}}{q(x)\text{ میں اعلی قوت }x\text{ کا سر عدد}}$$

تبصرہ (Remark)

ہم اس بات پر دوبارہ زور دیتے ہیں کہ $f(x)\to\infty$ جبکہ $x\to a$ ، $f(x)\to-\infty$ جبکہ $x\to a$ اور $f(x)\to\infty$ جبکہ $x\to\infty$ ، $f(x)\to-\infty$ جبکہ $x\to\infty$ جس کا مطلب حدود غیر موجود ہے ۔ علامت ∞ کسی عدد کی نمائندگی نہیں کرتی ہے اور اسے ایک عدد کے طور پر نہیں سمجھا جائے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 108 21-02-2023 16:09:50

9.2.7 حدوں کے اطلاق (Applications of limits)

مثال 9.25

شراب جسم سے پھیپھڑوں ، گردوں اور جگر میں کیمیائی عمل کے ذریعے خارج ہوتا ہے۔معتدل ارتکاز کی سطح پر ،شراب کو بنانے کا زیادہ رکام جگر کرتا ہے ۔شراب کا 5% سے کم، پھیپھڑوں اور گردوں سے خارج ہوتا ہے ۔شرح r جس پر جگر کے عمل سے شراب کو رد عمل کرتاہے اس کا تعلق خون کے شراب کا ارتکاز x سے ہوتا ہے جو کہ کچھ مثبت استحکام α اور β کے لئے $r(x)=\frac{\alpha x}{(x+\beta)}$ کا ناطق تفاعل کی عام شکل ہے ۔شراب کو ہٹانے کی ممکن شرح کو معلوم کریں۔

حل

جیسے جیسے شراب کا ارتکاز بڑھتا ہے ہٹانے کی شرح بڑھ جاتی ہے۔

لہذا، زیادہ خارج ہونے کی ممکن شرح $=\lim_{x\to\infty} r(x)$

$$=\lim_{x\to\infty}\frac{\alpha x}{x+\beta}=\lim_{x\to\infty}\frac{\alpha}{\left(1+\frac{\beta}{x}\right)}=\alpha.$$

9.2.8 سینڈوِچ مسئلہ (Sandwich Theorem)



9.27 خاکہ

سینڈوچ مسئلہ کو نچوڑ مسئلہ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے ۔ جیسا کہ خاکہ 9.27 میں دکھایاگیا ہے ،اگر x_0 کے قریب تمام x کے لئے $g(x)$ اور $h(x)$ کے درمیان $f(x)$ کو نچوڑیا سینڈوچ کہاجاتا ہے، اور اگر ہم جانتے ہیں کہ تفاعل g اور h کی ایک مشترکہ حد l ہے جبکہ $x\to x_0$ ہو، اس کی وجہ یہ ہے کہ f بھی l کے قریب پہنچتا ہے جبکہ $x\to x_0$ ہے۔

مسئلہ 9.5 (سینڈوِچ مسئلہ)

اگر $f,g,h:I\subseteq\mathbb{R}\to\mathbb{R}$ اس طرح کہ $g(x)\le f(x)\le h(x)$ جو I میں کوجود کے حذف شدہ قریبی میں تمام x کے لئے اور اگر

$\lim_{x\to x_0} g(x)=\lim_{x\to x_0} h(x)=l$ ، تو $\lim_{x\to x_0} f(x)=l$

مثال 9.26

آئن سٹن کے مسئلہ کی تعلق کے مطابق ، حرکت والے جسم کی کمیت m اور سمتی رفتار v جو $m=\frac{m_0}{\sqrt{1-\frac{v^2}{c^2}}}$، جہاں m_0 ابتدائی کمیت اور c روشنی کی رفتار ہے۔ m معلوم کرو جبکہ $v\to c^-$ ہے۔ بائیں ہاتھ کی حد کیوں ضروری ہے؟

حل

$$\lim_{v\to c^-}(m)=\lim_{v\to c^-}\frac{m_0}{\sqrt{1-\frac{v^2}{c^2}}}=\frac{m_0}{\sqrt{\lim_{v\to c^-}\left(1-\frac{v^2}{c^2}\right)}}$$

$h>0$ کے لئے، $c-h<v<c$ ۔ یہ واضح کرتا ہے، $(c-h)^2<v^2<c^2$ ۔

یعنی، $\frac{(c-h)^2}{c^2}<\frac{v^2}{c^2}<1$ ۔ یعنی، $\lim_{h\to0}\frac{(c-h)^2}{c^2}<\lim_{h\to0}\frac{v^2}{c^2}<\lim_{h\to0}1$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 109 21-02-2023 16:09:53

یعنی، $1 < \lim_{h\to 0}\frac{v^2}{c^2} < 1$ ۔ $1 < \lim_{v\to c^-}\frac{v^2}{c^2} < 1$ ۔ سینڈوچ مسئلہ کے ذریعے $\lim_{v\to c^-} = 1$ ۔

لہذا، $\lim_{v\to c^-}(m) \to \infty$

یعنی ، کمیت بہت بڑا قیمت (لامحدود) ہو جاتا ہے جبکہ $v \to c^-$

بائیں ہاتھ کی حد ضروری ہے ۔ ورنہ $1-\frac{v^2}{c^2} < 0$ جبکہ $v \to c^+$ بناتا ہے اور ہم کمیت کو معلوم نہیں کر سکتے۔

مثال 9.27

گرنے والی شئے کیسمتی رفتار ft/sec کو نمونہ کے ذریعے $r(t) = -\sqrt{\frac{32}{k}}\frac{1-e^{-2t\sqrt{32k}}}{1+e^{-2t\sqrt{32k}}}$ دیا گیا ہے ،جہاں k ایک مستقل جو شئے کی شکل اور ناپ پر منحصر ہے اور ہوا کی کثافت پر منحصر ہے ۔ شئے کی محدود سمتی رفتار معلوم کریں ۔ یعنی، $\lim_{t\to\infty} r(t)$ معلوم کریں۔

حل

$$\lim_{t\to\infty} r(t) = \lim_{t\to\infty} -\sqrt{\frac{32}{k}}\frac{1-e^{-2t\sqrt{32k}}}{1+e^{-2t\sqrt{32k}}}$$

$$= -\sqrt{\frac{32}{k}}\lim_{t\to\infty}\frac{1-e^{-2t\sqrt{32k}}}{1+e^{-2t\sqrt{32k}}}$$

$$= -\sqrt{\frac{32}{k}}\frac{(1-0)}{(1+0)} = -\sqrt{\frac{32}{k}}\ \text{ft/sec.}$$

مثال 9.28

فرض کرو کہ جانور کی آنکھ کے دیدے کی قطر دیا گیا $f(x) = \frac{160x^{-0.4}+90}{4x^{-0.4}+15}$ ہے ۔ جہاں x روشنی کی شدت اور $f(x)$، mm ہے۔ دیدے کی قطر معلوم کرو کہ (a) کم روشنی (b) زیادہ روشنی۔

حل

(a) کم روشنی حاصل کرنے کے لئے تفاعل کی حد معلوم کریں جب $x \to 0^+$

$$\lim_{x\to 0^+} f(x) = \lim_{x\to 0^+}\frac{160x^{-0.4}+90}{4x^{-0.4}+15} = \lim_{x\to 0^+}\frac{160+90x^{0.4}}{4+15x^{0.4}}$$

$$= \frac{160}{4} = 40\text{mm}\ .$$

(b) زیادہ روشنی کرنے کے لئے، تفاعل کی حد معلوم کریں کہ جب $x \to \infty$

$$\lim_{x\to\infty} f(x) = \lim_{x\to\infty}\frac{160x^{-0.4}+90}{4x^{-0.4}+15} = \frac{90}{15} = 6\text{mm}$$

یعنی دیدے کو 6 mm ناپنے کے حدود سے روشنی کی شدت بڑھ ہوگی۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 110 21-02-2023 16:09:55

مشق 9.3

(1) (a) بائیں اور دائیں حدود معلوم کرو $f(x)=\dfrac{x^2-4}{(x^2+4x+4)(x+3)}$ جبکہ $x=-2$

(b) $f(x)=\tan x$ جبکہ $x=\dfrac{\pi}{2}$

درج ذیل کی قیمتیں معلوم کرو

(2) $\lim\limits_{x\to 3}\dfrac{x^2-9}{x^2(x^2-6x+9)}$ (3) $\lim\limits_{x\to\infty}\dfrac{3}{x-2}-\dfrac{2x+11}{x^2+x-6}$ (4) $\lim\limits_{x\to\infty}\dfrac{x^3+x}{x^4-3x^2+1}$

(5) $\lim\limits_{x\to\infty}\dfrac{x^4-5x}{x^2-3x+1}$ (6) $\lim\limits_{x\to\infty}\dfrac{1+x-3x^3}{1+x^2+3x^3}$ (7) $\lim\limits_{x\to\infty}\left(\dfrac{x^3}{2x^2-1}-\dfrac{x^2}{2x+1}\right)$

(8) ثابت کرو کہ

(i) $\lim\limits_{n\to\infty}\dfrac{1+2+3+\ldots+n}{3n^2+7n+2}=\dfrac{1}{6}$ (ii) $\lim\limits_{n\to\infty}\dfrac{1^2+2^2+\ldots+(3n)^2}{(1+2+\ldots+5n)(2n+3)}=\dfrac{9}{25}$

(iii) $\lim\limits_{n\to\infty}\dfrac{1}{1.2}+\dfrac{1}{2.3}+\dfrac{1}{3.4}+\ldots+\dfrac{1}{n(n+1)}=1$

(9) ماہی گیری کی سائنس میں ایک اہم مسئلہ یہ ہے کہ اس وقت مچھلیوں کی تعداد کا اندازہ لگایا جاتا ہے اور معلومات کے تولیدی مدت کے دوران ندیوں میں واپس ہونے والی بالغ مچھلیوں کو محسوب کرنا ہے۔ S انڈے دینے کے تیار مچھلیاں بورٹن ہولٹ کے تولیدی تفاعل $R(S)=\dfrac{S}{(\alpha S+\beta)}$ سے جہاں α اور β مثبت مستقل ہے، ثابت کریں کہ اس تفاعل سے پکڑے جانے والے مچھلیوں کی تعداد جب کہ تولید کے لئے تیار مچھلیوں کی تعداد کا مستقل تقریباً بڑھتا ہوا ہو گا

(10) فرض کرو کہ ایک ٹینک میں 5000 لیٹر خالص پانی ہے۔ برائن (زیادہ نمکین پانی) کو تحلیل کرنے کے لئے 03 گرام نمک کو فی لیٹر پانی میں ایک منٹ میں 52 لیٹر پانی کے شرح سے ٹینک میں پمپ کیا جاتا ہے۔ t منٹ کے بعد میں (گرام پر لیٹر) نمک کے پانی کا تحلیل کو $C(t)=\dfrac{30t}{200+t}$ سے اظہار کریں تو $t\to\infty$ پر تحلیل کب پائے گا؟

مثال 9.29

$\lim\limits_{x\to 0}x^2\sin\left(\dfrac{1}{x}\right)$ قیمت معلوم کرو۔

حل

ہم جانتے ہیں کہ $-1\le\sin\dfrac{1}{x}\le 1\Rightarrow -x^2\le x^2\sin\dfrac{1}{x}\le x^2$

لینے پر $g(x)=-x^2, f(x)=x^2\sin\dfrac{1}{x}; h(x)=x^2$

اور $\lim\limits_{x\to 0}g(x)=\lim\limits_{x\to 0}(-x^2)=0$ تو

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 111 21-02-2023 16:09:56

$$\lim_{x\to 0} h(x) = \lim_{x\to 0}(x^2) = 0\,.$$

سینڈوچ مسئلہ سے

$$\lim_{x\to 0} x^2 \sin\left(\frac{1}{x}\right) = 0.$$

اگر ہم حد کے نظریات کو لاگو کرنے کا سہارا لیتے تو ہم غلط نتیجہ اخذ کرسکتے تھے۔یعنی

$$\lim_{x\to 0} x^2\left(\sin\frac{1}{x}\right) = \lim_{x\to 0}(x^2)\lim_{x\to 0}\left(\sin\frac{1}{x}\right)$$

اب $\lim_{x\to 0}\sin\frac{1}{x}$ غیر موجود ہے، $\lim_{x\to 0} x^2 = 0$ لہذا $\lim_{x\to 0} x^2 \sin\left(\frac{1}{x}\right)$ ہمیں مشکل میں لے جاتا ہے۔

نوٹ کریں کہ، اگر $a \le f(x) \le a$، تو $\lim_{x\to x_0} f(x) = a$.

مثال 9.30

$\lim_{x\to 0}\sin x = 0$ ثابت کرو۔

حل

چونکہ $-x \le \sin x \le x$ تمام $x \ge 0$ کے لئے

$$\lim_{x\to 0}(-x) = 0 \quad \text{اور}$$

$$\lim_{x\to 0}(x) = 0.$$

سینڈوچ مسئلہ سے

$$\lim_{x\to 0}\sin x = 0.$$

مثال 9.31

$\lim_{x\to 0^+} x\left[\left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor + \left\lfloor\frac{2}{x}\right\rfloor + \cdots + \left\lfloor\frac{15}{x}\right\rfloor\right] = 120$ ثابت کرو۔

حل

$$\frac{1}{x} - 1 \le \left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor \le \frac{1}{x} + 1$$

$$\frac{2}{x} - 1 \le \left\lfloor\frac{2}{x}\right\rfloor \le \frac{2}{x} + 1$$

$$\vdots$$

$$\frac{15}{x} - 1 \le \left\lfloor\frac{15}{x}\right\rfloor \le \frac{15}{x} + 1$$

جمع کرنے سے، ہمیں،

$$\frac{120}{x} - 15 \le \left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor + \left\lfloor\frac{2}{x}\right\rfloor + \cdots + \left\lfloor\frac{15}{x}\right\rfloor \le \frac{120}{x} + 15$$

$$120 - 15x \le x\left[\left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor + \left\lfloor\frac{2}{x}\right\rfloor + \cdots + \left\lfloor\frac{15}{x}\right\rfloor\right] \le 120 + 15x$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 112 21-02-2023 16:09:59

$$\lim_{x\to 0^+}(120-15x) \le \lim_{x\to 0^+} x\left[\left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor+\left\lfloor\frac{2}{x}\right\rfloor+\cdots+\left\lfloor\frac{15}{x}\right\rfloor\right] \le \lim_{x\to 0^+}(120+15x)$$

$$120 \le \lim_{x\to 0^+} x\left[\left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor+\left\lfloor\frac{2}{x}\right\rfloor+\cdots+\left\lfloor\frac{15}{x}\right\rfloor\right] \le 120$$

$$\lim_{x\to 0^+} x\left[\left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor+\left\lfloor\frac{2}{x}\right\rfloor+\cdots+\left\lfloor\frac{15}{x}\right\rfloor\right] = 120\,.$$

9.2.9 دو مخصوص علم مثلث کے حدود (Two special Trigonometrical limits)

نتیجہ 9.1

(a) $\lim_{\theta\to 0}\frac{\sin\theta}{\theta}=1$ (b) $\lim_{\theta\to 0}\frac{1-\cos\theta}{\theta}=0$

ثبوت

ہم قاطع دائرے سے نتیجہ کو ثابت کرسکتے ہیں ۔

فرض کریں کہ دائرے کا مرکز (0,0) اور نصف قطر 1 ہے ۔ د ائرے میں کوئی نقطہ $P(\cos\theta, \sin\theta)$



9.28 خاکہ



$\frac{\tan\theta}{2}$ مثلث کا رقبہ

9.29 خاکہ



$\frac{\theta}{2}$ قطاع دائرے کا رقبہ

9.30 خاکہ



$\frac{\sin\theta}{2}$ مثلث کا رقبہ

9.31 خاکہ

رقبہ کے خواص سے $\frac{\tan\theta}{2} \ge \frac{\theta}{2} \ge \frac{\sin\theta}{2}$

ہر ایک عبارتوں کو $\frac{2}{\sin\theta}$ ضرب سے $1 \ge \frac{\theta}{\sin\theta} \ge \frac{1}{\cos\theta}$ حاصل ہوتا ہے اور معکوس کرنے سے $\cos\theta \le \frac{\sin\theta}{\theta} \le 1$

کیونکہ $\cos(-\theta)=\cos\theta$ اور $\frac{\sin(-\theta)}{-\theta}=\frac{\sin\theta}{\theta}$ ۔ کوئی یہ نتیجہ اخذ کرسکتا ہے کہ ہم مساوات کھلے وقفے $\left(-\frac{\pi}{2},\frac{\pi}{2}\right)$ میں تمام غیر صفر θ کے لئے درست ہے۔

- ہم جانتے ہیں $\lim_{\theta\to 0}\cos\theta=1;\lim_{\theta\to 0}(1)=1$ اور سٹیذوچ مسئلہ کو استعمال کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے $\lim_{\theta\to 0}\frac{\sin\theta}{\theta}=1$

(b) $\lim_{\theta\to 0}\frac{1-\cos\theta}{\theta}=0$

$$1-\cos\theta = 2\sin^2\frac{\theta}{2}$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 113 21-02-2023 16:10:00

$$\frac{1-\cos\theta}{\theta} = \left(\sin\frac{\theta}{2}\right) \frac{\sin\left(\frac{\theta}{2}\right)}{\left(\frac{\theta}{2}\right)}$$

$$\lim_{\theta\to 0}\frac{1-\cos\theta}{\theta} = \lim_{\theta\to 0}\left(\sin\frac{\theta}{2}\right).\lim_{\theta\to 0}\left(\frac{\sin\frac{\theta}{2}}{\frac{\theta}{2}}\right)$$ لہٰذا،

$$= 0 \times 1 = 0.$$

9.2.10 چند مخصوص دوسرے حدود (Some important other limits)

نتیجہ 9.2

$$\lim_{x\to 0}\frac{e^x-1}{x}=1.$$

ثبوت

$$e^x = 1+\frac{x}{1!}+\frac{x^2}{2!}+\frac{x^3}{3!}+\ldots$$ (تواتر اور سلسلہ میں)

$$\lim_{x\to 0}\frac{e^x-1}{x} = \lim_{x\to 0}\left(\frac{\frac{x}{1!}+\frac{x^2}{2!}+\frac{x^3}{3!}+\ldots}{x}\right)$$

$$= \lim_{x\to 0}\left(1+\frac{x}{2!}+\frac{x^2}{3!}+\ldots\right)=1.$$

نتیجہ 9.3

$$\lim_{x\to 0}\frac{a^x-1}{x}=\log a,\ a>0$$

ثبوت

ہم جانتے ہیں کہ a^x ، $\log_a x$ ایک دوسرے کے معکوس ہیں۔

چونکہ $\log f(x)$ کا معکوس $\exp(f(x)),\quad \exp(\log f(x))=f(x).$ ہے۔

$a^x = \exp(\log a^x)$ لہٰذا،

$= e^{x\log a}$

$\frac{a^x-1}{x} = \frac{e^{x\log a}-1}{x\log a}\times\log a$ لہٰذا،

$y = x\log a \to 0$ ، $x\to 0$ جب

$\lim_{x\to 0}\frac{a^x-1}{x} = \lim_{y\to 0}\frac{e^y-1}{y}\times\log a = \log a\lim_{y\to 0}\left(\frac{e^y-1}{y}\right)=\log a$ لہٰذا،

$(\lim_{x\to 0}\frac{e^x-1}{x}=1$ چونکہ)

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 114 21-02-2023 16:10:03

نتیجہ 9.4

$$\lim_{x\to 0}\frac{\log(1+x)}{x}=1.$$

ثبوت

لین $\log(1+x) = y$

اور $x\to 0$ جبکہ $y\to 0$ تو

$$1+x = e^y$$

$$x = e^y-1$$

لہٰذا،

$$\lim_{x\to 0}\frac{\log(1+x)}{x} = \lim_{y\to 0}\frac{y}{e^y-1}$$

$$= \lim_{y\to 0}\frac{1}{\left(\frac{e^y-1}{y}\right)}=\frac{1}{1}=1.$$

□

بغیر ثبوت کے چند مخصوص حدود

نتیجہ 9.5 سے 9.9

$$\lim_{x\to 0}\frac{\sin^{-1}x}{x}=1 \quad (5)$$

$$\lim_{x\to 0}\frac{\tan^{-1}x}{x}=1 \quad (6)$$

$$\lim_{x\to\infty}\left(1+\frac{1}{x}\right)^x \quad (7)$$ موجود ہے اور اس کا حد e ہے۔

$$\lim_{x\to 0}(1+x)^{1/x}=e \quad (8)$$

$$\lim_{x\to\infty}\left(1+\frac{k}{x}\right)^x=e^k \quad (9)$$

اس عدد کو e جو مساوراتی عدد کے طور پر بھی جانا جاتا ہے کہ e کبھی بھی $a_0x^n+a_1x^{n-1}+\cdots+a_{n-1}x+a_n=0$ شکل کی کثیراتی (الجبرائی) مساوات مطمئن نہیں کر سکتا۔

مثال 9.32

$\lim_{x\to 0}(1+\sin x)^{2\operatorname{cosec} x}$ قیمت معلوم کرو۔

حل

فرض کریں کہ $\sin x=\frac{1}{y}$

جب $x\to 0$، $y\to\infty$ اور

$$\lim_{x\to 0}(1+\sin x)^{2\operatorname{cosec} x} = \lim_{y\to\infty}\left(1+\frac{1}{y}\right)^{2y}=\left[\lim_{y\to\infty}\left(1+\frac{1}{y}\right)^y\right]^2=e^2.$$

مثال 9.33

$\lim_{x\to\infty}\left(\frac{x+2}{x-2}\right)^x$ قیمت معلوم کرو۔

حل

$$\lim_{x\to\infty}\left(\frac{x+2}{x-2}\right)^x = \lim_{x\to\infty}\left(\frac{x-2+4}{x-2}\right)^{x-2+2}=\lim_{x\to\infty}\left(1+\frac{4}{x-2}\right)^{(x-2)+2}$$

فرض کرو $y = x-2$ ، جبکہ $x \to \infty$ ، $y \to \infty$ اور (فرض کرو $y = x-2$ ، تو جب $x \to \infty$ ، $y \to \infty$)

$$\lim_{x\to\infty}\left(\frac{x+2}{x-2}\right)^x = \lim_{y\to\infty}\left(1+\frac{4}{y}\right)^{y+2} = \lim_{y\to\infty}\left(1+\frac{4}{y}\right)^{y}.\lim_{y\to\infty}\left(1+\frac{4}{y}\right)^{2}$$

$$= e^4.1 = e^4 .$$

مثال 9.34

$\lim\limits_{x\to\frac{\pi}{4}} \dfrac{4\sqrt{2}-(\cos x+\sin x)^5}{1-\sin 2x}$ قیمت معلوم کرو۔

حل

$$\frac{4\sqrt{2}-(\cos x+\sin x)^5}{1-\sin 2x} = \frac{2^{\frac{5}{2}}-\left[(\cos x+\sin x)^2\right]^{\frac{5}{2}}}{1-\sin 2x}$$

$$= \frac{2^{\frac{5}{2}}-(1+\sin 2x)^{\frac{5}{2}}}{2-(1+\sin 2x)}$$

$$= \frac{2^{\frac{5}{2}}-(1+\sin 2x)^{\frac{5}{2}}}{2-(1+\sin 2x)}$$

لہذا،

$$\lim_{x\to\frac{\pi}{4}} \frac{2^{\frac{5}{2}}-[(\cos x+\sin x)^2]^{5/2}}{2-[1+\sin 2x]} = \lim_{x\to\frac{\pi}{4}} \frac{2^{\frac{5}{2}}-\left[1+\sin 2x)\right]^{\frac{5}{2}}}{2-(1+\sin 2x)}$$

لیں $y = 1+\sin 2x$ ۔ جبکہ $x \to \frac{\pi}{4}$ ، $y \to 2$

$$= \lim_{y\to 2} \frac{2^{\frac{5}{2}}-y^{\frac{5}{2}}}{2-y}$$

$$= \frac{5}{2}.2^{\frac{5}{2}-1} = \frac{5}{2}\times 2^{\frac{3}{2}} = 5\sqrt{2} .$$

مثال 9.35

کیا درج ذیل تفاعلات کی حدود $x \to 0$ پر موجود ہیں؟ اپنے جواب کی وضاحت کریں۔

(i) $\dfrac{\sin|x|}{x}$ (ii) $\dfrac{\sin x}{|x|}$ (iii) $\dfrac{x\lfloor x\rfloor}{\sin|x|}$ (iv) $\dfrac{\sin\left(x-\lfloor x\rfloor\right)}{x-\lfloor x\rfloor}$

حل

(i)
$$f(x) = \begin{cases} \dfrac{\sin(-x)}{x} & \text{if } -1<x<0 \\ \dfrac{\sin x}{x} & \text{if } 0<x<1 \end{cases}$$

لہذا، $\lim\limits_{x\to 0^-} f(x) = -1$ اور $\lim\limits_{x\to 0^+} f(x) = +1$.

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 116 21-02-2023 16:10:06

چونکہ حد غیر موجود ہے۔ نوٹ کریں $f(0^-) \neq f(0^+)$

$$\frac{\sin x}{|x|} = \begin{cases} \dfrac{\sin(x)}{-x} & \text{if } -1 < x < 0 \\ \dfrac{\sin x}{x} & \text{if } 0 < x < 1 \end{cases} \quad \text{(ii)}$$

$\lim\limits_{x\to 0^-} f(x) = -1$ لہٰذا،

$\lim\limits_{x\to 0^+} f(x) = 1$

چونکہ حد غیر موجود ہے۔

$$f(x) = \frac{x\lfloor x \rfloor}{\sin|x|} = \begin{cases} \dfrac{-x}{\sin(-x)} & \text{if } -1 < x < 0 \\ \dfrac{x.0}{\sin x} & \text{if } 0 < x < 1 \end{cases} \quad \text{(iii)}$$

$$= \begin{cases} \dfrac{x}{\sin x} & \text{if } -1 < x < 0 \\ 0 & \text{if } 0 < x < 1 \end{cases}$$

$\lim\limits_{x\to 0^-} f(x) = +1$ لہٰذا،

$\lim\limits_{x\to 0^+} f(x) = 0.$

چونکہ حد غیر موجود ہے۔

$$\frac{\sin\left(x-\lfloor x \rfloor\right)}{x-\lfloor x \rfloor} = \begin{cases} \dfrac{\sin(x-(-1))}{x-(-1)} & \text{if } -1 < x < 0 \\ \dfrac{\sin(x-0)}{x-0} & \text{if } 0 < x < 1 \end{cases} \quad \text{(iv)}$$

$$f(x) = \begin{cases} \dfrac{\sin(x+1)}{(x+1)} & \text{if } -1 < x < 0 \\ \dfrac{\sin x}{x} & \text{if } 0 < x < 1 \end{cases}$$

$\lim\limits_{x\to 0^-} f(x) = \dfrac{\sin 1}{1} = \sin 1$

$\lim\limits_{x\to 0^+} f(x) = 1.$

چونکہ حد غیر موجود ہے۔

مشق 9.4

درج ذیل حدود کی قسمیں معلوم کرو:

(1) $\lim\limits_{x\to\infty}\left(1+\dfrac{1}{x}\right)^{7x}$

(2) $\lim\limits_{x\to 0}(1+x)^{1/3x}$

(3) $\lim\limits_{x\to\infty}\left(1+\dfrac{k}{x}\right)^{\frac{m}{x}}$

(4) $\lim\limits_{x\to\infty}\left(\dfrac{2x^2+3}{2x^2+5}\right)^{8x^2+3}$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 117 21-02-2023 16:10:07

$$\lim_{x\to\infty}\left(1+\frac{3}{x}\right)^{x+2} \quad (5)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\sin^3\left(\frac{x}{2}\right)}{x^3} \quad (6)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\sin\alpha x}{\sin\beta x} \quad (7)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\tan 2x}{\sin 5x} \quad (8)$$

$$\lim_{\alpha\to0}\frac{\sin(\alpha^n)}{(\sin\alpha)^m} \quad (9)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\sin(a+x)-\sin(a-x)}{x} \quad (10)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\sqrt{x^2+a^2}-a}{\sqrt{x^2+b^2}-b} \quad (11)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{2\arcsin x}{3x} \quad (12)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{1-\cos x}{x^2} \quad (13)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\tan 2x}{x} \quad (14)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{2^x-3^x}{x} \quad (15)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{3^x-1}{\sqrt{x+1}-1} \quad (16)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{1-\cos^2 x}{x\sin 2x} \quad (17)$$

$$\lim_{x\to\infty}x\left[3^{\frac{1}{x}}+1-\cos\left(\frac{1}{x}\right)-e^{\frac{1}{x}}\right] \quad (18)$$

$$\lim_{x\to\infty}\{x[\log(x+a)-\log(x)]\} \quad (19)$$

$$\lim_{x\to\pi}\frac{\sin 3x}{\sin 2x} \quad (20)$$

$$\lim_{x\to\pi}(1+\sin x)^{2\operatorname{cosec} x} \quad (21)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\sqrt{2}-\sqrt{1+\cos x}}{\sin^2 x} \quad (22)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\sqrt{1+\sin x}-\sqrt{1-\sin x}}{\tan x} \quad (23)$$

$$\lim_{x\to\infty}\left(\frac{x^2-2x+1}{x^2-4x+2}\right)^x \quad (24)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{e^x-e^{-x}}{\sin x} \quad (25)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{e^{ax}-e^{bx}}{x} \quad (26)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\sin x(1-\cos x)}{x^3} \quad (27)$$

$$\lim_{x\to0}\frac{\tan x-\sin x}{x^3} \quad (28)$$

9.3 مسلسل (Continuity)

تفاعل کے رویے میں ایک اہم خصوصیات وہ خصوصیات ہے جسے مسلسل کہا جاتا ہے۔ یہ ریاضیاتی طور پر فطرت میں ہمارے مشاہدہ کردہ بہت سے مظاہر کی عمومی خصوصیات کی عکاسی کرتا ہے، مثال کے طور پر، ہم گرم کرنے پر ایک چھڑی کے مسلسل پھیلاؤ کی بات کرتے ہیں، مسلسل نشونما کا ، کسی جاندار کا، کسی بہاؤ کا، یا ماحول کے درجہ حرارت میں مسلسل تغیر وغیرہ۔

تفاعل میں مسلسل کا خیال "ترسیم میں کوئی وقفہ نہیں" کے ہندسی تصور سے نکلتا ہے ۔ در حقیقت یہ نام خود لاطینی کنٹی نیوٹر سے ماخوذ ہے ۔ "ایک ساتھ لٹکنا" بہرحال، "ترسیم میں کو ئی وقفہ نہیں" ی ا" ایک ساتھ لٹکنا" کے تفاعل کے تجزیہ پر تصور کو لاگو کرنے کا نقطہ نظر سے اس مناسب سے، مسلسل کے معنی میں بصیرت حاصل کرنے کے لئے ترسیم کے قبل ازوقت استعمال کو سخت گمراہ کن قرار دیاجاتاہے۔ تاہم ، ہم بعد میں سمجھیں گے کہ وقفہ والے علاقے کے تفاعلات کے لئے، مسلسل کا مطلب بنیادی طور پر یہ ہے کہ ترسیم کو پنسل کے نقطہ کو اٹھائے بغیر پیچھا کیا جاسکتا ہے۔

رویہ کا مناسب اور موثر طریقہ جو ہمیں تصور کو کام کرنے کی اجازت دیتاہے وہ ہے مسلسل کو حد کے ساتھ جوڑنا۔ آسان الفاظ میں، مسلسل کی خاصیت رکھنے کا مطلب »سازگارحد ہوتا« ہوگا۔ مسلسل کے تصور کے حد کے لحاظ سے واضع کرنے کے لئے ہمیں اپنی توجہ ایک نقطہ پر مرکوز کرنی

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 118 21-02-2023 16:10:07

چاہئے۔ مسلسل اور حد دونوں بنیادی طور پر ایک نقطہ پر بیان کئے گئے تصورات ہیں ، لیکن مسلسل ایک عالمی کردار کو نقطہ وار طریقے سے حاصل کرتا ہے۔

حوصلہ افزائی کے لئے ،درج ذیل جسمانی صورت حاصل پر غور کریں ۔ تپش پیما T دئی گئی برقی تار L کے ساتھ درجہ حرات کی پیمائش کرتا ہے۔



9.32 خاکہ

برقی تا L پر ایک نقطہ x پر تپش پیما T میں درجہ حرارت کی نگارش $t(x)$ تفویض کی گئی ہے۔ فرض کریں، خیالات کو ٹھیک کرنے کے لئے درجہ حرارت کی ریکاڈنگ ایک جیسی ہوتی ہے، $250°F$ جیسا کہ کوئی برقی تار L کے ساتھ جلتاہے جب تک کہ L پر ایک نقطہ x_0 نہ پہنچ جائے۔

پھر فرض کریں کہ x_0 پر درجہ حرارت اچانک کمرے کے درجہ حرارت کے قریب گرجاتاہے، $75°F$ کہیں۔ گویا ایک موصلیت x_0 پر ہو، لیکن x_0 کے آگے تصور کریں کہ $250°F$ کی نگارش دوبارہ دیکھی گئی ہے۔ تفاعل کے اشارے میں ہم یہ فرض کررہے ہیں

$$t(x)=\begin{cases}250°F & \text{اگر} \quad x \neq x_0\\ 75°F & \text{اگر} \quad x = x_0\end{cases}$$

اس طرح نقطہ x_0 واحد نقطہ کے طور پر کھڑا ہوتا ہے۔ "واحد" کا مطلب "خصوصی" یا "غیر معمولی" ہے۔ درجہ حرارت کو نگارش کی حد کا تجزیہ کرتے ہوئے ہمیں یہ کہنا چاہئے کہ x سے x_0 کے نقطہ نظر کا $t(x_0)$ سے متعلقہ $t(x)$ کی قیمتوں کے نقطہ نظر پر کوئی اثر نہیں تھا۔ مختصراً، x_0 پر اچھال لگتی ہے۔ اس طرح ہمیں یہ کہنے کی طرف راغب کیا جائے گا کہ درجہ حرارت کے فعل میں "x_0 پر مسلسل کی کمی ہے"۔ اس کے لئے ہمیں توقع ہوگی کہ $t(x_0)$ کی قیمت ہوگی $250°F$ کیونکہ x کی قریبی قیمتیں x_0 کو $t(x)=250°F$ میں دکھایاگیا ہے۔ اب ہم مسلسل کے تصور کو خلاصہ کرتے ہیں، اور مطالبہ کرتے ہیں کہ تصاویر "قریب" ہوں جب "تپش خیال" قریب ہوں۔ ہماری مثال میں گرم برقی تار پر نقاط پیش خیال تھے، جبکہ درجہ حرارت کی نگارش اس سے متعلقہ خیال تھے۔

طلباء کو مسلسل کے کمی کے متضاد خیال پر غور کرتے ہوئے مسلسل کے الہامی خیال پر غور کرنا چاہئے، یا اس سے زیادہ مخص "غیر مسلسل" جیسا کہ اچانک تبدیلیوں کے ہر روز کے تجربات میں ظاہر ہوتا ہے جس کا عنوان "پھر اچانک!" ہوسکتا ہے۔ کچھ جو آسانی سے ذہن میں آجاتے ہیں ذیل میں تفاعل کے ساتھ درج ہیں جو کہ ریاضی کے نمونوں سے مطابقت رکھتے ہیں۔

(1) روشن کرنا : وقت کے تفاعل کے طور پر روشنی کی شدت
(2) گاڑی کا تصادم : وقت کے تفاعل کے طور پر رفتار
(3) ریڈیو کو بند کرنا : وقت کے تفاعل کے طور پر آواز کی شدت
(4) غبارے کا پھوٹنا : داخلی ہوا کا نصف قطر کے تفاعل کے طور پر
(5) رسی کا کٹنا : تنگی جو لمبائی کی تفاعل ہے
(6) ڈاک کی قیمت : ڈاک جو وزن کی تفاعل ہے
(7) تنخواہ کا جزیہ : جزیہ کی شرح جو قابل ٹیکس آمدنی کی تفاعل
(8) عمر کی گنتی سالوں میں : وقت کے تفاعل کے طور پر تمام سالوں میں عمر
(9) انشورنش پریمیم کی قیمت: عمر کے تفاعل کے طور پر پریمیم

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 119 21-02-2023 16:10:08

دراصل، مثال (1)- (5) بالکل درست نہیں ہیں ۔ مثال کے طور پر ،ر وشنی کی شدت شفاف لیکن صفر کی روشنی سے مثبت روشنی تک مسلسل گذرتی ہے۔ درحقیقت فطت غیر مسلسل سے نفر کرتی نظر آتی ہے۔دوسری طرف (9) - (6) درحقیقت غیر مسلسل ہیں اور بعض مقامات پر واقعی اچھال دکھاتے ہیں۔

طلباء کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مسلسل کی ریاضیاتی تعریف جو روزمرہ کی زبان میں مسلسل کے معنی کے ساتھ قریب سے مطابقت رکھتی ہے۔ ایک مسلسل عمل وہ ہے جو آہستہ آہستہ ہوتا ہے بغیر کسی رکاوٹ یا اچانک تبدیلی کے یعنی کوئی سوراخ ،اُچھال یا خلا نہیں ہے ۔ مندرجۂ ذیل شکل x کی قیمتوں کی نشاندہی کرتی ہے جس پر تفاعل f کا ترسیم مسلسل نہیں ہے۔ وقفہ (a,b) کے دیگر تمام نقاط پر f کا ترسیم بلاتعطل (uninterrupted) اور مسلسل ہے۔



9.35 خاکہ



9.34 خاکہ



9.33 خاکہ

مندرجہ بالا ترسیم (9.35 سے 9.33) کو دیکھیں، تین شرائط موجود ہیں جن کے لئے f کا ترسیم $x = x_0$ پر مسلسلنہیں ہے۔
ایسا معلوم ہوتا ہے کہ $x = x_0$ پر مسلسل کو درج ذیل تین شرائط میں سے کسی ایک کے ذریعے تباہ کیا جاسکتا ہے۔

(1) تفاعل کی وضاحت $x = x_0$ پر نہیں کی گئی ہے۔

(2) $f(x)$ کی حد $x = x_0$ پر موجود نہیں ہے۔

(3) $f(x)$ کی حد $x = x_0$ پر موجود ہے لیکن، یہ $f(x_0)$ کے مساوی نہیں ہے۔

اب ہم تشریح مثالوں کو دیکھتے ہیں

تشریح 9.6

(1) $f(x) = x^2+3$ (2) $f(x) = \dfrac{16-x^2}{4+x}$

(i) جیسے $x \to 2$ ، یک طرفہ حدود ہیں

$$\lim_{x\to 2^-} f(x) = 7$$

$$\lim_{x\to 2^+} f(x) = 7$$

اور لہذا $\lim_{x\to 2} f(x) = 7$ اور مزید یہ کہ $f(2)$ کی تعریف کی گئی ہے اور $f(2) = 7 = \lim_{x\to 2} f(x)$ ۔اس صورت میں $f(x)$ جو $x = 2$ پر مسلسل ہے۔

(ii) ایک طرف کی حد ود ہیں : $\lim_{x\to -4^-} f(x) = 8$

$$\lim_{x\to -4^+} f(x) = 8$$

اور لہذا $\lim_{x\to -4} f(x) = 8$ مگر $f(-4)$ غیر موجود ہے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 120 21-02-2023 16:10:09

نوٹ کریں کہ اگر چہ $\lim_{x\to -4} f(x)$ موجود ہے، تفاعل کی قیمت -4 میں، یعنی $f(-4)$ کی وضاحت نہیں کی گئی ہے۔ اس طرح $f(-4)$ کے وجود کا $\lim_{x\to -4} f(x)$ کے وجود پر کوئی اثر نہیں ہے۔

اب ہم ظاہری طور پر مسلسل کی وضاحت کرتے ہیں۔

تعریف 9.7

فرض کرو کہ $\mathbb{R}$ میں ایک کھلا وقفہ I ہے جس x_0 میں بھی ہے۔ فرض کرو کہ $f : I \to \mathbb{R}$ ہے۔ پھر f کو x_0 پر مسلسل کہا جاتا ہے اگر اسے اس نقطہ کے قریبی (neighbourhood) بیان کیا گیا ہو اور اگر اس تفاعل کی حد، جیسا کہ آزاد متغیر x کی قیمت x_0 کے طرف جاتا ہے، موجود اور $x = x_0$ پر تفاعل کی قیمت مساوی ہے۔

اس طرح $x = x_0$ پر ایک تفاعل $f(x)$ کے مسلسل کے لئے تین ضروریات کو پورا کرنا ہوگا:

(i) $f(x)$ کی وضاحت x_0 کے قریبی میں ہونی چاہئے(یعنی $f(x_0)$ موجود ہے)؛

(ii) $\lim_{x\to x_0} f(x)$ موجود ہے۔

(iii) $f(x_0) = \lim_{x\to x_0} f(x)$

شرط(iii)کو $\lim_{\Delta x\to 0}\left[f(x_0+\Delta x) - f(x_0)\right] = 0$ کے طور پر اصلاح کیاجاسکتا ہے اور x_0 پر f کے مسلسل کو اس طرح دوبارہ بیان کیاجاسکتا ہے:

تعریف 9.8

ایک تفاعل $y = f(x)$ کو ایک نقطہ x_0 (یا $x = x_0$ پر) پر مسلسل کیا جاتا ہے، اگر اسے x_0 کے کسی قریبی میں بیان کیا گیا ہو اور اگر $\lim_{\Delta x\to 0}\left[f(x_0+\Delta x) - f(x_0)\right] = 0$

شرط(iii)کو $\lim_{x\to x_0} f(x) = f\left(\lim_{x\to x_0} x\right)$ کے شکل میں بھی درج کیا جاسکتا ہے۔اس طرح، اگر حد کی علامت اور تفاعل کی علامت کو متبادل کریں ، یہ تفاعل حدوں کی قیمت کا بحث سے تسلسل ہے۔

9.3.1 ایک نقطے پر مسلسل تفاعل کی مثالیں (Examples of functions Continuous at a point)

(1) ہر ایک نقطہ $\mathbb{R}$ پر مستقل تفاعل مسلسل ہے۔

فرض کریں $f(x) = k$ ، $k \in \mathbb{R}$ مستقل ہے۔ اگر $x_0 \in \mathbb{R}$ ، تو $f(x_0) = k$

$$\lim_{x\to x_0} f(x) = \lim_{x\to x_0} f(k) = k$$

(2) مثبت سالم اعداد سے قوت تفاعل مسلسل ہیں $\mathbb{R}$ ہر ایک نقطہ پر،

اگر $f(x) = x^n$ ، f کا علاقہ $\mathbb{R} = (-\infty, \infty)$ اور $\lim_{x\to x_0} x^n = x_0^{\,n}$ ، حد کے مسئلہ سے $x_0 \in \mathbb{R}$

(3) کثیر رقمی تفاعلات، $p(x) = a_0x^n + a_1x^{n-1} + \cdots + a_{n-1}x + a_n,\ a \neq 0$

$\mathbb{R}$ کا ہر ایک نقطہ پر مسلسل ہے۔ حد کے مسئلے سے،

$$\lim_{x\to x_0} p(x) = a_0x_0^n + a_1x_0^{n-1} + \cdots + a_{n-1}x_0 + a_n = p(x_0).$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 121 21-02-2023 16:10:10

(4) کثیر رقمی کے خارج قیمت یعنی ناطق تفاعل کی شکل

$R(x) = \dfrac{p(x)}{q(x)}$ ، ہر نقطہ پر مسلسل ہے جہاں $q(x) \neq 0$ ، اور

$$\lim_{x \to x_0} R(x) = \lim_{x \to x_0} \frac{p(x)}{q(x)}$$

$$= \frac{\lim\limits_{x \to x_0} p(x)}{\lim\limits_{x \to x_0} q(x)} = \frac{p(x_0)}{q(x_0)} = R(x_0)\,.$$

(5) دائری تفاعل $\sin x$ اور $\cos x$ اپنے علاقے کے ہر نقاط پر مسلسل ہیں۔ چونکہ $\mathbb{R} = (-\infty, \infty)$ ، $\lim\limits_{x \to x_0} \sin x = \sin x_0$

$\lim\limits_{x \to x_0} co\,s\, x = \cos x_0$

نتیجتاً، $\tan x$ ، $\cot x$ ، $\cos ecx$ ، $\sec x$ اپنے مناسب علاقے پر حدود کے الجبرا میں متواتر اور خارج قسمت کے اصولوں کے پیش نظر مسلسل رہتے ہیں۔

(6) n ویں جذر کے تفاعل $f(x) = x^{\frac{1}{n}}$ اپنے مناسب علاقے میں مسلسل ہیں چونکہ $\lim\limits_{x \to x_0} \left(x^{\frac{1}{n}} \right) = x_0^{\frac{1}{n}}$

معکوسی تفاعل $f(x) = \dfrac{1}{x}$ کی وضاحت 0 پر نہیں کی گئی ہے اور اس لئے یہ 0 پر مسلسل نہیں ہے۔ یہ $\mathbb{R}$-$\{0\}$ کہ ہر نقطہ پر مسلسل ہے۔

(8) $$h(x) = \begin{cases} x+1, & x \leq 0 \\ x^2+1, & x > 0 \end{cases}$$

h کا علاقہ تمام حقیقی اعداد اور

$$\lim_{x \to 0^-} h(x) = \lim_{x \to 0^-} (x+1) = 1 = h(0)$$

$$\lim_{x \to 0^+} h(x) = \lim_{x \to 0^+} (x^2+1) = 1 = h(0)\,.$$

لہذا $x = 0$ پر $h(x)$ مسلسل ہے۔

درحقیقت ، $(-\infty, 0)$ کے ہر نقطہ اور $(0, -\infty)$ کے ہر نقطہ پر $h(x)$ مسلسل ہے اور اس لئے پورے $(-\infty, \infty)$ پر $h(x)$ مسلسل ہے۔

(9) $x = 0$ پر سب سے بڑا سالم اعداد تفاعل $f(x) = \lfloor x \rfloor$ مسلسل نہیں ہے۔

$$\lim_{x \to 0^-} \lfloor x \rfloor = -1 \quad \text{اور}$$

$$\lim_{x \to 0^+} \lfloor x \rfloor = 0 \quad \text{کے لئے}$$

یہ ہر ایک سالم اعداد نقطہ پر غیر مسلسل ہے۔ حقیقت میں،

$$\lim_{x \to n^-} \lfloor x \rfloor = n-1 \quad \text{اور}$$

$$\lim_{x \to n^+} \lfloor x \rfloor = n$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 122 21-02-2023 16:10:11

(10) ماڈولس تفاعل

$$f(x)=|x|=\begin{cases}-x & \text{if } x<0\\ 0 & \text{if } x=0\\ x & \text{if } x>0\end{cases}$$

حقیقی خط $\mathbb{R}$ کے تمام نقاط پر مسلسل ہے۔

خاص طور پر ،

$$\lim_{x\to 0^-}|x|=\lim_{x\to 0^-}(-x)=0$$

اور $\lim_{x\to 0^+}|x|=\lim_{x\to 0^+}(x)=0$

$$\lim_{x\to 0^-}f(x)=0=\lim_{x\to 0^+}f(x)=0=f(0).$$

(11) $\mathbb{R}$ میں تفاعل $f(x)=e^x$ مسلسل ہے۔

(12) $(0,\infty)$ میں لاگرتمی تفاعل $f(x)=\log x(x>0)$ مسلسل ہے۔

9.3.2 مسلسل تفاعل کا الجبراء (Algebra of continuous functions)

اگر x_0 پر f اور g مسلسل ہوں تو

(1) $x=x_0$ پر $f+g$ مسلسل ہو گا

(2) $x=x_0$ پر $f-g$ مسلسل ہو گا

(3) $x=x_0$ پر $f.g$ مسلسل ہو گا اور

(4) $x=x_0$ پر $\frac{f}{g}$ مسلسل ہو گا $(g(x)\neq 0)$

(5) مسلسل پر مرکب تفاعل مسئلہ

اگر $g(x_0)$ پر f مسلسل ہو اور x_0 پر g مسلسل ہو تو x_0 پر fog مسلسل ہو گا۔

ایک بند وقفہ پر مسلسل

تعریف 9.9

ایک بند وقفہ $[a,b]$ پر ایک تفاعل $f:[a,b]\to\mathbb{R}$ کو مسلسل کہا جاتا ہے اگر یہ کھلا وقفہ (a,b) پر مسلسل ہو اور

$$f(x)=f(a) \text{ اور } \lim_{x\to b^-}f(x)=f(b)$$

یعنی، تفاعل f دائیں سے a پر مسلسل ہے اور b پر بائیں سے مسلسل ہے، اور ہر نقطہ $x_0\in(a,b)$ پر مسلسل ہے۔

تشریح 9.7

$f(x)=\sqrt{1-x^2}$ کے مسلسل پر بحث کریں۔

f کی وضاحت سے اس کا علاقہ بند وقفہ $[-1,1]$ ہے۔

(f کی وضاحت کی گئی ہے اگر $1-x^2\geq 0$)

کسی بھی نقطہ $c\in(-1,1)$ کے لئے

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 123 21-02-2023 16:10:12

$$\lim_{x\to c} f(x) = \lim_{x\to c}\sqrt{1-x^2} = \left[\lim_{x\to c}(1-x^2)\right]^{\frac{1}{2}}$$

$$= (1-c^2)^{\frac{1}{2}} = f(c).$$

$$\lim_{x\to -1^+} f(x) = \lim_{x\to -1^+}(1-x^2)^{\frac{1}{2}} = 0 = f(1).$$

$$\lim_{x\to -1^-} f(x) = \left[\lim_{x\to -1^-}(1-x^2)\right]^{\frac{1}{2}} = 0 = f(-1).$$

لہذا f پر $[-1,1]$ مسلسل ہے۔ کوئی بھی اس مسئلے کو مرکب تفاعل مسئلہ کا استعمال کرتے ہوئے حل کرسکتا ہے۔



9.36 خاکہ

مثال 9.36

اسوقفہ (وقفے) کی وضاحت کریں جس پر ہر تفاعل مسلسل ہے۔

(i) $f(x) = \tan x$

(ii) $$g(x) = \begin{cases} \sin\frac{1}{x}, & x \neq 0 \\ 0, & x = 0 \end{cases}$$

(iii) $$h(x) = \begin{cases} x\sin\frac{1}{x}, & x \neq 0 \\ 0, & x = 0 \end{cases}$$

حل

(i) $f(x) = \tan x$ غیر واضح ہے $x = (2n+1)\frac{\pi}{2}$ ، $n \in Z$ پر مماس تفاعل

باقی تمام نقاط پر یہ مسلسل ہے، لہذا، $f(x) = \tan x$ کھلے وقفوں میں ہر ایک پر مسلسل ہے۔

$$\ldots\left(-\frac{3\pi}{2},-\frac{\pi}{2}\right),\left(-\frac{\pi}{2},\frac{\pi}{2}\right),\left(\frac{\pi}{2},\frac{3\pi}{2}\right),\ldots$$

(ii) $\mathbb{R}$ کے تمام نقاط پر $y = \frac{1}{x}$ تفاعل مسلسل ہے سوائے $x = 0$ کے، جہاں یہ غیر واضح ہے۔

تفاعل $g(x) = \sin\frac{1}{x}$ تمام نقاط پر مسلسل ہے سوائے $x = 0$ کے جہاں $\lim_{x\to 0} g(x)$ غیر موجود ہے۔ لہذا، $(-\infty, 0)$ اور $(0,\infty)$ پر g مسلسل ہے۔

(iii) حقیقی خط $\mathbb{R} = (-\infty,\infty)$ کے تمام نقاط پر تفاعل $h(x)$ کی وضاحت کی گئی ہے؛ کسی $x_0 \neq 0$ کے لئے،

$$\lim_{x\to x_0} h(x) = \left(\lim_{x\to x_0} x\sin\frac{1}{x}\right)$$

$$= x_0\sin\frac{1}{x_0} = h(x_0)$$

$x_0 = 0$ کے لئے،

$$h(x) = x.\sin\frac{1}{x}$$

$$\square\, x \leq x\sin\frac{1}{x} \leq x$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 124 21-02-2023 16:10:13

$$g(x) = -x, f(x) = x\sin\frac{1}{x}, h(x) = x$$

$$\lim_{x\to 0} g(x) = 0,\ \lim_{x\to 0} h(x) = 0$$

اور $\lim_{x\to 0} x\sin\frac{1}{x} = 0$ ہے۔

سینڈوچ مسئلہ سے

$$\lim_{x\to 0}\left(x\ \sin\frac{1}{x}\right) = 0 = h(0).$$

لہذا $h(x)$ پوری حقیقی خط پر مسلسل ہے۔

مثال 9.37

ایک ٹماٹر کے تاجر (wholesaler) کو پتہ چلتا ہے کہ نئے کٹے ہوئے ٹماٹر کی قیمت ₹ 0.16 فی کلو ہے اگر وہ روزنہ 100 کلو سے کم خریدتا ہے ۔ تاہم ، اگر وہ روزانہ کم از کم 100 کلو گرام خرید تا ہے تو قیمت ₹ 0.14 روپئے فی کلو تک گرجاتی ہے ۔ کل قیمتی تفاعل معلوم کریں اور جب خریداری 100 کلو گرام ہو تو قیمت پر جانچ کریں۔

حل



9.37 خاکہ

فرض کرو کہ x کو روزانہ خریدے گئے کلو گرام کی تعداد اور C قیمت کو ظاہر کرتا ہے تو

$$C(x) = \begin{cases} 0.16x, & \text{اگر } 0 \le x < 100 \\ 0.14x, & \text{اگر } x \ge 100 \end{cases}.$$

اس تفاعل کا خاکہ 9.37 میں دکھایا گیا ہے۔

$x = 100$ یہ غیر مسلسل ہے چونکہ $\lim_{x\to 100^-} C(x) = 16$ اور $\lim_{x\to 100^+} C(x) = 14$

نوٹ کریں کہ $C(100)$، اس طرح، $\lim_{x\to 100^-} C(x) = 16 \neq 14 = \lim_{x\to 100^+} C(x) = 14$

یہ بھی نوٹ کریں کہ تفاعل ایک محدود قیمت 14 سے دوسری محدود قیمت 16 پر اُچھال لگاتا ہے۔

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 125 21-02-2023 16:10:14

9.3.3 چند مخصوص دوسرے حدود (Removable and Jump Discontinuities)

آیئے درج ذیل تفاعل کو دیکھتے ہیں:

(i) $f(x)=\dfrac{\sin x}{x}$

(ii) $g(x)=C(x)$ ، جہاں $C(x)$ جیسا کہ مثال 9.38 میں بیان کیا گیا ہے۔ تفاعل $f(x)$ کی وضاحت حقیقی خط کے تمام نقاط پر ہوتی ہے سوائے $x=0$ کے۔ یعنی $f(0)$ غیر واضح ہے، مگر $\lim\limits_{x\to 0}\dfrac{\sin x}{x}=1$ موجود ہے۔ اگر ہم تفاعل $f(x)$ کو دوبارہ اس طرح وضاحت کرتے ہیں

$$h(x)=\begin{cases}\dfrac{\sin x}{x}, & x\neq 0\\ 1, & x=0\end{cases}$$

h کی وضاحت حقیقی خط کے تمام نقاط پر کی گئی ہے۔ مزید یہ کہ، $x=0$ پر h مسلسل ہے چونکہ

$$\lim_{x\to 0}h(x) = \lim_{x\to 0}\frac{\sin x}{x}=1=h(0).$$

نوٹ کریں کہ $h(x)=f(x)$ ، $x\neq 0$ کے لئے البتہ $x=0$ پر اصلی تفاعل $f(x)$ غیر مسلسل ہے، دوبارہ متعین تفاعل 0 پر مسلسل ہو گا۔ یعنی، ہم تفاعل کی نئی تعریف کر کے غیر مسلسل کو دور کرسکتے ہیں۔ اس طرح کہ غیر مسلسل نقاط کو نکالنے والے غیر مسلسل کہا جاتا ہے۔ مثال ہمیں درج ذیل کی طرف لے جاتی ہے۔

تعریف 9.10

ایک تفاعل f ایک وقفہ $I\subseteq\mathbb{R}$ پر وضاحت کی گئی ہے جو $x_0\in I$ پر نکالنے والا غیر مسلسل (removable discontinuity) ہے اگر ایک تفاعل $h:I\to\mathbb{R}$ اس طرح کہ $h(x)=\begin{cases}f(x), & \text{اگر } x\neq x_0\\ \lim\limits_{x\to x_0}f(x), & \text{اگر } x=x_0\end{cases}$ ہے

نوٹ کریں کہ نکالنے والا غیر مسلسل کے لئے، $\lim\limits_{x\to x_0}f(x)$ کی غیر موجود گی ضروری ہے۔

اب اگر ہم تفاعل $g(x)=C(x)$ کا جائزہ لیں (مثال 9.38 دیکھیں)، البتہ اس کی تعریف $(0,\infty)$ کے تمام نقاط پر کی گئی ہے، $\lim\limits_{x\to 100}g(x)$ غیر موجود ہے اور اس کی اونچائی $\lim\limits_{x\to 100^+}g(x)-\lim\limits_{x\to 100^-}g(x)=16-14=2$ کی اچھال جو محدود ہے۔ چونکہ $\lim\limits_{x\to 100}g(x)$ غیر موجود ہے، یہ $x=100$ پر غیر مسلسل ہے۔ اس طرح ہمارے پاس درج ذیل ہیں:

تعریف 9.11

فرض کرو کہ تفاعل f ایک وقفہ $I\subseteq\mathbb{R}$ پر وضاحت کریں تو $x_0\in I$ پر f کو اچھال غیر مسلسل (jump discontinuity) کہا جاتا ہے اگر f کی وضاحت x_0 پر ہے۔ ۔

$\lim\limits_{x\to x_0^-}f(x)$ اور $\lim\limits_{x\to x_0^+}f(x)$ موجود ہیں مگر

$$\lim_{x\to x_0^-}f(x)\neq\lim_{x\to x_0^+}f(x)$$

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 126 21-02-2023 16:10:15

مثال 9.38

جانچ کریں کہ اگر $\mathbb{R}$ میں f کی وضاحت $f(x)=\begin{cases} x^2\sin\frac{1}{x}, & \text{اگر } x\neq 0 \\ 0, & \text{اگر } x=0 \end{cases}$ مسلسل ہے۔

حل

سینڈوچ مسئلہ سے $\lim\limits_{x\to 0} x^2\sin\frac{1}{x}=0$ اور $f(x)$ کی تعریف سے $f(0)=0$ ۔ لہذا یہ پر مسلسل ہے۔ دیگر قیمتوں کے لئے $x=0$، یہ واضح طور پر مسلسل ہے اور اس لئے $\mathbb{R}$ میں مسلسل ہے۔

مشق 9.5

(1) ثابت کروکہ $\mathbb{R}$ کے تمام نقاط پر $f(x)=x^2+3x-5$ مسلسل ہیں۔

(2) مندرجہ ذیل کے مسلسل کا جائزہ لیں:

(i) $x+\sin x$ (ii) $x^2\cos x$ (iii) $e^x\tan x$

(iv) $e^{2x}+x^2$ (v) $x.\ln x$ (vi) $\frac{\sin x}{x^2}$

(vii) $\frac{x^2-16}{x+4}$ (viii) $|x+2|+|x-1|$ (ix) $\frac{|x-2|}{|x+1|}$

(x) $\cot x+\tan x$

(3) تفاعل f کے غیر مسلسل کے نقاط معلوم کریں، جہاں

(i) $f(x)=\begin{cases} 4x+5, & \text{اگر } x\leq 3 \\ 4x-5, & \text{اگر } x>3 \end{cases}$ (ii) $f(x)=\begin{cases} x+2, & \text{اگر } x\geq 2 \\ x^2, & \text{اگر } x<2 \end{cases}$

(iii) $f(x)=\begin{cases} x^3-3, & \text{اگر } x\leq 2 \\ x^2+1, & \text{اگر } x>2 \end{cases}$ (iv) $f(x)=\begin{cases} \sin x, & 0\leq x\leq \frac{\pi}{4} \\ \cos x, & \frac{\pi}{4}<x<\frac{\pi}{2} \end{cases}$

(4) دئے گئے نقطہ x_0 پر آپ کے جواب کی وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے دریافت کریں کہ دیا گیا تفاعل مسلسل ہے یا غیر مسلسل ہے:

(i) $x_0=1,\ f(x)=\begin{cases} \frac{x^2-1}{x-1}, & x\neq 1 \\ 2, & x=1 \end{cases}$ (ii) $x_0=3,\ f(x)=\begin{cases} \frac{x^2-9}{x-3}, & \text{اگر } x\neq 3 \\ 5, & \text{اگر } x=3 \end{cases}$

(5) ثابت کریں کہ $(-\infty,\infty)$ میں تفاعل $\begin{cases} \frac{x^3-1}{x-1}, & \text{اگر } x\neq 1 \\ 3, & \text{اگر } x=1 \end{cases}$ مسلسل ہے۔

(6) α کے کسی قیمت کے لئے $x=1$ پر تفاعل $f(x)=\begin{cases} \frac{x^4-1}{x-1}, & \text{اگر } x\neq 1 \\ \alpha, & \text{اگر } x=1 \end{cases}$ مسلسل ہے؟

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 127 21-02-2023 16:10:16

(7) فرض کرو کہ $f(x)=\begin{cases}0, & \text{اگر } x<0\\ x^2, & \text{اگر } 0\le x<2\\ 4, & \text{اگر } x\ge 2\end{cases}$، تفاعل کی ترسیم کیجیے۔ ثابت کریں کہ $f(x)$ پر $(-\infty,\infty)$ مسلسل ہے۔

(8) $f(3)$ کے ساتھ اگر f اور g مسلسل تفاعل ہوں اور $\lim_{x\to 3}[2f(x)-g(x)]=4$، $g(3)$ معلوم کریں۔

(9) وہ نقاط معلوم کریں جن پر f غیر مسلسل ہے۔ ان نقاط میں سے کسی پر f دائیں ہے، بائیں ہے، مسلسل ہے یا ان میں کوئی بھی مسلسل نہیں ہے؟ f کی ترسیم کا خاکہ کھینچیے۔

(i) $f(x)=\begin{cases}2x+1, & \text{اگر } x\le -1\\ 3x & \text{اگر } -1<x<1\\ 2x-1, & \text{اگر } x\ge 1\end{cases}$ (ii) $f(x)=\begin{cases}(x-1)^3, & \text{اگر } x<0\\ (x+1)^3, & \text{اگر } x\ge 0\end{cases}$

(10) ایک تفاعل f کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے:

$$f(x)=\begin{cases}0 & \text{کے لئے } x<0;\\ x & \text{کے لئے } 0\le x<1;\\ -x^2+4x-2 & \text{کے لئے } 1\le x<3;\\ 4-x & \text{کے لئے } x\ge 3\end{cases}$$

کیا یہ تفاعل مسلسل ہے؟

(11) مندرجہ ذیل میں کونسا تفاعل $x=x_0$ پر نکالنے والا غیر مسلسل ہے؟اگر غیر مسلسل نکالنے والا ہے، ایک تفاعل g معلوم کریں جو $x\ne x_0$ کے لئے f کی متفق ہو اور $\mathbb{R}$ پر مسلسل ہو۔

(i) $f(x)=\dfrac{x^2-2x-8}{x+2},\ x_0=-2.$

(ii) $f(x)=\dfrac{x^3+64}{x+4},\ x_0=-4$

(iii) $f(x)=\dfrac{3-\sqrt{x}}{9-x},\quad x_0=9$

(12) مستقل b معلوم کریں جو g کو $(-\infty,\infty)$ پر مسلسل بناتا ہے۔

$$g(x)=\begin{cases}x^2-b^2 & \text{اگر } x<4\\ bx+20 & \text{اگر } x\ge 4\end{cases}$$

(13) تفاعل $f(x)=x\sin\dfrac{\pi}{x}$ پر غور کریں۔ تفاعل کو ہر جگہ مسلسل بنانے کے لئے ہمی ں $f(0)$ کو کاکیا قیمت دینی چاہئے؟

(14) تفاعل $f(x)=\dfrac{x^2-1}{x^3-1}$ کی وضاحت $x=1$ پر نہیں کی گئی ہے۔ $f(x)$ کو $x=1$ پر مسلسل بنانے کے لئے ہمیں $f(1)$ کو کیا قیمت دینی چاہئے؟

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 128 21-02-2023 16:10:17

(15) درج ذیل ترسیم میں سے ہر ایک کے لئے $x = x_0$ پر مسلسل کو کیسے مٹایا جاسکتا ہے اس کی وضاحت کریں۔

(a)



شکل 9.38

(b)



شکل 9.39

(c)



شکل 9.40

(d)



شکل 9.41

مشق 9.6

دیے گئے چار حل میں سے صحیح یا سب سے مناسب جواب کا انتخاب کریں۔

(1) $\lim_{x\to\infty} \frac{\sin x}{x}$

1 (1) 0 (2) ∞ (3) $-\infty$ (4)

(2) $\lim_{x\to\pi/2} \frac{2x-\pi}{\cos x}$

2 (1) 1 (2) −2 (3) 0 (4)

(3) $\lim_{x\to 0} \frac{\sqrt{1-\cos 2x}}{x}$

0 (1) 1 (2) $\sqrt{2}$ (3) (4) غیر موجود ہے

(4) $\lim_{\theta\to 0} \frac{\sin\sqrt{\theta}}{\sqrt{\sin\theta}}$

1 (1) − 1 (2) 0 (3) 2 (4)

(5) $\lim_{x\to\infty} \left(\frac{x^2+5x+3}{x^2+x+3}\right)^x$ ہے

e^4 (1) e^2 (2) e^3 (3) 1 (4)

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 129 21-02-2023 16:10:19

(6) $\lim_{x\to\infty}\frac{\sqrt{x^2-1}}{2x+1}=$

1 (1) 0 (2) -1 (3) $\frac{1}{2}$ (4)

(7) $\lim_{x\to 0}\frac{a^x-b^x}{x}=$

$\log ab$ (1) $\log\left(\frac{a}{b}\right)$ (2) $\log\left(\frac{b}{a}\right)$ (3) $\frac{a}{b}$ (4)

(8) $\lim_{x\to 0}\frac{8^x-4^x-2^x+1^x}{x^2}=$

$2\log 2$ (1) $2(\log 2)^2$ (2) $\log 2$ (3) $3\log 2$ (4)

(9) اگر $f(x)=x(-1)^{\left\lfloor\frac{1}{x}\right\rfloor}$ ، $x\le 0$ تو $\lim_{x\to 0} f(x)$ کی قیمت مساوی ہے۔

-1 (1) 0 (2) 2 (3) 4 (4)

(10) $\lim_{x\to 3}\lfloor x\rfloor=$

2 (1) 3 (2) (3)غیر موجود ہے 0 (4)

(11) فرض کریں کہ تفاعل f کی وضاحت $f(x)=\begin{cases}3x & 0\le x\le 1\\ -3x+5 & 1<x\le 2\end{cases}$ ، تو

(1) $\lim_{x\to 1} f(x)=1$ (2) $\lim_{x\to 1} f(x)=3$

(3) $\lim_{x\to 1} f(x)=2$ (4) $\lim_{x\to 1} f(x)$ غیر موجود ہے

(12) اگر $f:\mathbb{R}\to\mathbb{R}$ کی وضاحت $f(x)=\lfloor x-3\rfloor+|x-4|$ سے کی گئی ہے جو $x\in\mathbb{R}$ کے لئے، تو $\lim_{x\to 3^-} f(x)$ کی قیمت مساوی ہے

-2 (1) -1 (2) 0 (3) 1 (4)

(13) $\lim_{x\to 0}\frac{xe^x-\sin x}{x}$

1 (1) 2 (2) 3 (3) 0 (4)

(14) اگر $\lim_{x\to 0}\frac{\sin px}{\tan 3x}=4$، تو p کی قیمت ہے

6 (1) 9 (2) 12 (3) 4 (4)

(15) $\lim_{\alpha\to\pi/4}\frac{\sin\alpha-\cos\alpha}{\alpha-\frac{\pi}{4}}$ ہے

(4) 2 (3) 1 (2) $\frac{1}{\sqrt{2}}$ (1) $\sqrt{2}$

(16) $\lim_{n\to\infty}\left(\frac{1}{n^2}+\frac{2}{n^2}+\frac{3}{n^2}+\ldots+\frac{n}{n^2}\right)$ ہے

$\frac{1}{2}$ (1) 0 (2) 1 (3) ∞ (4)

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 130 21-02-2023 16:10:22

(17) $\lim_{x\to 0}\frac{e^{\sin x}-1}{x}=$

1 (1) e (2) $\frac{1}{e}$ (3) 0 (4)

(18) $\lim_{x\to 0}\frac{e^{\tan x}-e^{x}}{\tan x-x}=$

1 (1) e (2) $\frac{1}{2}$ (3) 0 (4)

(19) $\lim_{x\to 0}\frac{\sin x}{\sqrt{x^2}}$ کی قیمت ہے

1 (1) -1 (2) 0 (3) (4) حد غیر موجود ہے

(20) $\lim_{x\to k^-} x-\lfloor x\rfloor$ کی قیمت، جہاں k ایک سالم عدد ہو

-1 (1) 1 (2) 0 (3) 2 (4)

(21) $x=\frac{3}{2}$ پر تفاعل $f(x)=\frac{|2x-3|}{2x-3}$ ہے

(1) مسلسل (2) مسلسل غیر (3) یقینی تفر (4) صفر غیر

(22) فرض کریں کہ $f:\mathbb{R}\to\mathbb{R}$ کی وضاحت $f(x)=\begin{cases}x & x \text{ غیر ناطق ہے}\\ 1-x & x \text{ ناطق ہے}\end{cases}$ سے کی گئی ہے تو f ہے،

(1) $x=\frac{1}{2}$ پر غیر مسلسل ہے (2) $x=\frac{1}{2}$ پر مسلسل ہے

(3) ہر جگہ مسلسل ہے (4) ہر جگہ غیر مسلسل

(23) تفاعل $f(x)=\begin{cases}\frac{x^2-1}{x^2+1} & x\neq -1\\ P & x=-1\end{cases}$ کی وضاحت $x=-1$ پر نہیں کی گئی ہے۔ $f(-1)$ کی قیمت معلوم کریں تاکہ اس قیمت کے ذریعے توسیع شدہ تفاعل مسلسل ہے

(1) $\frac{2}{3}$ (2) $-\frac{2}{3}$ (3) 1 (4) 0

(24) فرض کریں کہ $[2, 5]$ میں f ایک مسلسل تفاعل ہے۔ اگر f تمام x اور $f(3)=12$ کے لئے صرف ناطق کی قیمت لیتا ہے تو

(1) $\frac{f(3)+f(4.5)}{7.5}$ (2) 12 (3) 17.5 (4) $\frac{f(4.5)-f(3)}{1.5}$

(25) فرض کریں کہ تفاعل f کی وضاحت $f(x)=\frac{x-|x|}{x}$ کے لئے $x\neq 0$ اور $f(0)=2$۔ تو f ہے

(1) مسلسل کہیں نہیں (2) ہر جگہ مسلسل

(3) $x=1$ کے علاوہ تمام x کے لئے مسلسل (4) $x=0$ کے علاوہ تمام x پر مسلسل

09_11th-Maths-Vol2-Unit9_UM.indd 131 21-02-2023 16:10:24

خلاصہ (SUMMARY)

اس باب میں ہم نے درجہ ذیل کا علم حاصل کیا ہے

- ایک تفاعل $y = f(x)$ کی حد جیسے ہیں x کی قیمت x_0 کی نچلی قیمتوں سے x_0 کی طرف پہنچتا ہے۔
- ایک تفاعل $y = f(x)$ کی حد جیسے ہیں x کی قیمت x_0 کی اعلیٰ قیمتوں سے x_0 کی طرف پہنچتا ہے۔
- کسی تفاعل کے حد جیسے ہی x کی قیمت x_0 کے قریب پہنچتا ہے، x_0 کے حذف شدہ قریبی میں موجود ہے اگر صرف اس صرت میں

$$\lim_{x \to x_0^-} f(x) = L = \lim_{x \to x_0^+} f(x) = \lim_{x \to x_0} f(x) = L$$

- $\lim_{x \to x_0} f(x) = L$ کا مطلب یہ بھی ہے کہ $f(x)$ کی قیمت L میں بدل جاتا ہے کیونکہ جب x کی قیمت x_0 کے دونوں طرف سے کے قریب آتا ہے سوائے $x = x_0$ کے۔
$$g(x)=-\sqrt{4-x^2},-2\le x\le 2 \quad (3)$$

(2) دائرے (i) کے اوپر نصف کی نمائندگی کرتا ہے اور (3) دائرے (1) کے نچلے نصف کی نمائندگی کرتا ہے۔دائرے کے اوپر آدھے یا نچلے آدھے حصوں کو غور کرنے پر ہمیں تفاعل حاصل ہوتا ہے ۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ وقفہ میں (i) کم از کم x کے دو مضمر تفاعلوں کی وضاحت $-2\le x\le 2$ کرسکتے ہیں۔



10.25 خاکہ



10.26 خاکہ

دونوں مساواتوں کو غور کریں

وقفہ $-2\le x\le 2$ میں $x^2+[f(x)]^2=4$ اور $x^2+[g(x)]^2=4$ متماثل ہیں

عام طور پر،اگر ایک مساوات $F(x,y)=0$ کسی وقفہ میں تفاعل f کی مضمری طور پر وضاحت کرتا ہے تو $F(x,f(x))=0$ ہیں وقفہ میں ایک شناخت ہے۔ f کی ترسیم مساوات $F(x,y)=0$ کے ترسیم کا ایک حصہ (یا کل) ہے۔

اور اس کے باوجود بھی x کے احترام سے y کو حل کرنا ممکن نہیں ہے۔ البتہ، چند مرحلوں میں ہم مشتق $\dfrac{dy}{dx}$ کا تعین اس عمل کے ذریعے کرسکتے ہیں جس کو **مضمر تفریق** ہے۔ یہ عمل x کے احترام سے مساوات کے دونوں جانب تفرقی کرنے کے لئے، تفرقی کے اصولوں کا استعمال کرتے ہوئے

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 164 21-02-2023 15:08:53

اور پھر $\frac{dy}{dx}$ کے حل کرنے پر مشتمل ہے۔چونکہ ہم y کے بارے میں سوچتے ہیں کہ دی گئی مساوات کے ذریعے تفرقی تفاعل طے کیا جاتا ہے جب کہ تفاعلوں کی قوت اصول کی شکل ، زنجیر اصول سے نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے۔ ایک $x^4 + x^2y^3 - y^5 = 2x+1$ زیادہ پیچیدہ مساوات جیسے x محور کے مناسب محدود وقفے پر کئی مضمر تفاعل کو تعین کر سکتا ہے

$\frac{d}{dx}(y^n) = n\,y^{n-1}\frac{dy}{dx}$, جہاں n سالم ہے۔

مثال 10.17

معلوم کیجئے $\frac{dy}{dx}$ اگر $x^2 + y^2 = 1$ ہے۔

حل

مساوات کے دونوں جانب تفرقی کرنے پر ہمیں

$$\frac{d}{dx}(x^2)+\frac{d}{dx}(y^2) = \frac{d}{dx}(1)$$

$$2x+2y\frac{dy}{dx} = 0$$

مشق کے نتیجہ کو حل کرنے پر

$$\frac{dy}{dx} = -\frac{x}{y}$$

مثال 10.18

$x = 1$ کے مطابق نقطوں پر $x^2 + y^2 = 4$ کے ترسیم میں مماس خطوں کے میلان معلوم کیجئے

حل

$x = 1$ کو درج کرنے پر دئے گئے مساوات کے حاصل $y^2 = 3$ (یا) $y = \pm\sqrt{3}$

چونکہ $\left(1,\sqrt{3}\right)$ اور $\left(1,-\sqrt{3}\right)$ پر مماس خط ہیں ۔ حالانکہ $\left(1,\sqrt{3}\right)$ اور $\left(1,-\sqrt{3}\right)$ کے نقطے ترسیم میں دو مضمر تفاعل ہیں ، ہمیں ہر نقطہ کی صحیح میلان ملی۔

$$\frac{dy}{dx}\,at\left(1,\sqrt{3}\right) = -\frac{1}{\sqrt{3}} \quad \text{اور} \quad \frac{dy}{dx} \text{ ہمیں } \left(1,-\sqrt{3}\right) = \frac{-1}{-\sqrt{3}} = \frac{1}{\sqrt{3}}$$

مثال 10.19

اگر $x^4 + x^2y^3 - y^5 = 2x+1$ ہو تو $\frac{dy}{dx}$ معلوم کریں

حل

مضمر طور پر تفرقی کرنے سے، ہمیں

$$\frac{d}{dx}(x^4)+\frac{d}{dx}(x^2y^3)-\frac{d}{dx}(y^5) = \frac{d}{dx}(2x+1)$$

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 165 21-02-2023 15:08:54

$$4x^3 + x^2\left(3y^2\frac{dy}{dx}\right) + (2x)y^3 - 5y^4\frac{dy}{dx} = 2 + 0 \quad \text{جس کا مختصراً،}$$

$$4x^3 + 3x^2y^2\frac{dy}{dx} + 2xy^3 - 5y^4\frac{dy}{dx} = 2 \quad \text{جس کا مختصراً،}$$

$$(3x^2y^2 - 5y^4)\frac{dy}{dx} = 2 - 4x^3 - 2xy^3 \quad \text{جس کا مختصراً،}$$

$$\frac{dy}{dx} = \frac{2 - 4x^3 - 2xy^3}{3x^2y^2 - 5y^4} \quad \text{(یا)}$$

مثال 10.20

اگر $\sin y = y\cos 2x$ ہو تو $\frac{dy}{dx}$ معلوم کریں۔

حل

ہمیں $\sin y = y\cos 2x$

$$\frac{d}{dx}\sin y = \frac{d}{dx}(y\cos 2x) \quad \text{تفرق لینے پر،}$$

$$\cos y\frac{dy}{dx} = y(-2\sin 2x) + \cos 2x\frac{dy}{dx} \quad \text{یعنی،}$$

$$(\cos y - \cos 2x)\frac{dy}{dx} = -2y\sin 2x \quad \text{جس کا مختصراً،}$$

$$\frac{dy}{dx} = \frac{-2y\sin 2x}{\cos y - \cos 2x} \quad \text{(یا)}$$

10.4.4 لوگار تھمی تفریق (Logarithmic Differentiation)

تفرق کے اصولوں اور بنیادی ابتدائی تفاعلات کے مشتقات کو استعمال کرتے ہوئے ،اب ہم خود بخود کسی بھی ابتدائی تفاعل کے مشتقات کو معلوم کرسکتے ہیں ۔سوائے ایک قسم کے ، تفاعل $y = x^x$ جس کی آسان ترین نمائندگی ہے۔اس طرح کے تفاعل کو قوت نما کے طور پر اظہار کیا جاتا ہے اور عام طور پر کوئی بھی تفاعل کو قوت کے طور پر لکھا جاتا ہے۔ جس کا قاعدہ اور قوت دونوں آزاد متغیر پر منحصر ہوتے ہیں۔

عمومی اصولوں سے قوت نما تفاعلوں $y = x^x$ کے مشتقوں کو معلوم کرنے کے لئے ، ہم د ونوں طرف لوگار تھم لیتے ہیں

$$\log y = x\log x,\ x > 0$$

چونکہ یہ متماثل ہے ، بائیں ہاتھ کے مشتق کا لازمی طور پر دائیں ہاتھ کے مشتق مساوی ہونا ضروری ہے۔ x کے ا حترام سے تفرق کرنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے (اس حقیقت کو ذہن میں رکھتے ہوئے بائیں ہاتھ طرف تفاعل کی تفاعل ہے)

$$\frac{1}{y}\frac{dy}{dx} = \log x + 1$$

$$\frac{dy}{dx} = y(\log x + 1) = x^x(\log x + 1) \quad \text{لہذا}$$

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 166 21-02-2023 15:08:55

اس عمل میں پہلے تفاعل $f(x)$ (قاعدہ e سے) کی لوگارتھم لیکر، پھر تفرق کرنے کو **لوگارتھمی تفریق** کہتے ہیں اور نتیجتاً

$$\boxed{\frac{d}{dx}(\log f(x)) = \frac{f'(x)}{f(x)}}.$$

کو $f(x)$ کا لوگارتھمی مشتق کہا جاتا ہے۔

اس طریقے کے فائدے یہ ہیں کہ پیچیدہ تفاعلات کے مشتقات کے محسوب کرنے میں مشتمل ضرب، تقسیم اور قوتوں کو لوگارتھم لینے سے مختصر کرسکتے ہیں۔

مثال 10.21

$y = \sqrt{x^2+4}\,.\,\sin^2 x\,.2^x$ کا مشتق معلوم کیجئے

حل

لوگارتھم کے اصول کی بنیاد پر دونوں جانب لوگرتھم لینے سے، ہمیں

$$\log y = \frac{1}{2}\log(x^2+4) + 2\log(\sin x) + x\log(2).$$ مختصراً،

$$\frac{y'}{y} = \frac{1}{2}\frac{2x}{x^2+4} + 2.\frac{\cos x}{\sin x} + \log 2$$ جس کا مختصراً،

$$= \frac{x}{x^2+4} + 2\cot x + \log 2$$

$$y' = \frac{dy}{dx} = y\left(\frac{x}{x^2+4} + 2\cot x + \log 2\right)$$ لہذا،

مثال 10.22

تفرق کریں $y = \dfrac{x^{\frac{3}{4}}\sqrt{x^2+1}}{(3x+2)^5}$

حل

مساوات کے دونوں جانب لوگرتھم لینے پر اور لوگارتھمی اصول کے استعمال سے ہمیں،

$$\log y = \frac{3}{4}\log x + \frac{1}{2}\log(x^2+1) - 5\log(3x+2).$$

مضمر تفرق سے

$$\frac{y'}{y} = \frac{3}{4x} + \frac{1}{2}\frac{2x}{(x^2+1)} - \frac{5\times 3}{3x+2}$$

$$= \frac{3}{4x} + \frac{x}{(x^2+1)} - \frac{15}{3x+2}$$

$$\frac{dy}{dx} = y' = \frac{x^{\frac{3}{4}}\sqrt{x^2+1}}{(3x+2)^5}\left[\frac{3}{4x} + \frac{x}{x^2+1} - \frac{15}{3x+2}\right]$$ لہذا،

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 167 21-02-2023 15:08:56

لوگارتھمی تفریق کے مرحلے

(1) مساوات $y = f(x)$ کے دونوں جانب قدرتی لوگارتھم لیں اور لوگرتھمی کلیہ کے استعمال سے مختصر کریں

(2) x کے احترام سے مضمر تفرق کریں

(3) نتیجتاً y' مساوات y کو حل کریں

عام طور پر یہاں قوت اور قاعدے کے چار مرحلے ہوتے ہیں

(1) $\frac{d}{dx}(a^b) = 0$ (a اور b مستقل ہیں)

(2) $\frac{d}{dx}[f(x)]^b = b[f(x)]^{b-1} f'(x)$

(3) $\frac{d}{dx}[a^{g(x)}] = a^{g(x)}(\log a)g'(x)$

(4) $\frac{d}{dx}[f(x)]^{g(x)} = [f(x)]^{g(x)}\left[\frac{g(x)f'(x)}{f(x)} + \log f(x).g'(x)\right]$

مثال 10.23

تفرق کریں $y = x^{\sqrt{x}}$

حل

لوگارتھم لیں

$$\log y = \sqrt{x}\log x$$

مضمر تفرق کریں

$$\frac{y'}{y} = \sqrt{x}.\frac{1}{x} + \frac{1}{2\sqrt{x}}.\log x$$

$$= \frac{\log x + 2}{2\sqrt{x}}$$

لہٰذا، $\frac{d}{dx}(x^{\sqrt{x}}) = y' = x^{\sqrt{x}}\left(\frac{\log x + 2}{2\sqrt{x}}\right)$

10.4.5 اندراج کا طریقہ (Substitution method)

یہ عمل تفرق کے لئے بہت مفید کارآمد ہے ۔ خاص طور پر جس میں معکوس علم مثلث تفاعلات شامل ہوں۔

فرض کریں کہ $f(x) = \tan^{-1}\left(\frac{2x}{1-x^2}\right)$

اس تفاعل کے لئے $f'(x)$ کو تفاعل کے تفاعل اصول معلوم کرسکتے ہیں مگر محنت کشش ہے۔البتہ ہم اندراج طریقہ استعمال کرسکتے ہیں۔

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 168 21-02-2023 15:08:56

لیں $x = \tan\theta$.

پھر $\frac{2x}{1-x^2} = \frac{2\tan\theta}{1-\tan^2\theta} = \tan 2\theta$ اور

$$f(x) = \tan^{-1}(\tan 2\theta) = 2\theta$$
$$= 2\tan^{-1}x$$
$$f'(x) = \frac{2}{1+x^2}.$$

مثال 10.24

اگر $y = \tan^{-1}\left(\frac{1+x}{1-x}\right)$ ہوں تو y' معلوم کریں

حل

فرض کریں کہ $x = \tan\theta$

پھر $\frac{1+x}{1-x} = \frac{1+\tan\theta}{1-\tan\theta} = \tan\left(\frac{\pi}{4}+\theta\right)$

$$\tan^{-1}\left(\frac{1+x}{1-x}\right) = \tan^{-1}\left[\tan\left(\frac{\pi}{4}+\theta\right)\right] = \frac{\pi}{4}+\theta = \frac{\pi}{4}+\tan^{-1}x$$
$$y = \frac{\pi}{4}+\tan^{-1}x$$
$$y' = \frac{1}{1+x^2}.$$

مثال 10.25

$f(x) = \cos^{-1}(4x^3-3x)$ اگر $f'(x)$ معلوم کریں

حل

فرض کریں کہ $x = \cos\theta$

پھر $4x^3-3x = 4\cos^3\theta - 3\cos\theta = \cos 3\theta$ اور

$$f(x) = \cos^{-1}(\cos 3\theta) = 3\theta = 3\cos^{-1}x$$
$$f'(x) = 3\left(\frac{-1}{\sqrt{1-x^2}}\right) = \frac{-3}{\sqrt{1-x^2}}$$ لہٰذا،

10.4.6 طفیلی مساوات کی تعارف سے متغیرات کے مشتقات:

(Derivatives of variables defined by parametric equations)

فرض کریں کہ مساوات $x = f(t)$ اور $y = g(t)$

یہ مساواتیں x اور y متغیر ان کے درمیان تعلق دیتے ہیں۔ t کی قیمت کچھ علاقہ $[a, b]$ میں دی گئی ہو تو۔

ہم x اور y کو معلوم کرسکتے ہیں۔ اگر دو متغیرات x اور y کو ایک مابین تعارف (معاون) متغیر t کے تفاعل کے طور پر الگ الگ بیان کیا جائے ۔ تو x اور y کے مابین ایک عملی تعلقات کی و ضاحت طفیلیاں اور تعاون متغیرات کو طفیلی قدر کہا جاتا ہے۔

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 169 21-02-2023 15:08:57

معاون متغیر t کی موجودگی کے بغیر x اور y کے درمیان براہ راست تعلق دھونڈنے کے عمل کو '**طفیلی کی خارج**" کہاجاتاہے۔سوال یہ ہے کہ طفیلی مساوات سے کیوں ہم نمٹیں کیونکہ ایک یا دو سے زیادہ متغیرات کو ایک ہی متغیر t میں کم کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر ،دائرے کی مساوات جس کا مرکز $(0, 0)$ اور نصف قطر r کے لئے $x^2 + y^2 = r^2$ x اور y کے درمیان ایک تعلق کی وضاحت کرتا ہے۔ اور مساوات $x = r\cos t$ ، $y = r\sin t$ طفیلی مساوات ہیں۔

اس کے برخلاف ، اگر ہم t کو خارج کریں تو ہمیں $x^2 + y^2 = r^2$ حاصل ہے۔

اگر y کو x کا تفاعل سمجھا جائے تو $\dfrac{dy}{dx} = \dfrac{\frac{dy}{dt}}{\frac{dx}{dt}} = \dfrac{g'(t)}{f'(t)}$.

اگر x کو y کا تفاعل سمجھا جائے تو x کا مشتق y کے احترام سے

$$\frac{dx}{dy} = \frac{\frac{dx}{dt}}{\frac{dy}{dt}} = \frac{f'(t)}{g'(t)}.$$

دائرے کے مرحلہ میں ، تو $\dfrac{dy}{dx}$ دائرے کے مماس کا میلان ہوگا یعنی

$$\frac{dy}{dx} = \frac{\frac{dy}{dt}}{\frac{dx}{dt}} = \frac{r\cos t}{-r\sin t} = -\cot t \ .$$

مثال 10.26

$\dfrac{dy}{dx}$ معلوم کریں جب کہ $x = at^2$ ، $y = 2at$ ، $t \neq 0$

حل

ہمارے پاس ہے $x = at^2 \ ; \ y = 2at$

$$\frac{dy}{dx} = \frac{y'(t)}{x'(t)} = \frac{2a}{2at} = \frac{1}{t}.$$

مثال 10.27

$\dfrac{dy}{dx}$ معلوم کیجئے جب کہ $x = a(t - \sin t)$ ، $y = a(1 - \cos t)$ ہے۔

حل

ہمارے پاس ہے $x = a(t - \sin t), y = a(1 - \cos t)$

اب، $\dfrac{dx}{dt} = a(1 - \cos t) \ ; \ \dfrac{dy}{dt} = a\sin t$

لہذا، $\dfrac{dy}{dx} = \dfrac{\frac{dy}{dt}}{\frac{dx}{dt}} = \dfrac{a\sin t}{a(1-\cos t)} = \dfrac{\sin t}{(1-\cos t)}$

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 170 21-02-2023 15:08:57

10.4.7 ایک تفاعل کے احترام سے دوسرے تفاعل کی تفرق:
(Differentiation of one function with respect to another function)

اگر $y = f(x)$ تفرق ہوں تو y کا مشتق x کے احترام سے

$$\frac{dy}{dx} = \lim_{h\to 0} \frac{f(x+h)-f(x)}{h} .$$

اگر f اور g تفرق تفاعل x کے ہوں اور اگر $\frac{dg}{dx} = g'(x) \neq 0$ ہوں تو،

$$\frac{df}{dg} = \frac{\frac{df}{dx}}{\frac{dg}{dx}} = \frac{f'(x)}{g'(x)}.$$

مثال 10.28

x^x کے مشتق کو $x \log x$ کے احترام سے معلوم کیجئے۔

حل

لیں $u = x^x, v = x\log x$

$$\log u = x\log x$$

$$\frac{1}{u}\frac{du}{dx} = x.\frac{1}{x} + 1.\log x = 1 + \log x$$

$$\frac{du}{dx} = u(1+\log x) = x^x(1+\log x)$$

$$\frac{dv}{dx} = 1+\log x$$

$$\frac{d(x^x)}{d(x\log x)} = \frac{du}{dv} = \frac{\frac{du}{dx}}{\frac{dv}{dx}} = x^x .$$

لیں نوٹ کریں کہ جب g ایک $g(x) = x$ تفاعل ہوں تو $\frac{df}{dg}$ کم کرتی ہے کہ $\frac{df}{dx} = f'(x)$

مثال 10.29

مشتق $\tan^{-1}(1+x^2)$ کو x^2+x+1 کے احترام سے معلوم کیجئے

حل

فرض کریں کہ $f(x) = \tan^{-1}(1+x^2)$

$$g(x) = x^2+x+1$$

$$\frac{df}{dg} = \frac{f'(x)}{g'(x)}$$

$$f'(x) = \frac{2x}{\left(x^4+2x^2+2\right)}$$

$$g'(x) = 2x+1$$

$$\frac{df}{dg} = \frac{2x}{(2x+1)(x^4+2x^2+2)}.$$

مثال 10.30

$\sin(ax^2+bx+c)$ $\cos(lx^2+mx+n)$ کے احترام سے تفرق کریں

حل:

$u = \sin(ax^2+bx+c)$ فرض کریں کہ

$$v = \cos(lx^2+mx+n)$$

$$\frac{du}{dv} = \frac{u'(x)}{v'(x)}$$

$$u'(x) = \cos(ax^2+bx+c)(2ax+b)$$

$$v'(x) = -\sin(lx^2+mx+n)(2lx+m)$$

$$\frac{du}{dv} = \frac{u'(x)}{v'(x)} = \frac{(2ax+b)\cos(ax^2+bx+c)}{-(2lx+m)\sin(lx^2+mx+n)}.$$

10.4.8 ۔ اعلیٰ درجے کے مشتقات (Higher order Derivatives)

اگر $s = s(t)$ کسی شئے کی پوزیشن تفاعل (نقل مکانی) ہے جو خط مستقیم پر حرکت کرتی ہے، ہم جانتے ہیں کہ اس کے پہلے مشتق کی عام جسمانی تشریح ہے رفتار $v(t)$ جو وقت کی تفاعل کے طور پر ہے۔

$$v(t) = s'(t) = \lim_{\Delta t \to 0} \frac{f(t+\Delta t)-f(t)}{\Delta t} = \frac{ds}{dt}.$$

وقت کے حوالے سے رفتار کی تبدیلی کی فوری شرح کو شئے کا اسراع $a(t)$ کہا جاتا ہے ۔ پھر اسراع تفاعل رفتار تفاعل سے ماخوذ ہے اور اسی وجہ سے پوزیشن تفاعل کا دوسرا مشتق ہے۔

$$a(t) = v'(t) = \lim_{\Delta t \to 0} \frac{v(t+\Delta t)-v(t)}{\Delta t}$$

$$= \frac{d}{dt}(v(t))$$

$$= \frac{d}{dt}\left(\frac{ds}{dt}\right) = \frac{d^2s}{dt^2} = s''(t)$$

یعنی ، اگر f تفاعل x کے لئے تفرق ہو،تو اس کا پہلا مشتق ترسیم $f'(x) = \lim_{\Delta x \to 0} \frac{f(x+\Delta x)-f(x)}{\Delta x}$ پر مماس کی میلان کے طور پر ایک بہت ہی سادہ ہندسی تشریح $y = f(x)$ ہے ۔ چونکہ f' بھی x کا تفاعل ہے۔ f' کے لئے اس کا خاص مشتق ہے اور اگر وہ وجود ہو جس کا اظہار $(f')' = f''$ کو

$$f''(x) = \lim_{\Delta x \to 0} \frac{f'(x+\Delta x)-f'(x)}{\Delta x}.$$

$$= \frac{d}{dx}(f'(x)) = \frac{d}{dx}\left(\frac{d}{dx}f(x)\right)$$

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 172 21-02-2023 15:08:58

$$= \frac{d^2 f}{dx^2} = \frac{d^2 y}{dx^2}$$

$$D^2 f(x) = D^2 y = y_2 = y''$$ دیگر اشارے ہیں

ہم دوسرے مشتق کی تشریح کو شرح کی تبدیلی کی شرح سے تعبیر کرسکتے ہیں ۔ لیکن اس کی ہندسی تشریح اتنی سادہ نہیں ہے ۔ تاہم د وسرا مشتق کی ترسیم کے گھماؤ کے نصف قطر کے $f''(x)$ د رمیان ایک قریبی تعلق موجود ہے جسے آپ اعلیٰ درجے میں $y = f(x)$ سیکھیں گے۔

اسی طرح، اگر f'' موجود ہو ، یہ تفرقی ہوسکتا ہے یانہیں ،اگر ہو تو مشتق f'' کو f کا تیسرا تفرقی کہا جاتا ہے اور اس کو ایسے اظہار کیاجاتا ہے۔

$$f'''(x) = \frac{d^3 y}{dx^3} = y''' = y_3.$$

ہم جسمانی طور پر تیسرے مشتق کی تشریح کرسکتے ہیں ۔ جب تفاعل شئے کا پوزیشن تفاعل $f(t)$ ہو جو خط مستقیم کے ساتھ حرکت کرے۔ کیونکہ $s''' = (s'')' = a'(t)$ پوزیشن تفاعل کا تیسرا تفرقی اسراع تفاعل کا تفرقی ہے جسے جرک (جھٹکا) کہا جاتا ہے۔

$$j = \frac{da}{dt} = \frac{d^3 s}{dt^3}.$$

یعنی جرکی (جھٹکا) جو اسراع کی شرح کی تبدیلی ہے۔

اس کا مناسب نام رکھا گیا ہے کیونکہ ایک بڑ اجھٹکا سے مطلب جو تیز رفتار میں تبدیلی، جو کسی گاڑی میں اچانک حرکت کے سبب سے بنتی ہے۔

مثال 10.31

اگر $y = x^3 - 6x^2 - 5x + 3$ ہوں تو y' ، y'' اور y''' معلوم کیجئے۔

حل

$$y = x^3 - 6x^2 - 5x + 3$$

$$y' = 3x^2 - 12x - 5 \quad \text{اور}$$

$$y'' = 6x - 12$$

$$y''' = 6.$$

مثال 10.32

y''' معلوم کریں اگر $y = \frac{1}{x}$ ہے

حل

$$y = \frac{1}{x} = x^{-1} \quad \text{ہمیں حاصل}$$

$$y' = -1x^{-2} = -\frac{1}{x^2}$$

$$y'' = (-1)(-2)x^{-3} = \frac{(-1)^2 2!}{x^3}.$$

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 173 21-02-2023 15:08:59

$$y''' = (-1)(-2)(-3)x^{-4} = \frac{(-1)^3 3!}{x^4} \quad \text{اور}$$

مثال 10.33

اگر $f(x) = x\cos x$ ہوں تو f'' معلوم کیجئے

حل

$$f(x) = x\cos x. \quad \text{ہمیں}$$
$$f'(x) = -x\sin x + \cos x \quad \text{اب}$$
$$f''(x) = -(x\cos x + \sin x) - \sin x \quad \text{اور}$$
$$= -x\cos x - 2\sin x.$$

مثال 10.34

y'' معلوم کریں جب کہ $x^4 + y^4 = 16$ ہے

حل

ہمیں، $x^4 + y^4 = 16$

y مضمر تفرق سے $\quad 4x^3 + 4y^3 y' = 0$

y' کو حل کرنے حاصل

$$y' = -\frac{x^3}{y^3}.$$

y'' کو معلوم کرنے کے لئے مساوات y' کو تقسیمی اصول سے تفرق کریں اور یاد رکھیں کہ y تفاعل ہے x کے لئے

$$y'' = \frac{d}{dx}\left(\frac{-x^3}{y^3}\right) = \frac{-\left[y^3\frac{d}{dx}(x^3) - x^3\frac{d}{dx}(y^3)\right]}{(y^3)^2}$$
$$= -\frac{\left[y^3.3x^2 - x^3(3y^2y')\right]}{y^6}$$
$$= -\frac{3x^2y^3 - 3x^3y^2\left(-\frac{x^3}{y^3}\right)}{y^6}$$
$$= -\frac{3(x^2y^4 + x^6)}{y^7} = \frac{-3x^2[x^4 + y^4]}{y^7}$$
$$= \frac{-3x^2(16)}{y^7} = \frac{-48x^2}{y^7}.$$

مثال 10.35

دوسرے درجے کی تفرق معلوم کریں۔ اگر x اور y دئے گئے ہیں ج

$$x = a\cos t$$
$$y = a\sin t.$$

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 174 21-02-2023 15:08:59

حل

x کے احترام سے مضمر تفرق کرنے پر، ہمیں

$$\frac{dy}{dx} = \frac{\frac{dy}{dt}}{\frac{dx}{dt}} = \frac{a\cos t}{-a\sin t} = -\frac{\cos t}{\sin t}$$

$$\frac{d^2y}{dx^2} = \frac{d}{dx}\left(\frac{dy}{dx}\right)$$

$$= \frac{d}{dx}\left(\frac{-\cos t}{\sin t}\right)$$

$$= \frac{d}{dt}\left(\frac{-\cos t}{\sin t}\right)\frac{dt}{dx} = -[-\text{cosec}^2 t]\times\frac{1}{x'(t)}$$

$$= \text{cosec}^2 t \times \frac{1}{-a\sin t}$$

$$= -\frac{\cos ec^3 t}{a}.$$

مثال 10.36

$\frac{d^2y}{dx^2}$ معلوم کیجئے اگر $x^2 + y^2 = 4$ ہے

حل

ہمیں حاصل $x^2 + y^2 = 4$

یوں پہلے $\frac{dy}{dx} = -\frac{x}{y}$

لہذا، تقسیمی اصول سے

$$\frac{d^2y}{dx^2} = -\frac{d}{dx}\left(\frac{x}{y}\right)$$

$$= -\frac{y.1 - x.\frac{dy}{dx}}{y^2}$$

$$= -\frac{y - x\left(-\frac{x}{y}\right)}{y^2}$$

$$= -\frac{x^2 + y^2}{y^3} = -\frac{4}{y^3}.$$

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 175 21-02-2023 15:08:59

مشق 10.4

درج ذیل (1-18) کے لئے تفرق معلوم کریں

(1) $y = x^{\cos x}$

(2) $y = x^{\log x} + (\log x)^x$

(3) $\sqrt{xy} = e^{(x-y)}$

(4) $x^y = y^x$

(5) $(\cos x)^{\log x}$

(6) $\frac{x^2}{a^2} + \frac{y^2}{b^2} = 1$

(7) $\sqrt{x^2 + y^2} = \tan^{-1}\left(\frac{y}{x}\right)$

(8) $\tan(x+y) + \tan(x-y) = x$

(9) اگر $\cos(xy) = x$ ہوں، ثابت کریں کہ $\frac{dy}{dx} = \frac{-(1 + y\sin(xy))}{x\sin xy}$

(10) $\tan^{-1}\sqrt{\frac{1-\cos x}{1+\cos x}}$

(11) $\tan^{-1}\left(\frac{6x}{1-9x^2}\right)$

(12) $\cos\left(2\tan^{-1}\sqrt{\frac{1-x}{1+x}}\right)$

(13) $x = a\cos^3 t \ ; \ y = a\sin^3 t$

(14) $x = a(\cos t + t\sin t) \ ; \ y = a(\sin t - t\cos t)$

(15) $x = \frac{1-t^2}{1+t^2}, y = \frac{2t}{1+t^2}$

(16) $\cos^{-1}\left(\frac{1-x^2}{1+x^2}\right)$

(17) $\sin^{-1}(3x - 4x^3)$

(18) $\tan^{-1}\left(\frac{\cos x + \sin x}{\cos x - \sin x}\right)$

(19) $\sin x^2$ کے احترام سے x^2 کی تفرق کیجئے

(20) $\sin^{-1}\left(\frac{2x}{1+x^2}\right)$ کے احترام سے $\tan^{-1} x$ کی تفرق کیجئے

(21) اگر $u = \tan^{-1}\frac{\sqrt{1+x^2}-1}{x}$ اور $v = \tan^{-1} x$، معلوم کریں۔ $\frac{du}{dv}$

(22) $\tan^{-1}\left(\frac{\sin x}{1+\cos x}\right)$ کے احترام سے $\tan^{-1}\left(\frac{\cos x}{1+\sin x}\right)$ کی تفرق معلوم کریں

(23) اگر $y = \sin^{-1} x$ ہوں تو y'' معلوم کیجئے

(24) اگر $y = e^{\tan^{-1} x}$، ہوں تو، ثابت کریں کہ $(1+x^2)y'' + (2x-1)y' = 0$

(25) اگر $y = \frac{\sin^{-1} x}{\sqrt{1-x^2}}$ ہوں تو ثابت کریں کہ $(1-x^2)y_2 - 3xy_1 - y = 0.$

(26) اگر $x = a(\theta + \sin\theta)$ $y = a(1 - \cos\theta)$ ہوں تو ثابت کریں جب کہ $\theta = \frac{\pi}{2}, y'' = \frac{1}{a}$ ہے۔

(27) اگر $\sin y = x\sin(a+y)$ تو، ثابت کریں کہ $\frac{dy}{dx} = \frac{\sin^2(a+y)}{\sin a}$، $a \neq n\pi$.

(28) اگر $y = (\cos^{-1} x)^2$ ہوں توثابت کریں کہ $(1-x^2)\frac{d^2y}{dx^2} - x\frac{dy}{dx} - 2 = 0$ ہے اور یوں ہی y_2 معلوم کریں جب کہ $x = 0$ ہے۔

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 176 21-02-2023 15:09:03

R9X61

مشق 10.5

دیے گئے چار متبادلوں میں سے صحیح یا مناسب جواب کا انتخاب کریں

(1) $\frac{d}{dx}\left(\frac{2}{\pi}\sin x^\circ\right)$ کے لئے

(1) $\frac{\pi}{180}\cos x^\circ$ (2) $\frac{1}{90}\cos x^\circ$ (3) $\frac{\pi}{90}\cos x^\circ$ (4) $\frac{2}{\pi}\cos x^\circ$

(2) اگر $y = f(x^2+2)$ اور $f'(3)=5$ ہو تو $\frac{dy}{dx}$ کے لئے $x=1$

(1) 5 (2) 25 (3) 15 (4) 10

(3) اگر $y=\frac{1}{4}u^4$ ، $u=\frac{2}{3}x^3+5$ ہو تو $\frac{dy}{dx}$

(1) $\frac{1}{27}x^2(2x^3+15)^3$ (2) $\frac{2}{27}x(2x^3+5)^3$

(3) $\frac{2}{27}x^2(2x^3+15)^3$ (4) $-\frac{2}{27}x(2x^3+5)^3$

(4) اگر $f(x)=x^2-3x$ ہو تو، نقطے جس پر $f(x)=f'(x)$ ہیں

(1) دونوں مثبت سالم عددیں (2) دونوں منفی سالم عددیں

(3) دونوں غیر ناطق (4) ایک ناطق اور دوسرا غیر ناطق

(5) اگر $y=\frac{1}{a-z}$ ہو تو، $\frac{dz}{dy}$ تو

(1) $(a-z)^2$ (2) $-(z-a)^2$ (3) $(z+a)^2$ (4) $-(z+a)^2$

(6) اگر $y=\cos(\sin x^2)$ ہو تو $\frac{dy}{dx}$ پر جو $x=\sqrt{\frac{\pi}{2}}$

(1) -2 (2) 2 (3) $-2\sqrt{\frac{\pi}{2}}$ (4) 0

(7) اگر $y=mx+c$ اور $f(0)=f'(0)=1$ ہوں تو $f(2)$ کے لئے

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) -3

(8) اگر $f(x)=x\tan^{-1}x$ ہوں، تو $f'(1)$ کے لئے

(1) $1+\frac{\pi}{4}$ (2) $\frac{1}{2}+\frac{\pi}{4}$ (3) $\frac{1}{2}-\frac{\pi}{4}$ (4) 2

(9) $\frac{d}{dx}(e^{x+5\log x})$ کے لئے

(1) $e^x.x^4(x+5)$ (2) $e^x.x(x+5)$ (3) $e^x+\frac{5}{x}$ (4) $e^x-\frac{5}{x}$

(10) اگر $(ax-5)e^{3x}$ پر مشتق $x=0$ کی قیمت -13 ہوں، تو a کی قیمت جو

(1) 8 (2) -2 (3) 5 (4) 2

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 177 21-02-2023 15:09:04

(11) اگر $x=\frac{1-t^2}{1+t^2}$ ، $y=\frac{2t}{1+t^2}$ ہو تو، $\frac{dy}{dx}$ تو

(1) $-\frac{y}{x}$ (2) $\frac{y}{x}$ (3) $-\frac{x}{y}$ (4) $\frac{x}{y}$

(12) اگر $x=a\sin\theta$ اور $y=b\cos\theta$ ہو تو، $\frac{d^2y}{dx^2}$ تو

(1) $\frac{a}{b^2}\sec^2\theta$ (2) $-\frac{b}{a}\sec^2\theta$ (3) $-\frac{b}{a^2}\sec^3\theta$ (4) $-\frac{b^2}{a^2}\sec^3\theta$

(13) $\log_{10}x$ کے احترام سے $\log_x 10$ کی تفرقی ضریب

(1) 1 (2) $-(\log_{10}x)^2$ (3) $(\log_x 10)^2$ (4) $\frac{x^2}{100}$

(14) اگر $f(x)=x+2$ ، تو $f'(f(x))$ جو $x=4$ پر

(1) 8 (2) 1 (3) 4 (4) 5

(15) اگر $y=\frac{(1-x)^2}{x^2}$ ، $\frac{dy}{dx}$ تو x کے لئے

(1) $\frac{2}{x^2}+\frac{2}{x^3}$ (2) $-\frac{2}{x^2}+\frac{2}{x^3}$ (3) $-\frac{2}{x^2}-\frac{2}{x^3}$ (4) $-\frac{2}{x^3}+\frac{2}{x^2}$

(16) اگر $pv=81$ ہوں تو، $\frac{dp}{dv}$ پر $v=9$ کی قیمت

(1) 1 (2) – 1 (3) 2 (4) –2

(17) اگر $f(x)=\begin{cases}x-5 & \text{if } x\le 1\\ 4x^2-9 & \text{if } 1<x<2\\ 3x+4 & \text{if } x\ge 2\end{cases}$ ہوں تو $x=2$ پر $f(x)$ کے

(1) 0 (2) 2 (3) 3 (4) 4

(18) دیا گیا $f'(a)$ وجود ہے، تو $\lim_{x\to a}\frac{xf(a)-af(x)}{x-a}$ کے لئے

(1) $f(a)-af'(a)$ (2) $f'(a)$ (3) $-f'(a)$ (4) $f(a)+af'(a)$

(19) اگر $f(x)=\begin{cases}x+1, & \text{when } x<2\\ 2x-1 & \text{when } x\ge 2\end{cases}$ ہوں تو $f'(2)$ کے لئے

(1) 0 (2) 1 (3) 2 (4) غیر وجود

(20) اگر $g(x)=(x^2+2x+1)f(x)$ اور $f(0)=5$ اور $\lim_{x\to 0}\frac{f(x)-5}{x}=4$ ہوں تو $g'(0)$ کے لئے

(1) 20 (2) 14 (3) 18 (4) 12

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 178 21-02-2023 15:09:05

(21) اگر $f(x)=\begin{cases}x+2, & -1<x<3\\ 5 & x=3\\ 8-x & x>3\end{cases}$ تو $x=3$ پر $f'(x)$ کے لئے

(1) 1 (2) -1 (3) 0 (4) غیر وجود

(22) $x=-3$ پر مشتق $f(x)=x|x|$ کے لئے

(1) 6 (2) -6 (3) غیر وجود (4) 0

(23) اگر $f(x)=\begin{cases}2a-x, & \text{for } -a<x<a\\ 3x-2a & \text{for } x\geq a\end{cases}$ تو مندرجۂ ذیل میں کون سا صحیح ہے؟

(1) $x=a$ پر $f(x)$ غیر تفرقی ہے (2) $x=a$ پر $f(x)$ غیر تسلسل ہے

(3) $\mathbb{R}$ میں تمام x کے لئے $f(x)$ تسلسل ہے (4) $f(x)$ تمام $x\geq a$ کے لئے تفرقی ہے۔

(24) اگر دوسری جگہ $f(x)=\begin{cases}ax^2-b, & -1<x<1\\ \dfrac{1}{|x|}, & \text{elsewhere}\end{cases}$ ہو $x=1$ پر تفرقی ہوں تو،

(1) $a=\frac{1}{2},\ b=\frac{-3}{2}$ (2) $a=\frac{-1}{2},\ b=\frac{3}{2}$ (3) $a=-\frac{1}{2},\ b=-\frac{3}{2}$ (4) $a=\frac{1}{2},\ b=\frac{3}{2}$

(25) $\mathbb{R}$ میں نقطوں کی تعداد جو تعامل $f(x)=|x-1|+|x-3|+\sin x$ غیر تفرقی ہونے کے لئے

(1) 3 (2) 2 (3) 1 (4) 4

خلاصہ (SUMMARY)

اس سبق میں ہم نے مطالعہ کیا

- مشتق جو شرح کی تبدیلی ہے۔ اگر $y=f(x)$ ہو تو y کی مشق x کے احترام سے x_0 پرفراہم شدہ حد وجود ہوں جہاں $\lim\limits_{\Delta x\to 0}\dfrac{f(x_0+\Delta x)-f(x_0)}{\Delta x}$ وجود کا مطلب ہے

ایک منفرد حقیقی عدد ہے۔

- مشتق $y=f(x)$ جو $x=x_0$ پر. $\left(\dfrac{dy}{dx}\right)_{x=x_0}=f'(x_0)=\lim\limits_{x\to x_0}\dfrac{f(x)-f(x_0)}{x-x_0}$

- کے مشتق کی ہندسی معنی یوں ہے کہ منحنی کو $y=f(x)$ پر مماس ک h میلان. $y=f(x)$ at $(x,f(x))$ ہے۔

- مشتق $s=f(t)$ کے جسمانی معنی t کے احترام سے فاصلے میں تبدیلی ہے یعنی ر فتار، د وسرا مشتق اسراع ہے اور تیسرا مشتق جھٹکا ہے۔

- $y=f(x)$ کا غیر تسلسل جو $x=x_0$ پر حاصل $f(x)$ کا مختصر غیر تفرقی $x=x_0$ پر ہے۔

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 179 21-02-2023 15:09:06

- $x = x_0$ پر $y = f(x)$ کے مشتق کی عدم موجودگی کا مطلب یہ ہے $y = f(x)$ کا گراف مماس کو $(x_0, f(x_0))$ پر تسلیم کرنے میں ناکام ہے۔
- ہندسی طور پر، اگر ترسیم $y = f(x)$ کے $x = x_0$ جو caps $(\wedge)$ یا cups $(\vee)$ پر داخلہ لیں تو مشتق $x = x_0$ پر غیر وجود ہو گا۔
- مشتق کو عمل کے طور پر سمجھنا چاہئے۔ قوائد کے مجموعے کے طور پر نہیں
- تفرق سے مراد تسلسل ہے مگر اس کا مقابل صحیح نہیں ہے۔
- جمع ، تفریق، ضرب اور تفرقی تفاعلوں کا مرکب تفرقی ہے اور دو تفرقی تفاعل کا تقسیم تفرقی ہے جہاں پر اس کا تعارف ہے۔

$$\frac{d}{dx}(f(x) \pm g(x)) = \frac{d}{dx}f(x) \pm \frac{d}{dx}g(x) \quad \text{(i)}$$

$$\frac{d}{dx}(f(x)g(x)) = f(x)\frac{dg}{dx} + g(x)\frac{df}{dx} \quad \text{(ii)}$$

$$\frac{d}{dx}((fog)(x)) = f'(g(x))g'(x) \quad \text{(iii)}$$

$$\frac{d}{dx}\left(\frac{f(x)}{g(x)}\right) = \frac{g(x)f'(x) - f(x)g'(x)}{g^2(x)} \quad \text{(iv)}$$ جہاں $g(x) \neq 0$

ICT CORNER 10(a)

تفرقی کالکولس

متوقع نتائج



مرحلہ 1:

براؤزر کھولیں اور نیچے دئے گئے لنک کو ٹائپ کریں (یا) QR کوڈ کو اسکین کریں ۔
جیوجرا ورک بک "مشتقات" کھلے گا۔ اپنے اسباب کے متعلق بہت سارے ورک شیٹ ملیں گیں۔

مرحلہ 2:

ورک شیٹ مشتقات کے تفاعلوں کو ڈھونڈنا کو چنئے ۔ آپ $f(x)$ - تفاعل کے ہر کوئی باکس میں داخل ہوسکتے ہیں ۔ آپ نیلے رنگ میں تفاعلوں کو اور زردی رنگ میں مشتقات کو دیکھ سکتے ہیں ۔ مشتق (x پر میلان، x) کے ہر ایک نقطہ کی میلان سے مشتقوں کو معلوم کرسکتے ہیں $f(x)$



مرحلہ 1



مرحلہ 2

YCNFJ

Browse in the link:

Derivatives: https://ggbm.at/fk3w5g8y

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 180 21-02-2023 15:09:06

ICT CORNER 10(b)

تفرقی کا لکولس

متوقع نتائج



مرحلہ 1:

براؤزر کھولیں اور نیچے دئے گئے لنک کو ٹائپ کریں (یا) QR کوڈ کو اسکین کریں ۔

جیوجیرا ورک بک "مشتقات" کھلے گا ۔ اپنے اسباب سے متعلق بہت سارے ورک شیٹ ملیں گیں۔

مرحلہ 2:

ورک شیٹ ترسیم میں مشتقات چنے ۔ چند بنیادی تفاعل اور مشتقات ایک دوسرے کے نتیجے دئے گئے ہیں۔

آپ "a" کی قیمت میں تبدیل کرکے سلیڈر کو حرکت دیں اور غور کریں کہ ہر ایک تفاعل اور مشتقات میں تبدیل ہوگی۔



مرحلہ 1



مرحلہ 2

Browse in the link:

Derivatives: https://ggbm.at/fk3w5g8y

10_11th-Maths-Vol2-Unit10_UM.indd 181 21-02-2023 15:09:07

باب 11

تکملہ احصا
(Integral Calculus)

یہ قابل توجہ ہے کہ علامت دریافت کرنے میں مدد کرتا ہے۔
یہ، انتہائی حیرت انگیز انداز میں دماغی مشقت کو کم کرتا ہے۔

- گاٹ فریڈ ولہم لب نٹس

11.1 تعارف (Introduction)


لب نٹس


نیوٹن

گاٹ فریڈ ولہم لب نٹس (1646-1716) اور سر اسحاق نیوٹن(1643-1727) نے 17 ویں صدی کے وسط میں آزادانہ طور پر احصا (calculus) کا دریافت کیا۔ لب نٹس، ایک جرمن فلسفی، ریاضی دان اور سیاسی مشیر تھا۔ اہم بات یہ ہے کہ یہ دونوں طبیعیات اور تجزیہ کار دونوں ہی میں ماہر تھے۔ تفریق اور تکملہ احصا ایک مشہور آزاد موجد تھا۔ سر اسحاق نیوٹن نے ایک مقام پر ایک لمحے میں اضافے پر غور کرکے ایک منحنی کے تحت رقبہ کے لئے اظہار خیال پیدا کیا تھا۔ درحقیقت احصا کا بنیادی نظریہ ان کے حساب سے ہی بنایا گیا تھا۔ ان کا کام اور دریافتیں صرف ریاضی تک ہی محدود نہیں تھا انھوں نے بصریات اور جاذبیت میں بھی نظریات تیار کئے۔

تفریق اور تکمیل کے بغیر کوئی بھی دنیا کا تصور نہیں کرسکتا۔ اس صدی میں، ہم نے ریاضی کے ان دو بنیادی اجزاء کی ذہین استعمال کی وجہ سے قابل ذکر سائنسی ترقی دیکھی ہے۔ طبیعیات، فلکیات، انجنیئرنگ، کیمیاء، ارضیات، حیاتیات اور سماجی سائنس میں پائے جانے والے مختلف قسم کے مسائل کا حل معلوم کرنے کے لئے احصا ناگزیر آلے کے طور پر کام کرتے ہیں۔

احصا بنیادی طور پر دو ہندسی مسائل سے معاملہ کرتا ہے۔

(i) منحنی پر مس کرنے والے خط کا میلان معلوم کرنے کے مسئلے کا مطالعہ محدود عمل کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ جیسے تفریق کے نام سے مانا جاتا ہے۔ اور

(ii) کسی منحنی کے خطہ کا رقبہ معلوم کرنے کے مسئلے کو تکمیل نامی ایک اور محدود عمل سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔

ابواب 9 اور 10 میں ہم نے تفریقی احصا کا مطالعہ کیا ہے۔ اس باب میں ہمیں تکمیل کے کچھ بنیادی اصولوں کا مطالعہ کریں۔

ذیل میں واضع کچھ آسان حالات پر غور کریں۔

صورت حال 1: (Situation 1)

ایک مستوی میں دو نقاط A اور B کے درمیاں سب سے کم فاصلہ قطاع خط جو خط مستقیم A اور B میں شامل ہوتا ہے۔ فرض کریں کے دونقاط A اور B کو ملانے والی خط کو معلوم کرنے کی ضرورت ہے جو عمودی خط پر واقع نہیں جیسا کہ ایک متحرک ذرہ مختصر وقت میں (کم سے کم وقت) A سے B تک اس خط پر نیچے پھسل جاتا ہے۔ ہم میں سے بہت سوں کا خیال ہے کہ خاکہ 11.1 (a) میں سب سے کم فاصلہ طے کرنے میں کم وقت ہوگا۔

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 182 21-02-2023 15:09:57



A اور B کے درمیان مختصر فاصلہ والا راستہ

11.1 (a) خاکہ

A اور B کے درمیان سب سے کم وقت کا راستہ

11.1 (b) خاکہ

یقینی طور پر یہ راستہ نقاط A اور B میں شامل ہونے والا سب سے کم وقت والا راستہ نہیں ہے، کیونکہ خط مستقیم (خاکہ 11.1 (a)) میں حرکت کی سمتی رفتار نسبتاً سُست ہو جبکہ یہ منحنی A کے قریب ڈھلوان ہے(خاکہ 11.1 (b))۔ حالانکہ یہ راستہ لمبا ہوجاتا ہے، فاصلے کا کافی حصّہ زیادہ رفتار سے ڈھانپ لیا جائے گا۔ اس مسئلے کا حل تکملہ احصا کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے۔ اس کو براسیڑوکوں (Brachistochrone) مسئلہ کہاجاتاہے جو تکملہ آلے کے ذریعے تغیر کے احصا کا مطالعہ شروع کرتا ہے۔

صورت حال 2: (Situation 2)

ابتدائی ہندسی میں معلوم کردہ ضابطوں کا استعمال کر کے نیچے دئے گئے باقاعدہ نمونوں کی پیمائش کو معلوم کرنے کے بارے میں ہم پہلے ہی پڑھ چکے ہیں۔



11.2 (a) خاکہ

تفاعلات کے ذریعے دئے گئے مندرجہ ذیل نمونوں کی پیمائش کیسے کی جاسکتی ہے؟



11.2 (b) خاکہ

حالانکہ یہ مسئلے مشکل دکھائی دیتی ہے، لیکن تکملہ احصا اسے بغیر کسی دشواری کے حل کرتا ہے۔

صورت حال 3: (Situation 3)



11.3 خاکہ

ایک خاص لمحے میں ، ایک طالب علم کو اپنی تیز رفتار موٹر سائیکل کو روکنے کی ضرورت ہے تاکہ اس سے 40 میٹر دور فاصلے کے آڑ کی ٹکراؤ سے بچ سکیں۔ فوری طورپر اس نے $8\ m/s^2$ کی شرح سے موٹر سائیکل کی رفتار کو بریک لگا کر سُست (اسراع) کردیا۔ اگر موٹر سائیکل $24\ m/s$ کی رفتار سے آگے بڑھ رہی ہے، جب بریک لگایاجائے تو کیا یہ ٹکراؤ سے پہلے رُک جائے گی؟

مندرجہ ذیل مسائل بھی دیکھیں جو ہماری زندگی میں قدرتی طور پر پائے جاتے ہیں۔

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 183 21-02-2023 15:09:58

- ایک سیارچے(satellite) کو اوپر کی جانب بھیجنے کے لئے کس رفتار کی آگ کا استعمال کرنا چاہئے تاکہ وہ کبھی زمین پر واپس نہ آئے؟
- سب سے چھوٹی مدوری پتی (circular disc) کا نصف قطر کیا ہے جو دیے ہوئے احاطہ P میں ہر مثلث مساوی اساقین کو ڈھانپ سکیں۔
- اگر نصف قطر r والے سوراخ کو وسط میں ڈِرل کیا جائے تاکہ نصف قطر $2r$ والے ٹھوس کرۂ سے مواد کی کیا مقدار کو ہٹایا جاتا ہے؟
- اگر بیکٹریا کا دباؤ موجود مقدار کے متناسب شرع سے بڑھتا ہے اور اگر آبادی ایک گھنٹے میں دُگنی ہوجاتی ہے تو دو گھنٹے کے آخر میں اس میں کتنا اضافہ ہوگا؟

تکمیل مندرجہ بالا سارے مسائل کا جواب دے گا۔

سیکھنے کے مقاصد (Learning Objectives)

اس باب کے اختتام پر طلباء سے توقع کی جاتی ہے

- تفریق کے عمل کو برعکس کرنے کے نتیجے میں غیر معین تکملہ کی تعریف کو سمجھیں
- بعض ابتدائی تفاعلات کی حاصل جمع ، تفریق اور مستقل ضربوں کے غیر معین تکملہ معلوم کرنا
- مخلوط تفاعلات (composite functions) کے غیر معین تکملہ معلوم کرنے کے لئے مناسب طریقے کا استعمال کرنا۔
- جب تفاعل میں تبدیلی کی شرح دی جاتی ہے، تو تکمیل کا اطلاق کرکے تفاعل کا معلوم کرنا

11.2 نیوٹن-لیب نیز تکملہ (Newton-Leibnitz Integral)

تکمیل احصا بنیادی طور پر غیر معین تکملہ اور معین تکملہ میں تقسیم کیاجاتاہے۔ اس باب میں، ہم غیر معین تکملہ ، اس کے مشتق (Derivation) سے کسی تفاعل کو حاصل کرنے کے عمل کا مطالعہ کرتے ہیں۔

ہم پہلے سے ہی معکوس کے عمل سے واقف ہیں۔ $(+,-), (\times,\div), \left((\,)^n, \sqrt[n]{\ }\right)$ یہ چند معکوس عمل کے جوڑی ہیں ۔ اس طرح تفریق اور تکمیل $(d, \int)$ بھی معکوس کے عمل ہیں۔ اس حصّے میں ہم تفریق معکوس عمل کو ترقی کرتے ہیں جسے مخالف تفریق (Anti-differentiation) کہتے ہیں۔



11.4 خاکہ

تعریف 11.1

وقفہ I پر ایک تفاعل $f(x)$ کا مخالف مشتق (نیوٹن – لیب نیز یا ابتدائی) ایک تفاعل $F(x)$ کہاجاتاہے، اگر

$F'(x) = f(x)$، I میں x کی ہر قیمت کے لئے

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 184 21-02-2023 15:09:59

تشریح 11.1

اگر $F(x) = x^2 + 5$ ہو تو

$$F'(x) = 2x$$

اس طرح اگر $f(x)$ کی تعریف

$f(x) = 2x$ ہوتو

ہم کہتے ہیں کہ $F(x)$ کا مشتق $f(x)$ ہے اور $f(x)$ کا مخالف مشتق $F(x)$ ہے



11.5 خاکہ

مندرجہ ذیل جدول پر غور کریں

$F(x)$	$F'(x) = f(x)$	$f(x) = 2x$ مخالف مشتق کا
$P(x) = x^2 + 0$ $Q(x) = x^2 + 2$ $H(x) = x^2 - 1$	$P'(x) = 2x$ $Q'(x) = 2x$ $H'(x) = 2x$ } $f(x) = 2x$	$F(x) = x^2 + ?$

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ $F(x)$، $P(x)$، $Q(x)$ اور $H(x)$ کا مشق $f(x)$ ہے، لیکن اس کے برعکس $f(x) = 2x$ کا مخالف مشتق منفرد نہیں ہے۔ یعنی $f(x)$ کا مخالف مشتق لامتناہی متعدی تفاعلات کا ایک خاندان ہے۔

مسئلہ 11.1

اگروقفہ I پرایک تفاعل $f(x)$ کا خاص مخالف مشتق $F(x)$ ہو تو $f(x)$ کا ہر مخالف مشتق وقفہ I پر دیاگیا ہے،

$$\int f(x)dx = F(x) + c$$

جہاں c کو اختیاری مستقل کہا جاتاہے اور وقفہ I پر $f(x)$ کا تمام مخالف مشتق c کو خاص قیمت منسوب کرکے حاصل کیاجاسکتا ہے۔

تفاعل $f(x)$ کو تکمیل کہا جاتا ہے

dx میں متغیر x کو تکمیل کا متغیر یا تکملہ کہاجاتا ہے۔

تکملہ کے معلوم کرنے کے عمل کو تکمیل یا مخالف تفریق کہاجاتا ہے(نیوٹن –لیب نیز تکملہ)۔

اس عجیب تکملہ کی علامت $\int$ ایک لمبی S (جیسے Σ) میں پیدا ہوتا ہے۔ جس کا مطلب حاصل جمع ہے۔

اکثر اطلاقات جس میں تفریق شامل ہو تو اس کی مطلوب یہ ہوتی ہے کہ وہ ایک خاص تکملہ کی مخالف مشتق معلوم کرنے میں کچھ ایسی شرائط کو پوری کرتاہے جس کو ابتدائی یا حد کی شرائط کہتے ہیں۔

مثال کے طور پر، اگر $\frac{dy}{dx}$ پر مشتمل ایک مساوات کے ساتھ ساتھ ابتدائی شرائط دی گئی ہو جو $y = y_1$ جب $x = x_1$ ہوتو اس کے بعد تمام مخالف مشتق کا سٹ مل جاتا ہے، اگر x اور y کو x_1 اور y_1 سے تبدیل کیاجاتا ہے تو اختیاری مستقل ایک خاص قیمت کا تعین کیاجاتا ہے۔ c کی اس قیمت کے ساتھ ایک خاص مخالف مشتق حاصل کیا جاتا ہے۔

تشریح 11.2

فرض کرو کہ ہم کسی خاص مخالف مشتق کو معلوم کرنا چاہتے ہیں جو مساوات $\frac{dy}{dx} = 2x$ کو مطمئن کرتا ہے۔

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 185 21-02-2023 15:10:01

جب $x = 2$، $y = 10$ اور ابتدائی شرائط

دی گئی مساوات سے

$$\frac{dy}{dx} = 2x$$
$$y = \int 2x\,dx$$
$$y = x^2 + c$$

مندرجہ بالا مساوات میں ہم $y = 10$ کا متبادل بناتے ہیں جب $x = 2$ ہو تو

$$10 = 2^2 + c \;\Rightarrow\; c = 6$$

جب یہ قیمت متبادل کرتے ہیں تو ہم حاصل کرتے ہیں

$$y = x^2 + 6$$

جو خاص طور پر مخالف مشتق کو مطلوبہ دیتا ہے۔

11.3 تکمیل کا بنیادی اصول (Basic Rules of Integration)

معیاری نتائج (Standard results):

چونکہ تکمیل کا معکوس عمل ہی تفریق ہے۔ ذیل میں دئے گئے بنیادی تکمیل کے ضابطوں کو براہ راست پچھلے باب سے متعلقہ مشتق ضابطوں سے اخذ کیا جاسکتا ہے۔

مشتق	مخالف مشتق
$\frac{d}{dx}(c) = 0$، جہاں c ایک مستقل ہے	$\int 0\,dx = c$، جہاں c ایک مستقل ہے
$\frac{d}{dx}(kx) = k$، جہاں k ایک مستقل ہے	$\int k\,dx = kx + c$، جہاں c ایک مستقل ہے
$\frac{d}{dx}\left(\frac{x^{n+1}}{n+1}\right) = x^n$	$\int x^n dx = \frac{x^{n+1}}{n+1} + c, \quad n \neq -1$، (قوت کا قاعدہ)
$\frac{d}{dx}(\log x) = \left(\frac{1}{x}\right)$	$\int \frac{1}{x}\,dx = \log\lvert x\rvert + c$
$\frac{d}{dx}(-\cos x) = \sin x$	$\int \sin x\,dx = -\cos x + c$
$\frac{d}{dx}(\sin x) = \cos x$	$\int \cos x\,dx = \sin x + c$
$\frac{d}{dx}(\tan x) = \sec^2 x$	$\int \sec^2 x\,dx = \tan x + c$

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 186 21-02-2023 15:10:02

$\frac{d}{dx}(-\cot x) = \operatorname{cosec}^2 x$	$\int \operatorname{cosec}^2 x\, dx = -\cot x + c$
$\frac{d}{dx}(\sec x) = \sec x \tan x$	$\int \sec x \tan x\, dx = \sec x + c$
$\frac{d}{dx}(-\operatorname{cosec} x) = \operatorname{cosec} x \cot x$	$\int \operatorname{cosec} x \cot x\, dx = -\operatorname{cosec} x + c$
$\frac{d}{dx}(e^x) = e^x$	$\int e^x dx = e^x + c$
$\frac{d}{dx}\left(\frac{a^x}{\log a}\right) = a^x$	$\int a^x dx = \frac{a^x}{\log a} + c$
$\frac{d}{dx}(\sin^{-1} x) = \frac{1}{\sqrt{1-x^2}}$	$\int \frac{1}{\sqrt{1-x^2}} dx = \sin^{-1} x + c$
$\frac{d}{dx}(\tan^{-1} x) = \frac{1}{1+x^2}$	$\int \frac{1}{1+x^2} dx = \tan^{-1} x + c$

مثال 11.1

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

(i) x^{10} (ii) $\frac{1}{x^{10}}$ (iii) $\sqrt{x}$ (iv) $\frac{1}{\sqrt{x}}$

حل

(i) ہم جانتے ہیں $\int x^n dx = \frac{x^{n+1}}{n+1} + c, \quad n \neq -1.$

$n = 10$ درج کرنے سے، ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\int x^{10} dx = \frac{x^{10+1}}{10+1} + c = \frac{x^{11}}{11} + c$$

(ii) $$\int \frac{1}{x^{10}} dx = \int x^{-10} dx = \frac{x^{-10+1}}{-10+1} + c = -\frac{1}{9x^9} + c$$

(iii) $$\int \sqrt{x} dx = \int x^{\frac{1}{2}} dx = \frac{x^{\frac{1}{2}+1}}{\frac{1}{2}+1} + c = \frac{x^{\frac{3}{2}}}{\frac{3}{2}} + c = \frac{2}{3} x^{\frac{3}{2}} + c$$

(iv) $$\int \frac{1}{\sqrt{x}} dx = \int x^{-\frac{1}{2}} dx = \frac{x^{-\frac{1}{2}+1}}{-\frac{1}{2}+1} = 2\sqrt{x} + c$$

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 187 21-02-2023 15:10:04

مثال 11.2

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

(i) $\frac{1}{\cos^2 x}$ (ii) $\frac{\cot x}{\sin x}$ (iii) $\frac{\sin x}{\cos^2 x}$ (iv) $\frac{1}{\sqrt{1-x^2}}$

حل

$$\int \frac{1}{\cos^2 x} dx = \int \sec^2 x\, dx = \tan x + c \quad \text{(i)}$$

$$\int \frac{\cot x}{\sin x} dx = \int \operatorname{cosec} x \cot x\, dx = -\operatorname{cosec} x + c \quad \text{(ii)}$$

$$\int \frac{\sin x}{\cos^2 x} dx = \int \frac{\sin x}{\cos x} . \frac{1}{\cos x} dx = \int \tan x \sec x\, dx = \sec x + c \quad \text{(iii)}$$

$$\int \frac{1}{\sqrt{1-x^2}} dx = \sin^{-1} x + c \quad \text{(iv)}$$

مثال 11.3

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

(i) $\frac{1}{e^{-x}}$ (ii) $\frac{x^2}{x^3}$ (iii) $\frac{1}{x^3}$ (iv) $\frac{1}{1+x^2}$

حل

$$\int \frac{1}{e^{-x}} dx = \int e^x dx = e^x + c \quad \text{(i)}$$

$$\int \frac{x^2}{x^3} dx = \int \frac{1}{x} dx = \log|x| + c \quad \text{(ii)}$$

$$\int \frac{1}{x^3} dx = \int x^{-3} dx = \frac{x^{-3+1}}{-3+1} + c = -\frac{1}{2x^2} + c \quad \text{(iii)}$$

$$\int \frac{1}{1+x^2} dx = \tan^{-1} x + c \quad \text{(iv)}$$

مشق 11.1

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

(1) (i) x^{11} (ii) $\frac{1}{x^7}$ (iii) $\sqrt[3]{x^4}$ (iv) $(x^5)^{\frac{1}{8}}$

(2) (i) $\frac{1}{\sin^2 x}$ (ii) $\frac{\tan x}{\cos x}$ (iii) $\frac{\cos x}{\sin^2 x}$ (iv) $\frac{1}{\cos^2 x}$

(3) (i) 12^3 (ii) $\frac{x^{24}}{x^{25}}$ (iii) e^x

(4) (i) $(1+x^2)^{-1}$ (ii) $\left(1-x^2\right)^{-\frac{1}{2}}$

11.4 تکملہ کی شکل $\int f(ax+b)dx$ (Integrals of the Form)

ہم جانتے ہیں

$$\frac{d}{dx}\left[\frac{(x-a)^{10}}{10}\right] = (x-a)^9 \Rightarrow \int (x-a)^9 dx = \frac{(x-a)^{10}}{10} + c$$

$$\frac{d}{dx}[\sin(x+k)] = \cos(x+k) \Rightarrow \int \cos(x+k)dx = \sin(x+k) + c$$

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 188 21-02-2023 15:10:06

یہ واضح ہے کہ جب بھی مستقل کو آزاد متغیر x کے ساتھ جمع یا تفریق کیاجاتاہے تو بنیادی ضابطے مساوی رہتے ہیں۔

مگر

$$\frac{d}{dx}\left[\frac{1}{l}(e^{lx+m})\right] = e^{lx+m} \Rightarrow \int e^{lx+m}dx = \frac{1}{l}e^{(lx+m)} + c$$

$$\frac{d}{dx}\left[\frac{1}{a}\sin(ax+b)]\right] = \cos(ax+b) \Rightarrow \int \cos(ax+b)dx = \frac{1}{a}\sin(ax+b) + c$$

یہاں ، اگر کسی مستقل کو آزاد متغیر x سے ضرب کیاجاتا ہے، تو x کے سرعدد کے ذریعے تقسیم کرنے کے بعد اس بنیادی ضابطے کا استعمال کیاجاسکتا ہے۔

یعنی اگر $\int f(x)dx = g(x) + c$، تو $\int f(ax+b)dx = \frac{1}{a}g(ax+b) + c$

مندرجہ بالا ضابطہ متبادل کے طریقے کو استعمال کرکے بھی حاصل کیاجاسکتاہے، جس کا بعد میں مطالعہ کیاجائے گا۔

مثال 11.4

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی قیمت کیجئے:

(i) $\int (4x+5)^6\,dx$ (ii) $\int \sqrt{(15-2x)}\,dx$ (iii) $\int \frac{1}{(3x+7)^4}dx$

حل

(i) $$\int (4x+5)^6\,dx = \frac{1}{4}\frac{(4x+5)^{6+1}}{6+1} = \frac{(4x+5)^7}{28} + c$$

(ii) $$\int \sqrt{(15-2x)}\,dx = \int (15-2x)^{\frac{1}{2}}\,dx = \left(\frac{1}{-2}\right)\frac{(15-2x)^{\frac{1}{2}+1}}{(1/2)+1} = -\frac{(15-2x)^{\frac{3}{2}}}{3} + c$$

(iii) $$\int \frac{1}{(3x+7)^4}dx = \int (3x+7)^{-4}\,dx = \frac{1}{3}\frac{(3x+7)^{-4+1}}{-4+1} = -\frac{1}{9(3x+7)^3} + c$$

مثال 11.5

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

(i) $\sin(2x + 4)$ (ii) $\sec^2(3+4x)$ (iii) $\operatorname{cosec}(ax+b)\cot(ax+b)$

حل

(i) $$\int \sin(2x + 4)\,dx = \left(\frac{1}{2}\right)(-\cos(2x+4)) + c = -\frac{1}{2}\cos(2x+4) + c$$

(ii) $$\int \sec^2(3+4x)\,dx = \frac{1}{4}\tan(3+4x) + c$$

(iii) $$\int \operatorname{cosec}(ax+b)\cot(ax+b)\,dx = \left(\frac{1}{a}\right)(-\operatorname{cosec}(ax+b)) + c = -\frac{1}{a}\operatorname{cosec}(ax+b) + c$$

مثال 11.6

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

(i) e^{3x} (ii) e^{5-4x} (iii) $\frac{1}{(3x-2)}$ (iv) $\frac{1}{(5-4x)}$

حل

(i) $$\int e^{3x}\,dx = \frac{1}{3}e^{3x} + c$$ (ii) $$\int e^{5-4x}\,dx = -\frac{e^{5-4x}}{4} + c$$

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 189 21-02-2023 15:10:11

$$\int \frac{1}{(3x-2)}dx = \frac{1}{3}\log|(3x-2)|+c \quad \text{(iii)} \qquad \int \frac{1}{(5-4x)}dx = -\frac{1}{4}\log|(5-4x)|+c \quad \text{(iv)}$$

مثال 11.7

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

$$\frac{1}{1+(2x)^2} \quad \text{(i)} \qquad \frac{1}{\sqrt{1-(9x)^2}} \quad \text{(ii)} \qquad \frac{1}{\sqrt{1-25x^2}} \quad \text{(iii)}$$

حل

$$\int \frac{1}{1+(2x)^2}dx = \frac{1}{2}\tan^{-1}(2x)+c \quad \text{(i)} \qquad \int \frac{1}{\sqrt{1-(9x)^2}}dx = \frac{1}{9}\sin^{-1}(9x)+c \quad \text{(ii)}$$

$$\int \frac{1}{\sqrt{1-25x^2}}dx = \int \frac{1}{\sqrt{1-(5x)^2}}dx = \frac{1}{5}\sin^{-1}(5x)+c \quad \text{(iii)}$$

مشق 11.2

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کے تفاعلات کی تکمیل کیجئے:

(1) (i) $(x+5)^6$ (ii) $\frac{1}{(2-3x)^4}$ (iii) $\sqrt{3x+2}$

(2) (i) $\sin 3x$ (ii) $\cos(5-11x)$ (iii) $\operatorname{cosec}^2(5x-7)$

(3) (i) e^{3x-6} (ii) e^{8-7x} (iii) $\frac{1}{6-4x}$

(4) (i) $\sec^2\frac{x}{5}$ (ii) $\operatorname{cosec}(5x+3)\cot(5x+3)$ (iii) $\sec(2-15x)\tan(2-15x)$

(5) (i) $\frac{1}{\sqrt{1-(4x)^2}}$ (ii) $\frac{1}{\sqrt{1-81x^2}}$ (iii) $\frac{1}{1+36x^2}$

11.5 تکملہ کی خصوصیات (Properties of Integrals)

(1) اگر k کوئی مستقل ہو، تو $\int kf(x)dx = k\int f(x)dx$

(2) $\int (f_1(x)\pm f_2(x))dx = \int f_1(x)dx \pm \int f_2(x)dx$

نوٹ 11.1

مندرجہ بالا دو خصوصیات کو مشترکہ اور توسیع کے طور پر

$$\int (k_1f_1(x)\pm k_2f_2(x)\pm k_3f_3(x)\pm\cdots\pm k_nf_n(x))\,dx$$

$$= k_1\int f_1(x)dx \pm k_2\int f_2(x)dx \pm k_3\int f_3(x)dx \pm\cdots\pm k_n\int f_n(x)dx.$$

یعنی، ایک محدود تعداد میں تفاعلات کی خطی مجموعہ کا تکملہ ان کے تکملہ کے خطی مجموعہ کے برابر ہے۔

مثال 11.8

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

$$5x^4 \quad \text{(i)} \qquad 5x^2-4+\frac{7}{x}+\frac{2}{\sqrt{x}} \quad \text{(ii)} \qquad 2\cos x-4\sin x+5\sec^2 x+\operatorname{cosec}^2 x \quad \text{(iii)}$$

حل

(i) $\int 5x^4 dx = 5\int x^4 dx = 5\frac{x^{4+1}}{4+1} = 5\frac{x^5}{5} = x^5 + c.$

(ii) $\int\left(5x^2 - 4 + \frac{7}{x} + \frac{2}{\sqrt{x}}\right)dx = 5\int x^2 dx - 4\int dx + 7\int \frac{1}{x}dx + 2\int \frac{1}{\sqrt{x}}dx$

$= 5\frac{x^{2+1}}{2+1} - 4x + 7\log|x| + 2\frac{x^{-\frac{1}{2}+1}}{-\frac{1}{2}+1} + c$

$= \frac{5}{3}x^3 - 4x + 7\log|x| + 4\sqrt{x} + c$

(iii) $\int(2\cos x - 4\sin x + 5\sec^2 x + \operatorname{cosec}^2 x)dx$

$= 2\int \cos x\,dx - 4\int \sin x\,dx + 5\int \sec^2 x\,dx + \int \operatorname{cosec}^2 x\,dx$

$= 2\sin x + 4\cos x + 5\tan x - \cot x + c$

مثال 11.9

مندرجہ ذیل کی قیمت معلوم کرو:

(i) $\frac{12}{(4x-5)^3} + \frac{6}{3x+2} + 16e^{4x+3}$ (ii) $\frac{15}{\sqrt{5x-4}} - 8\cot(4x+2)\operatorname{cosec}(4x+2)$

حل

(i) $\int\left(\frac{12}{(4x-5)^3} + \frac{6}{3x+2} + 16e^{4x+3}\right)dx$

$= 12\int \frac{1}{(4x-5)^3}dx + 6\int \frac{1}{3x+2}dx + 16\int e^{4x+3}dx$

$= 12\left(\frac{1}{4}\right)\left(-\frac{1}{2(4x-5)^2}\right) + 6\left(\frac{1}{3}\right)\log|3x+2| + 16\left(\frac{1}{4}\right)e^{4x+3} + c$

$= -\frac{3}{2(4x-5)^2} + 2\log|3x+2| + 4e^{4x+3} + c.$

(ii) $\int\left(\frac{15}{\sqrt{5x-4}} - 8\cot(4x+2)\operatorname{cosec}(4x+2)\right)dx$

$= 15\int \frac{1}{\sqrt{5x-4}}dx - 8\int \cot(4x+2)\operatorname{cosec}(4x+2)\,dx$

$= 15\left(\frac{1}{5}\right)(2\sqrt{5x-4}) - 8\left(\frac{1}{4}\right)(-\operatorname{cosec}(4x+2)) + c$

$= 6\sqrt{5x-4} + 2\operatorname{cosec}(4x+2) + c.$

مشق 11.3

x کے تعلق سے مندرجہ ذیل کی تکمیل کیجئے:

(1) $(x+4)^5+\frac{5}{(2-5x)^4}-\operatorname{cosec}^2(3x-1)$

(2) $4\cos(5-2x)+9e^{3x-6}+\frac{24}{6-4x}$

(3) $\sec^2\frac{x}{5}+18\cos 2x+10\sec(5x+3)\tan(5x+3)$

(4) $\frac{8}{\sqrt{1-(4x)^2}}+\frac{27}{\sqrt{1-9x^2}}-\frac{15}{1+25x^2}$

(5) $\frac{6}{1+(3x+2)^2}-\frac{12}{\sqrt{1-(3-4x)^2}}$

(6) $\frac{1}{3}\cos\left(\frac{x}{3}-4\right)+\frac{7}{7x+9}+e^{\frac{x}{5}+3}$

11.6 آسان اطلاقات (Simple applications)

اب تک اس حصّے میں ہم تکمیل کے متغیر کو x کے طور پر استعمال کرتے رہے ہیں۔ اطلاقات کے معاملے میں ، مختلف متغیر کا استعمال کرنا اکثر آسان ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر حرکت کے مساوات میں آزاد متغیر وقت ہے اور تکمیل کا متغیر t ہے۔

اس حصّے میں ہم اس بات پر بحث کرتے ہیں کہ کسی چیز کی مقام اور سمت رفتار معلوم کرنے کے لئے کس طرح تکمیل کا استعمال کیاجاتاہے، اس کی اسراع اور اسی طرح کے مسائل کو دیتے ہوئے ریاضی طور پر ، اس کا مطلب یہ کے کہ، کسی تفاعل کے مشتق کے ساتھ شروع ہو۔ ہمیں اصل تفاعل ڈھونڈناچاہیئے۔ بہت سے عام لفظ جو مشتق کا نشاندہی کرتے ہیں جیسے شرح، نشونما، تحلیل، معمولی، تبدیلی، اختلاف، اضافہ، گھٹاؤ، وغیرہ۔

مثال 11.10

اگر $f'(x)=3x^2-4x+5$ اور $f(1)=3$، تو $f(x)$ معلوم کیجئے۔

حل

دیا گیا ہے $f'(x)=\frac{d}{dx}(f(x))=3x^2-4x+5$

x کے تعلق سے دونوں جانب تکمیل کرنے سے ، ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\int f'(x)\,dx=\int(3x^2-4x+5)\,dx$$

$$f(x)=x^3-2x^2+5x+c$$

تکمیل کا مستقل c کو تعین کرنے کے لئے ، ہمیں دی گئی معلومات $f(1)=3$ کا استعمال کرنا ہوگا۔

$$f(1)=3\Rightarrow\ 3=(1)^3-2(1)^2+5(1)+c\Rightarrow c=-1$$

اس طرح $f(x)=x^3-2x^2+5x-1$

مثال 11.11

ایک ریل گاڑی مدورائی جنکشن سے کوئمبتور کی طرف شام 3 بجے (وقت $t=0$) سمتی رفتار $v(t)=20t+50$ کلومیٹر فی گھنٹہ کے ساتھ شروع ہوئی، جہاں t کو گھنٹوں میں پیمائش کی جاتی ہے۔ شام 5 بجے تک ریل گاڑی کے طے کردہ فاصلہ معلوم کرو۔

حل

احصا اصطلاع میں، سمتی رفتار $v=\frac{ds}{dt}$ وقت کے ساتھ مقام کی تبدیلی کی شرح ہے، جہاں s فاصلہ ہے۔ ریل گاڑی کی سمتی رفتار دی گئی ہے۔

$$v(t)=20t+50$$

لہذا، $\frac{ds}{dt} = 20t + 50$

فاصلہ کی تفاعل s معلوم کرنے کے لئے ہم مشتق تفاعل کا تکمیل کریں گے۔

یعنی $s = \int (20t + 50)\, dt$

$$s = 10t^2 + 50t + c$$

ریل گاڑی کا طے کردہ فاصلہ صفر ہے جب وقت صفر ہے۔۔ آئیے ہم اس ابتدائی شرائط $s = 0$ کو $t = 0$ پر استعمال کرکے تکمیل کے مستقل یعنی c کی قیمت تعین کریں۔

$$\Rightarrow s = 10t^2 + 50t + c \quad \Rightarrow c = 0$$

لہذا، $s = 10t^2 + 50t$

2 گھنٹے میں (5pm-3pm) ریل گاڑی سے طے کردہ فاصلہ معلوم کرنے کے لئے مندرجہ بالا مساوات میں $t = 2$ کو درج کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے۔

$$s = 10(2)^2 + 50(2) = 140 \text{ km}$$

مثال 11.12

اونچائی h سمر کے تعلق سے ایک شخص کا وزن w کلوگرام میں تبدیلی کی شرح سے تقریباً $\frac{dw}{dh} = 4.364 \times 10^{-5} h^2$ دی گئی ہے۔ اونچائی کے تفاعل کے طور پر وزن معلوم کرو۔ اس شخص کا وزن بھی معلوم کریں جس کی اونچائی 150 سمر ہے۔

حل

اونچائی کے تعلق سے وزن میں تبدیلی کی شرح ہے

$$\frac{dw}{dh} = 4.364 \times 10^{-5} h^2$$

$$w = \int 4.364 \times 10^{-5} h^2 \, dh$$

$$w = 4.364 \times 10^{-5} \left(\frac{h^3}{3}\right) + c$$

کوئی بھی واضح طور پر سمجھ سکتاہے کہ اونچائی صفر ہونے پر کسی شخص کا وزن صفر ہوتا ہے

آئیے ہم مندرجہ بالا مساوات میں ابتدائی شرائط $w = 0, h = 0$ کو پر درج کرکے تکمیل کی مستقل c کی قیمت معلوم کریں۔

$$w = 4.364 \times 10^{-5} \left(\frac{h^3}{3}\right) + c \Rightarrow c = 0$$

ایک شخص کا وزن اور اونچائی کے درمیان مطلوبہ تعلق ہے

$$w = 4.364 \times 10^{-5} \left(\frac{h^3}{3}\right)$$

جب اونچائی h =150cm ہے

$$w = 4.364 \times 10^{-5} \left(\frac{150^3}{3}\right)$$

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 193 21-02-2023 15:10:19

جب اونچائی $h = 150\text{cm}$، وزن (تقریباً) $w = 49kg$ ہے۔
لہذا، اس شخص کا وزن 49 kg ہے جس کے اونچائی $h = 150\text{cm}$ ہے۔

مثال 11.13

ایک درخت اس طرح بڑھ رہاہے کہ، t- سالوں کے بعد اُس کی اونچائی ہر سال $\frac{18}{\sqrt{t}}$ کی شرح سے بڑھ رہی ہے۔ فرض کریں کہ جب $t = 0$، اونچائی 5 cm ہے

(i) 4 سال بعد درخت کی اونچائی معلوم کرو۔

(ii) کتنے سالوں کے بعد اونچائی 149 cm ہوگی؟

حل

t- وقت کے تعلق سے اونچائی h کی تبدیلی کی شرح جو t کے تعلق سے مشتق ہے۔

لہذا، $$\frac{dh}{dt} = \frac{18}{\sqrt{t}} = 18t^{-\frac{1}{2}}$$

اونچائی کے عام اظہار حاصل کرنے کے لئے، t کے تعلق سے مندرجہ بالا مساوات کی تکمیل کریں۔

$$h = \int 18t^{-\frac{1}{2}}dt = 18(2t^{\frac{1}{2}}) + c = 36\sqrt{t} + c$$

دیا گیا ہے جب $t = 0$، اونچائی $h = 5$ cm

$$5 = 0 + c \Rightarrow c = 5$$

$$h = 36\sqrt{t} + 5.$$

(i) 4 سال بعد درخت کی اونچائی معلوم کرنا۔

جب $t = 4$ سال

$$h = 36\sqrt{t} + 5 \Rightarrow h = 36\sqrt{4} + 5 = 77$$

4 سال بعد درخت کی اونچائی 77 cm ہے۔

(ii) جب $h = 149\text{cm}$

$$h = 36\sqrt{t} + 5 \Rightarrow 149 = 36\sqrt{t} + 5$$

$$\sqrt{t} = \frac{149 - 5}{36} = 4 \Rightarrow t = 16$$

اس طرح 16 سال کے بعد درخت کی اونچائی 149 cm ہوگی۔

مثال 11.14



ایک خاص لمحے میں، ایک طالب علم کو اپنی تیز رفتار موٹر سائیکل کو روکنے کی ضرورت ہے تاکہ اس سے 40 میٹر دور فاصلے کے آڑ کی ٹکراؤ سے بچ سکیں۔ فوری طورپر اس نے $8\ \text{m/s}^2$ کی شرح سے موٹر سائیکل کی رفتار کو بریک لگا کر سُست (منفی اسراع) کردیا۔ اگر موٹر سائیکل $24\ \text{m/s}$ کی رفتار سے آگے بڑھ رہی ہے، جب بریک لگایاجائے تو کیا یہ ٹکراؤ سے پہلے رُک جائے گی؟

حل

فرض کرو کہ a اسراع ہے، v کار کی سمتی رفتار ہے اور s فاصلہ ہو۔

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 194 21-02-2023 15:10:24

بیان کئے ہوئے احصا اصطلاح میں، $v = \frac{ds}{dt}$ سمت رفتار، وقت کے ساتھ مقام میں تبدیلی کی شرح ہے اور اسراع $a = \frac{dv}{dt}$، وقت کے ساتھ سمتی رفتار کی تبدیلی کی شرح ہے۔

اسراع منفی ہوگی کیونکہ اگر آپ حرکت کے سمت کو مثبت بناتے ہیں تو، پھر ایسی موٹر سائیکل کے لئے جو سمت ہورہی ہے، اس کا اسراع اس کی حرکت (منفی اسراع) کے مخالف سمت میں مبنی ہوگی۔

دیا گیا ہے کہ کار کی پسماندگی $8\ \text{m/s}^2$ ہے۔

لہذا، $a = \frac{dv}{dt} = -8\ \text{meter/second}^2.$

لہذا، $v = \int a\,dt = \int -8dt = -8t + c_1$

$v = -8t + c_1.$

جب بریک لگائے جاتے ہیں۔

$v = 24\text{m/s}$ اور $t = 0$

لہذا، $24 = -8(0) + c_1 \Rightarrow c_1 = 24$

لہذا، $v = -8t + 24.$

یعنی $\frac{ds}{dt} = -8t + 24.$

فاصلہ معلوم کرنا ضروری ہے، سمتی رفتار نہیں، لہذا ترتیب میں مزید تکمیل کی ضرورت ہے۔

$$s = \int v\,dt = \int (-8t + 24)dt$$

$$s = -4t^2 + 24t + c_2$$

c_2 معلوم کرنے کے لئے، رکنے والے فاصلے کی پیمائش s کہاں اور کب کی جاتی ہے، بریک لگائے جاتے ہیں تاکہ $t = 0$، $s = 0$

$$s = -4t^2 + 24t + c_2 \Rightarrow 0 = -4(0)^2 + 24(0) + c_2 \Rightarrow c_2 = 0$$

$$s = -4t^2 + 24t$$

اگر ہمیں بریک لگنے کا وقت معلوم ہوتا تو رکنے والے فاصلے s کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ رفتار بیان سے وقت کا تعین کیا جاسکتا ہے۔

$v = 0$، ہونے پر موٹر سائیکل رک جاتی ہے۔ $v = -8t + 24 \Leftarrow 0 = -8t + 24 \Leftarrow t = 3$

جب $t = 3$ ہو تو ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$s = -4t^2 + 24t \Rightarrow s = -4(3)^2 + 24(3)$$

$$s = 36\ \text{metres} < 40\ \text{metres}$$

موٹر سائیکل رکاوٹ سے 4 میٹر کے فاصلہ پر رکتی ہے۔

مشق 11.4

(1) اگر $f'(x) = 4x - 5$ اور $f(2) = 1$، تو $f(x)$ معلوم کیجئے۔

(2) اگر $f'(x) = 9x^2 - 6x$ اور $f(0) = -3$، تو $f(x)$ معلوم کیجئے۔

(3) اگر $f''(x) = 12x - 6$ اور $f(1) = 30$، تو $f(x)$ معلوم کیجئے۔

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 195 21-02-2023 15:10:30

(4) ایک گیند جس کی ابتدائی سمتی رفتار $39.2\ m/s$ کے ساتھ زمین سے عمودی طور پر اوپر کی طرف پھینک دی جاتی ہے۔ اگر صرف قوت پر غور کیاجائے تو اسراع بوجہ بجاذبہ کی طرف منسوب ہے تو معلوم کرو

(i) گیند کو زمین پر آنے میں کتنا وقت ہوگا ؟

(ii) کس رفتار سے یہ زمین پر ٹکرائے گا ؟ اور

(iii) گیند کی بلندی کتنی اوپر ہوگی ؟

(5) ایک زخم اس طرح سے ٹھیک ہورہاہے کہ اتوار کے دن سے t دنوں تک زخم کا رقبہ $-\frac{6}{(t+2)^2}\ cm^2$ فی دن ہے۔ جہاں $0 < t \leq 8$ کی شرح سے کم ہورہاہے۔ اگر پیر کے دن اس زخم کا رقبہ $1.4\ cm^2$ تھا۔

(i) اتوار کو زخم کا رقبہ کیا ہوگا؟

(ii) اگر اس شرح سے بھر تا رہاتو جمعرات کے دن زخم کا متوقع رقبہ کتنا ہے؟

11.7 تکمیل کے طریقے (Methods of Integration)

تکمیل اتنا آسان نہیں جتنا تفریق ہے۔ یہ اپنی نوعیت کی وجہ سے سب سے پہلے ہے۔ کسی دئے ہوئے تفاعل سے مشتق معلوم کرنے میں اس حقیقت کی مدد کی جاتی ہے کہ تفریق خود ایک تعمیری کردار کی حامل ہے۔ ایک مشتق آسانی کے طور پر بیان کیاجاتاہے۔

$$\lim_{\Delta x \to 0} \frac{f(x+\Delta x)-f(x)}{\Delta x}$$

فرض کیجئے کہ ہم کو $\log x$ کا مشتق معلوم کرنے کے لئے کہاگیاہے، ہم تمام تفصیلات جانتے ہیں کہ نتیجہ حاصل کرنے کے لئے کس طرح آگے بڑھنا ہے۔

جب ہمیں $\log x$ کا تکملہ معلوم کرنے کے لئے کہاگیا ہے۔ ہمارے پاس کوئی تعمیری طریقہ نہیں ہے تاکہ تکمیل معلوم کرے یایہاں تک کہ شروعات کیسی کی جائے۔

تفریق کے صورت میں ہم ان کے مختلف مجموعوں سے مشتق معلوم کرنے کے کئ تفاعلات میں تفریق کے اصول کو استعمال کرتے ہیں کہ، ان کے حاصل جمع ، ضرب، تقسیم پذیر اور تفاعلات کی ترکیب وغیرہ۔

نظریہ تکمیل میں ایسے بہت کم قواعد دستیاب ہیں اور ان کی اطلاق محدود ہے۔لیکن تکمیل کے ان طریقوں کی اہمیت بہت عظیم ہے۔

ہر معاملے میں ایک فرد کو سب سے مناسب طریقہ کا انتخاب کرنا اور اس کو انتہائی آسان شکل میں استعمال کرنا سیکھنا چاہئے۔ یہ مہارت صرف طویل مشق کے بعد حاصل کی جاسکتی ہے۔

ہم نے پہلے یہ تکمیل کی دو اہم خصوصیات دیکھی ہیں۔ تکمیل کے چار اہم طریقے مندرجہ ذیل ہیں۔

$\int e^{ax}\sin bx\,dx = \frac{e^{ax}}{a^2+b^2}[a\sin bx - b\cos bx] + c$
$\int e^{ax}\cos bx\,dx = \frac{e^{ax}}{a^2+b^2}[a\cos bx + b\sin bx] + c$

$\int \frac{dx}{a^2-x^2} = \frac{1}{2a}\log\left\lvert\frac{a+x}{a-x}\right\rvert + c$	$\int \frac{dx}{\sqrt{a^2-x^2}} = \sin^{-1}\left(\frac{x}{a}\right) + c$
$\int \frac{dx}{x^2-a^2} = \frac{1}{2a}\log\left\lvert\frac{x-a}{x+a}\right\rvert + c$	$\int \frac{dx}{a^2+x^2} = \frac{1}{a}\tan^{-1}\left(\frac{x}{a}\right) + c$
$\int \frac{dx}{\sqrt{x^2-a^2}} = \log\left\lvert x+\sqrt{x^2-a^2}\right\rvert + c$	$\int \frac{dx}{\sqrt{x^2+a^2}} = \log\left\lvert x+\sqrt{x^2+a^2}\right\rvert + c$

$\int \sqrt{a^2-x^2}\,dx = \frac{x}{2}\sqrt{a^2-x^2} + \frac{a^2}{2}\sin^{-1}\left(\frac{x}{a}\right) + c$
$\int \sqrt{x^2-a^2}\,dx = \frac{x}{2}\sqrt{x^2-a^2} - \frac{a^2}{2}\log\left\lvert x+\sqrt{x^2-a^2}\right\rvert + c$
$\int \sqrt{x^2+a^2}\,dx = \frac{x}{2}\sqrt{x^2+a^2} + \frac{a^2}{2}\log\left\lvert x+\sqrt{x^2+a^2}\right\rvert + c$

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 229 21-02-2023 15:12:03

ICT CORNER 11(a)

تکملہ احصا

متوقع نتائج



مرحلہ 1:

براؤزر کھولیں اور دئے گئے URL لنک ٹیپ کیجئے (یا) QR کوڈ کو اسکین کیجئے۔ "XI تکملہ احصا" جیوجبرا (GeoGebra) نامی ورک بک کھلے گا۔ اس میں آپ کے سبق سے متعلق کی ورک شیٹیں

مرحلہ 2:

ورک شیٹ "آسان تکملہ" کو منتخب کریں ۔ آپ $f(x)$ ڈبے میں کوئی بھی تفاعل درج کرسکتے ہیں۔ $f(x)$ کا بائیں جانب ظاہر ہوگا اور تکمیلی تفاعل دائیں جانب ظاہر ہوگا(نوٹ: کے لئے درج کریں) تکمیل میں مستقل قیمت کو تبدیل کرنے کے لئے سلائیڈر "تکمیلی مستقل" کو منتقل کریں۔



مرحلہ 1



مرحلہ 2

Browse in the link:

XI standard Integration: https://ggbm.at/c63hdegc

LC8NQ

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 230 21-02-2023 15:12:05

ICT CORNER 11(b)

تکملہ احصا

متوقع نتائج



مرحلہ 1:

براؤزر کھولیں اور دئے گئے URL لنک ٹیپ کیجئے (یا) QR کوڈ کو اسکین کیجئے۔ "XI تکملہ احصا" جیوجبرا (GeoGebra) نامی ورک بک کھلے گا۔ اس میں آپ کے سبق سے متعلق کی ورک شیٹیں ہیں۔

مرحلہ 2:

ورک شیٹ "الجبریک قسم-" کو منتخب کریں۔بائیں طرف دئے گئے تفاعل کا ترسیم اور تفاعل کا تکملہ دائیں طرف ظاہر ہوتا ہے۔ ترسیم دیکھنے کے لئے دونوں پر کلک کریں۔ آپ قیمت کو تبدیل کرنے کے لئے سلائیڈ "a" کو منتقل کرسکتے ہیں۔ الجبری اقسام کو اس طرح گروہ کیا گیا ہے کہ 4 اقسام دیگر تین الجبری اقسام کو کھولتی ہیں اور مشاہدہ کرتی ہیں۔



مرحلہ 1



مرحلہ 2

Browse in the link:

XI standard Integration: https://ggbm.at/c63hdegc

11_11th-Maths-Vol2-Unit11_UM.indd 231 21-02-2023 15:12:05

باب 12

امکانی نظریہ کا تعارف
(Introduction to Probability Theory)

زندگی کے سب سے اہم سوالات، درحقیقت، زیادہ تر حصّے کے لئے، واقع صرف امکانی مسائل ہیں۔
پیری- سائمن لے پلیس



لے پلیس
1749-1827

12.1 تعارف (Introduction)

1654 میں ایک جواری کا تنازعہ دو مشہور فرانسی ریاضی دانوں کی طرف سے امکان کا ایک ریاضیاتی نظریہ تخلیق کرنے کا باعث بنا، بلیز پاسکل اور پیئر ڈی فرمٹ۔ امکاناتی نظریے کی بنیادی اصول پاسکل اور فرمٹ نے پہلے بار مرتب کئے۔ ایک وسیع تحقیق کے بعد، لے پلیس نے اپنا یادگار کام 1812 میں شائع کیا۔ اور امکانی نظریہ کی بنیاد رکھی۔ شماریات میں، امکان کی بیشین(Bayesian) تشریح بنیادی طور پر لے پلیس نے تیار کی تھی۔

امکانی کا موضوع جدید دنیا کے بہت سے پہلوؤں میں دیکھا جاتا ہے۔ کھیل کا مطالعہ کرنے کے ایک طریقے کے طور پر اس کی آغاز سے، امکانی ریاضی کی ایک طاقتور اور وسیع پیمانے پر قابل اطلاق شاخ میں شامل ہے۔ امکانات کے استعمال لائف انشورنس پر یمیم کے تعین سے لے کر انتخابی نتائج کی پیشن گوئی تک ، گیس میں سالمے (Molecules) کے رویے کی تفصیل تک۔ اس کی افادیت ایک اچھی وجہ ہے کہ امکانات کا مطالعہ اسکول کی نصابی کتاب کے راستے میں ملاہے۔ لفظ "امکان" کی تشریح میں مترادفات شامل ہیں جیسے موقع ، ممکن، شاید، ممکنہ، مشکلات، غیر یقینی صورت حال، پھیلاؤ، خطرہ، توقع، وغیرہ۔

ہماری پوری دینا غیر یقینی صورت حال سے بھری ہوئی ہے۔ ہم ہر روز غیر یقینی صورت حال سے متاثر ہونے والے فیصلے کرتے ہیں۔ غیر یقینی کی پیمائش کرنے کے لئے ہم ریاضی کی ایک شاخ کا رُخ کرتے ہیں جسے امکانی نظریہ کہتے ہیں۔امکان اس ممکنہ کا ایک پیمانہ ہے کہ کوئی واقعہ پیش آئے گا۔

سیکھنے کے مقاصد (Learning Objectives)

اس باب کے اختتام پر طلباء سے توقع کی جاتی ہے

- امکان کے قدیم نظریہ اور امکان کے محوری نقطہ نظر کو سمجھیں۔
- باہمی اخراج، باہمی اندراج اور مکمل واقعات کو سمجھیں۔
- مشروط امکان اور آزاد مواقع کے تصوارت کو سمجھیں۔
- بائیس کا نظریہ لاگو کریں۔
- روز مرہ کی زندگی میں امکانی نظریہ کا اطلاق کریں۔

12.2 بنیادی تعاریفیں (Basic definitions)

اس سے پہلے کہ ہم امکانی نظریہ کا مطالعہ کریں، آئیے ہم پچھلی جماعتوں کی کلاسوں میں پہلے سے زیر مطالعہ بعض اصطلاحات کی تعریف کو یاد کرتے ہیں جو کثرت سے استعمال ہوتی ہیں۔

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 232 21-02-2023 15:13:26



تعریف 12.1

ایک تجربہ کو ایک عمل کے طور پر بیان کیاجاتاہے جس کے لئے اس کا نتیجہ اچھی طرح واقع کیا جاتاہے۔

تعریف 12.2

فیصلہ کن تجربہ ایک ایسا تجربہ ہے جس کے نتائج کی پیشن گوئی کچھ مخصوص، مثالی حالات میں کی جاسکتی ہے۔

تعریف 12.3

سریعی تجربہ (یا غیر فیصلہ کن) ایک تجربہ ہے۔

(i) جس کے تمام ممکنہ نتائج پہلے سے معلوم ہوتے ہیں۔

(ii) جس کا ہر نتیجہ پہلے سے پیشن گوئی کرنا ممکن نہیں ہے، اور

(iii) یکساں حالات میں دوہرایا جاسکتا ہے

سریعی تجربات کے مثالیں ہیں : ایک پانسہ کو 'پھینکا' جاتاہے، ایک سکہ کو 'اچھالا' جاتا ہے ۔

تعریف 12.4

ایک آسان موقع (ابتدائی واقع یا نظیری نقطہ) سریعی تجربہ کا سب سے بنیادی ممکنہ نتیجہ ہے اور اسے مزید تحلیل نہیں کیا جاسکتا ہے۔

تعریف 12.5

ایک نظیری عرصہ سریعی متغیر کے تمام ممکنہ نتائج کا مجموعہ ہے۔ نظیری عرصہ میں ہر نقطہ ایک ابتدائی واقعہ ہے۔

12.1 تشریح (Illustration)

(1) (i) اگر ایک پانسہ کو پھینکا جا تاہے، تو نظیری عرصہ $S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$.

(ii) ایک سکہ کو اچھالاجاتاہے، تو نظیری عرصہ $S = \{H, T\}$.

(2) (i) فرض کریں کہ ہم ایک سکّے کو اس وقت تک اچھالا جائے جب تک کہ سرنہ مل جائے۔ کوئی پہلے سے کہہ نہیں سکتا کہ کتنے اچھال درکار ہونگےاور اس طرح نظیری عرصہ بھی $S = \{H, TH, TTH, TTTH, ...\}$ ایک لامحدود سٹ ہے۔

(ii) کاونٹر میں ریل گاڑی کی ٹکٹ خریدنے کے منتظر مسافروں کی تعداد سے وابستہ نظری عرصہ $S=\{0,1,2,...\}$

(3) (i) اگر تجربہ سریعی طور پر 0 اور 1، کے درمیان منتخب کرنے پر مشتمل ہیں تو نظری عرصہ $S = \{ x: 0< x <1\}$

(ii) ٹیوب لائٹ کی زندگی کی لمبائی (t گھنٹوں میں) کے لئے نظیری عرصہ $S = \{ t: 0 < t<1000\}$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 233 21-02-2023 15:13:28

(2) اور (3) سے، کسی کو دو قسم کے لامحدود سیٹوں میں فرق کرنے کی ضرورت ہے، جہاں ایک قسم دوسری سے نمایاں طور پر "بڑی" ہوتی ہے۔ خاص طور پر، (2) میں S کو قابل گنتی لامحدود کہا جاتا ہے، جبکہ (3) میں S کو ان گنت لامحدود کہا جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کوئی قابل گنتی لامحدود سٹ کے عناصر کی فہرست بناسکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سٹ کو طبعی اعداد $\mathbb{N}$ کے ساتھ ایک تا ایک مطابقت میں رکھا جاسکتا ہے۔ دوسری طرف، آپ عناصر کو ان گنت سٹ میں درج نہیں کرسکتے۔

مندرجہ بالا مثال سے، کوئی سمجھ سکتا ہے کہ نظیری عرصہ ابتدائی تواقع کی قابل شمار یا ان گنت تعداد پر مشتمل ہوسکتی ہے۔



12.3 محدود نظیری عرصہ (Finite sample space)

اس حصّہ میں ہم اپنے نظیری عرصہ کو محدود کرتے ہیں جن میں زیادہ سے زیادہ محدود تعداد میں نقاط ہوتی ہے۔

مواقع کے اقسام (Types of events)

آؤ ہم مواقع کی کچھ اہم اقسام کی وضاحت کرتے ہیں جو اس باب میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں

- یقینی موقع
- ناممکن موقع
- متمم موقع
- باہمی اخراج کرنے والے موقع
- باہم اندراج کرنے والے موقع
- مکمل موقع
- مساوی وقوع پذیری موقع
- آزاد موقع (امکانات کے تصورات سیکھنے کے بعد وضاحت کی گئی)

تعریف 12.6

جب نظیری عرصہ محدود ہو، نظیری عرصہ کا کوئی تحتی سٹ ایک موقع ہے۔ یعنی، نظیری عرصہ کے قوتی سٹ $\mathscr{P}(S)$ کے تمام عناصر کو مواقع کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ایک موقع نظیر نقاط یا ابتدائی مواقع کا مجموعہ ہے۔

نظیری عرصہ S کو یقینی موقع کہا جاتا ہے۔ S میں خالی سٹ $\varnothing$ کو ناممکن موقع کہا جاتا ہے۔

تعریف 12.7

ہر موقع A کے لئے، ایک اور موقع سے مطابقت رکھتا ہے۔ جسے $\overline{A}$ کا متمم موقع کہا جاتا ہے۔ اسے بھی موقع کہا جاتا ہے "A" نہیں۔

12.2 تشریح (Illustration)

فرض کرو کہ نظیری عرصہ S دیا گیا ہے $S = \{1,2,3,4\}$

S کے تمام ممکنہ تحتی سٹ (S کا قوتی سٹ) کا سٹ $\mathscr{P}(S)$ ہونے دیں۔

$$\mathscr{P}(S) = \{\varnothing, \{1\}, \{2\}, \{3\}, \{4\}, \{1,2\}, \{1,3\}, \{1,4\}, \{2,3\}, \{2,4\}, \{3,4\},$$
$$\{1,2,3\}, \{1,2,4\}, \{1,3,4\}, \{2,3,4\}, \{1,2,3,4\}\}$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 234 21-02-2023 15:13:28

(i) $\mathscr{P}(S)$ کے تمام عناصر مواقع ہیں۔

(ii) $\varnothing$ ایک ناممکن موقع ہے۔

(iii) $\{4\},\{3\},\{2\},\{1\}$، ایک آسان مواقع یا ابتدائی مواقع ہیں۔

(vi) $\{1, 2, 3, 4\}$ ایک یقینی مواقع ہیں

تعریف 12.8

دو مواقع بیک وقت نہیں ہوسکتے ہیں تو اسے **باہمی اخراج مواقع** کہتے ہیں $A_1, A_2, A_3, ..., A_k$ باہمی اخراج ہیں جس کا مطلب $A_i \cap A_j = \varnothing$ کے لئے، $i \neq j$ i

تعریف 12.9

دو مواقع **باہمی اندارج** ہوتے ہیں جب دونوں بیک وقت ہوسکتے ہیں

$A_1, A_2, A_3, ..., A_k$ باہمی اندارج ہیں۔ جس کا مطلب ہے $A_i \cap A_j \neq \varnothing$ کے لئے، $i \neq j$ ہے۔

12.3 تشریح (Illustration)

جب ہم پانسہ کو پھینکے جاتے ہیں نظیری عرصہ $S = \{1,2,3,4,5,6\}$

(i) کیونکہ $\{1, 3\} \cap \{2, 4, 5, 6\} = \varnothing$, مواقع $\{1,3\}$ اور $\{2, 4,5,6\}$ باہمی اخراج مواقع ہیں

(ii) مواقع $\{2,3,5\},\{1,6,\}$ باہمی اخراج ہیں

(iii) مواقع $\{5,6\},\{2,3,5\}$ باہمی اندراج ہیں، کیونکہ $\{2, 3, 5\} \cap \{5, 6\} = \{5\} \neq \varnothing$

تعریف 12.10

$A_1, A_2, A_3, ..., A_k$ کو **مکمل مواقع** کہاجاتاہے۔ اگر، $A_1 \cup A_2 \cup A_3 \cup \cdots \cup A_k = S$ ۔

تعریف 12.11

$A_1, A_2, A_3, ..., A_k$ کو **باہمی اخراج** اور **مکمل مواقع** کہاجاتاہے اگر

(i) $A_i \cap A_j = \varnothing$ کے لئے، $i \neq j$ i ہے j۔ (ii) $A_1 \cup A_2 \cup A_3 \cup \cdots \cup A_k = S$

12.4 تشریح (Illustration)

جب ایک پانسہ پھینکا جاتاہے۔ $S = \{1,2,3,4,5,6\}$ نظیری عرصہ

چند مواقع $\{6\},\{4,6\},\{1,3,5\},\{2,3\}$ اور $\{1,5\}$ یہ ہیں۔

(i) کیونکہ $\{1, 2, 3, 4, 5, 6\} = \{2, 3\} \cup \{1, 3, 5\} \cup \{4, 6\}$ (S نظیری عرصہ)، $\{2,3\},\{1,3,5\},\{4,6\}$ مواقع مکمل مواقع ہیں۔

(ii) اسی طرح $\{4,6\},\{2,3\}$ اور $\{1,5\}$ بھی مکمل مواقع ہیں۔

(iii) $\{6\},\{4,6\},\{1,3,5\}$ اور $\{1,5\}$ مکمل مواقع نہیں ہیں۔

($\{1, 3, 5\} \cup \{4, 6\} \cup \{6\} \cup \{1, 5\} \neq S$ کیونکہ)

(vi) $\{4,6\},\{2,3\}$ اور $\{1,5\}$ باہمی اخراج اور مکمل مواقع ہیں، کیونکہ

$\{2,3\} \cap \{4,6\} = \varnothing, \{2,3\} \cap \{1,5\} = \varnothing, \{4,6\} \cap \{1,5\} = \varnothing$ اور $S = \{1, 5\} \cup \{4, 6\} \cup \{2, 3\}$

نظیری عرصہ سے وابستہ مواقع کے اقسام کو ون نقشہ کے لحاظ سے دیکھنا آسان ہے، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا۔



A اور B باہمی اخراج ہیں | A اور B باہمی اندراج ہیں | A اور B باہمی اخراج اور مکمل ہیں | A اور B باہمی اندراج اور مکمل ہیں

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 235 21-02-2023 15:13:29

تعریف 12.12

ایک جیسا موقعہ واقع ہونے کے مواقع کو مساوی وقوع پذیری مواقع کہتے ہیں۔

مساوی وقوع پذیری مواقع کے مثال: فرض کرو ایک پانسہ کو پھینکا جاتا ہے۔

چہرے پر عدد	1	2	3	4	5	6
واقع ہونے کا امکان	1	1	1	1	1	1





غیر مساوی وقوع پذیری مواقع کے مثال: خاکہ میں دیا گیا ایک رنگ والا پانسہ کو پھینکا جاتا ہے۔

چہرے پر رنگ					
واقع ہونے کا امکان	1	1	1	2	1





اس طرح، فرض کریں کہ اگر ہم ایک سکہ کو اُچھالتے ہیں تو، سر یا پشت ملنے کے مواقع مساوی وقوع پذیری ہیں۔

نظیری عرصہ کو معلوم کرنے کے طریقے (Methods to find sample space)

12.5 تشریح (Illustration)

دو سکوں کو اچھالا جاتا ہے، نظیری عرصہ ہے۔

(i) $S = \{H,T\} \times \{H,T\} = \{(H,H),(H,T),(T,H),(T,T)\}$ یا $S = \{H,T\} \times \{1,2,3,4,5,6\}$

(ii) اگر ایک سکہ اور ایک پانسہ کو بیک وقت پھینکا جاتا ہے تو نظیری عرصہ ہے

$S = \{H,T\} \times \{1,2,3,4,5,6\}$ = $\{H1,H2,H3,H4,H5,H6,T1,T2,T3,T4,T5,T6\}$

یا

$S = \{(H,1),(H,2),(H,3),(H,4),(H,5),(H,6),(T,1),(T,2),(T,3),(T,4),(T,5),(T,6)\}$.

نیز سکّے اور پانسے کے نتائج کے ترتیب کو آپس میں بدل سکتے ہیں۔مندرجہ ذیل جدول کچھ سریعی تجربات کے لئے نظیری عرصہ دیتا ہے۔

سریعی متغیر	نتائج کی کل تعداد	نظیری عرصہ
ایک سکہ کو اچھالنا	$2^1 = 2$	$\{H,\ T\}$
دو سکوں کو اچھالنا	$2^2 = 4$	$\{HH,\ HT,\ TH,\ TT\}$
تین سکوں کو اچھالنا	$2^3 = 8$	$\{HHH,\ HHT,\ HTH,\ THH,\ HTT,\ THT,\ TTH,\ TTT\}$
پانسہ کو پھینکنا	$6^1 = 6$	$\{1,\ 2,3,\ 4,\ 5,6\}$
دو پانسہ کو پھینکنا یا سکے کو دومرتبہ پھینکنا	$6^2 = 36$	$\{(1,1),(1,2),(1,3),(1,4),(1,5),(1,6),$ $(2,1),(2,2),(2,3),(2,4),(2,5),(2,6),$ $(3,1),(3,2),(3,3),(3,4),(3,5),(3,6),$ $(4,1),(4,2),(4,3),(4,4),(4,5),(4,6),$ $(5,1),(5,2),(5,3),(5,4),(5,5),(5,6),$ $(6,1),(6,2),(6,3),(6,4),(6,5),(6,6)\}$
52 تاش کے پتوں میں سے ایک پتے کا اٹھانا	$52^1 = 52$	دل سرخ رنگ میں ♥ A 2 3 4 5 6 7 8 9 10 J Q K ڈائمنڈ سرخ رنگ میں ♦ A 2 3 4 5 6 7 8 9 10 J Q K پان سیاہ رنگ میں ♠ A 2 3 4 5 6 7 8 9 10 J Q K پھول سیاہ رنگ میں ♣ A 2 3 4 5 6 7 8 9 10 J Q K

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 236 21-02-2023 15:13:30

علامتیں (Notations)

فرض کرو کہ A اور B مواقع ہیں۔

(i) $A \cup B$ کا مطلب A یا B یا دونوں مواقع ہیں۔

(ii) $A \cap B$ کا مطلب A اور B کا بیک وقت واقع ہونا۔
$A \cap B$ کو AB کے طور پر لکھاجاسکتاہے۔

(iii) $\overline{A}$ یا A' یا A^c کا مطلب A واقع نہیں ہوتاہوں۔

(iv) $(A \cap \overline{B})$ کا مطلب صرف A واقع ہوں۔

ترجیح : وہ علم جو نظریاتی گھٹاؤ یا قیاس کرنے سے پہلے ہو، تجربہ یا مشاہدہ سے نہیں۔

12.4 امکانات (Probability)

12.4.1 امکان کی قدیم تعریف (ایک ترجیح)
(مساوی وقوع پذیری میں برنولی کا اصول)

پچھلا : وہ علم جو تجربہ یا مشاہدہ سے پہلے ہو۔

اس پہلے کے جماعتوں میں ہم نے امکان کی تعدد (پچھلا) کی تعریف کا مطالعہ کیا ہے اور مسائل حل ہوگئے ہیں۔ اب آیئے امکانی نظریہ کے محوری نقطہ نظر کی بنیادی باتیں سیکھیں۔

قدیم نظریاتی کا بنیادی مفروضہ یہ کہ سریعی تجربہ کی نتائج مساوی وقوع پذیری ہوتے ہیں۔ اگر n مکمل ہوں، ایک تجربہ کے باہمی اخراج اور مساوی وقوع پذیر نتائج اور ان میں سے m، موقع A کے لئے سازگار ہے تو A کے ریاضیاتی امکان کو $\frac{m}{n}$ نسبت سے تعبیر کیا گیاہے۔ دوسرے الفاظ میں،

$$P(A) = \frac{m}{n}$$

تعریف 12.13

فرض کرو کے S کو سریعی تجربہ سے وابستہ نظیری عرصہ ہونے دیں اور A ایک موقع ہو۔ فرض کریں کہ $n(S)$ اور $n(A)$ بالترتیب S اور A کے عناصر کی تعداد ہیں۔تو موقع A کے امکان کو اس طرح دیاگیا ہے۔

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{A \text{ کے لیے سازگار صورتوں کی تعداد}}{S \text{ میں صورتوں کی مکمل تعداد}}$$

ہر امکانی سانچہ (probabilistic model) میں ایک بنیادی عمل شامل ہوتا ہے جو مندرجہ ذیل تصویر میں دکھایاگیا ہے۔



امکان کی قدیم تعریف اس کے اطلاق میں صرف ان حالات تک محدود ہے۔جہاں ممکنہ نتائج کی ایک محدود تعداد موجود ہو۔ اس نے بنیادی طور پر منفصل مواقع پر غور کیا اور اس کے طریقے بنیادی طور پر مشترکہ تھے۔ یہ اسے کچھ اہم سریعی تجربات کے لئے ناقابل قرار دیتا ہے جیسے ایک سکہ اُچھالا جائے جب تک کہ سر ظاہر نہ ہو جو کہ نتائج کے لامحدود سٹ کے امکان کو پرواز دیتاہے۔

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 237 21-02-2023 15:13:31



N.A. کولموگوروف

امکان کی قدیم میں اس قسم حدود امکان کی جدید تعریف کے ارتقاء کا باعث بنی جو سٹ کے تصور پر مبنی ہے۔ یہ ایک محوری نقطہ نظر کے طور پر جاناجاتاہے۔

جدید امکانی نظریاتی کے بنیادیں روسی ریاضی دان آندرے نیکولائیوچ کولموگوروف (Andrey Nikolayevich Kolmogorov) نے رکھی تھی۔ جنہوں نے رچرڈ وان مئی سس کے متعارف کردہ نظری عرصہ کہ تصور کو جوڑا اور نظریہ کی پیمائش کی اور 1933 میں امکانی نظریہ کے لئے اپنا محوری نظام پیش کیا۔ ہم N.A. کولموگوروف کی طرف سے تجویزکردہ محوری نقطہ نظر کو متعارف کراتے ہیں۔ اس کی بنیاد پر، امکانی نظریہ کا جدید نظریہ کو منطقی طور پر کامل ڈھانچہ بنانا ممکن ہے۔ امکان کا قدیم نظریہ محوری امکان کی ایک خاص صورت ہے۔ محور اصولوں کا ایک مجموعہ ہے جو کہ امکانات کے نظریات کو ثابت کرنے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

12.4.2 امکان کے لئے نقطہ نظر (Axiomatic approach to Probability)

امکان کے محور (Axioms of probability)

فرض کروکہ S ایک محدود نظیری عرصہ ہو۔ فرض کرو $\mathscr{P}(S)$ ایک قسم کے مواقع ہیں۔ اور فرض کرو کہ P کو $\mathscr{P}(S)$ پر تعین کردہ ایک حقیقی اعداد تفاعل ہونے دیں۔ تو $P(A)$ موقع A کا امکانی تفاعل کہلاتاہے، جب درج ذیل محورات گرفت میں ہوں:

$[P_1]$	کسی بھی موقع A کے لئے،	$P(A) \geq 0$	(غیر منفی محور)
$[P_2]$	کسی بھی دو باہمی اخراج مواقع کے لئے	$P(A \cup B) = P(A) + P(B)$	(جمع کا محور)
$[P_3]$	یقینی موقع کے لئے	$P(S) = 1$	(مجموعی محور)

نوٹ 12.1

(i) $0 \leq P(A) \leq 1$

(ii) اگر $A_1, A_2, A_3, ..., A_n$ نظیری عرصہ S میں باہمی اخراج مواقع کے طور پر ہیں تو

$$P(A_1 \cup A_2 \cup A_3 \cup \cdots \cup A_n) = P(A_1) + P(A_2) + P(A_3) + \cdots + P(A_n)$$

محدود امکانی عرصوں میں نظریات(بغیر ثبوت)

جب نتائج مساوی وقوع پذیر ہوں تو مسئلہ 12.1 لاگو ہوتا ہے، ورنہ مسئلہ 12.2 لاگو ہوتا ہے۔

مسئلہ 12.1

فرض کرو کہ S ایک نظیری عرصہ ہو اور S کے کسی تحتی سٹ A ہوں،اور $P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$ تو $P(A)$ امکان کی محوریں $[P_1]$، $[P_2]$ اور $[P_3]$ کو پورا کرتاہے۔

مسئلہ 12.2

فرض کرو کہ S ایک محدود نظیری عرصہ $S = \{a_1, a_2, a_3, ..., a_n\}$ لیں۔ S میں ہر نقطہ a_i کو ایک حقیقی عدد مقرر کرکے ایک محدود امکان کی عرصہ حاصل کی جاتی ہے۔ p_i کو a_i کا امکان کہاجاتاہے، جو مندرجہ ذیل خصوصیات کو مطمئن کرتاہے:

(i) ہر ایک $p_i \geq 0$ (ii) p_i کا حاصل جمع 1 ہے، یعنی $\sum p_i = p_1 + p_2 + p_3 + \cdots + p_1 = 1$

اگر موقع A کے امکان $P(A)$, کو A میں نقاط کے امکانات کا حاصل جمع کہاجاتاہے تو تفاعل $P(A)$, امکانی $[P_1]$، $[P_2]$اور $[P_3]$ کے محور کو مطمئن کرتاہے۔

نوٹ: بعض اوقات ایک محدود نظیری عرصہ میں نقاط اور ان کے مقرر کردہ امکانات کو جدول کی شکل میں مندرجہ ذیل دیاجاتاہے۔

نتائج	a_1	a_2	a_3	...	a_n
امکان	p_1	p_2	p_3	...	p_n

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 238 21-02-2023 15:13:34

ایک نمونہ کے بارے میں کچھ عام فہم قیاس سے شروع ہونے والے امکانی اصولوں کی تشکیل کا ایک مثال ہے۔

12.6 تشریح (Illustration)

(1) چلئے $S=\{1,2,3\}$. لیں۔ فرض کریں کہ S کا قوتی سٹ $\mathscr{P}(S)$ ہے اور $P(A)=\frac{n(A)}{n(S)}$ ہو

تو $P(\{1\})=\frac{1}{3}, P(\{2\})=\frac{1}{3}$, اور $P(\{3\})=\frac{1}{3}$

امکانات $[P_1]$، $[P_2]$اور $[P_3]$ کے محور کو مطمئن کرتا ہے۔یہاں تمام نتائج مساوی وقوع پذیری ہیں۔

(2) چلئے $S=\{1,2,3\}$ لیں۔ فرض کریں کہ S کا قوتی سٹ $\mathscr{P}(S)$ ہے۔

اگر S کا موقع A میں امکان $P(A)$, کو A کے نقاط کی امکانات کا حاصل جمع تعین کرتا ہے

تو $P(\{1\})=\frac{1}{2}, P(\{2\})=\frac{1}{4}, P(\{3\})=\frac{1}{4}$,

جو امکانات $[P_1]$، $[P_2]$اور $[P_3]$ کے محور کو مطمئن کرتا ہے۔

(3) چلئے $S=\{1,2,3\}$ لیں۔ فرض کریں کہ S کا قوتی سٹ ہے۔اگر امکان $P(A)$ کو اگر S کے موقع A میں امکان $P(A)$ کو A کے نقاط کی امکانات کا حاصل جمع کرتا ہے

تو $P(\{1\})=0, P(\{2\})=\frac{1}{\sqrt{2}}$ اور $P(\{3\})=1-\frac{1}{\sqrt{2}}$

جو امکانات $[P_1]$، $[P_2]$اور $[P_3]$ کے اوپر دئے ہوئے محوروں کو مطمئن کرتا ہے۔

(2) اور (3) میں، نتائج مساوی وقوع پذیر ی نہیں ہیں۔

نوٹ 12.2

غیر ناطق اعداد بھی امکانات کے طور پر کام کرسکتے ہیں۔

جماعتوں کی سرگرمی: ہر طالب علم ایک سکہ 10 مرتبہ اچھالتا ہے ۔

محسوب کرو $p=\frac{\text{واقع ہونے والی سروں کی تعداد}}{10}$

سروں سے اچھال کا مجموعی تناسب معلوم کریں جیسے جیسے اچھال کی تعداد بڑھتی ہے، $p\to\frac{1}{2}$

مثال 12.1

اگر کسی تجربہ کے ٹھیک تین ممکنہ باہمی اخراج کے نتائج A، B اور C ہیں۔ ہر ایک صورت میں جائزہ لے کہ کیا امکانی تقویض ممکن ہے۔

(i) $P(A)=\frac{4}{7}$, $P(B)=\frac{1}{7}$, $P(C)=\frac{2}{7}$.

(ii) $P(A)=\frac{2}{5}$, $P(B)=\frac{1}{5}$, $P(C)=\frac{3}{5}$.

(iii) $P(A)=0.3$, $P(B)=0.9$, $P(C)=-0.2$.

(iv) $P(A)=\frac{1}{\sqrt{3}}$, $P(B)=1-\frac{1}{\sqrt{3}}$, $P(C)=0$.

(v) $P(A)=0.421$, $P(B)=0.527$ $P(C)=0.042$.

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 239 21-02-2023 15:13:35

حل

کیونکہ تجربہ ٹھیک 3 ممکنہ باہمی اخراج نتائج A، B اور C ہیں، وہ مکمل مواقع ہونی چاہئے۔

$$\Rightarrow S = A \cup B \cup C$$

لہذا، امکانات کے محور سے $P(A) \geq 0$، $P(B) \geq 0$، $P(C) \geq 0$ اور $P(A \cup B \cup C) = P(A) + P(B) + P(C) = P(S) = 1$



(i) دیاگیاہے $P(A) = \frac{4}{7} \geq 0$، $P(B) = \frac{1}{7} \geq 0$ اور $P(C) = \frac{2}{7} \geq 0$

نیز $P(S) = P(A) + P(B) + P(C) = \frac{4}{7} + \frac{1}{7} + \frac{2}{7} = 1$

لہذا، امکان کی تفویض ممکن ہے۔

(ii) دیاگیاہے $P(A) = \frac{2}{5} \geq 0$، $P(B) = \frac{1}{5} \geq 0$ اور $P(C) = \frac{3}{5} \geq 0$

مگر $P(S) = P(A) + P(B) + P(C) = \frac{2}{5} + \frac{1}{5} + \frac{3}{5} = \frac{6}{5} > 1$

لہذا یہ تفویض ممکن نہیں ہے۔

(iii) کیونکہ $P(C) = -0.2$ ایک منفی ہے، یہ تفویض ممکن نہیں ہے

(iv) یہ تفویض ممکن ہے کیونکہ

$P(A) = \frac{1}{\sqrt{3}} \geq 0$، $P(B) = 1 - \frac{1}{\sqrt{3}} \geq 0$ اور $P(C) = 0 \geq 0$

$P(S) = P(A) + P(B) + P(C) = \frac{1}{\sqrt{3}} + 1 - \frac{1}{\sqrt{3}} + 0 = 1$

(v) اگر چہ $P(A) = 0.421 \geq 0$، $P(B) = 0.527 \geq 0$ اور $P(C) = 0.042 \geq 0$

امکان کا حاصل جمع

$P(S) = P(A) + P(B) + P(C) = 0.421 + 0.527 + 0.042 = 0.990 < 1$

لہذا، یہ تفویض ممکن نہیں ہے۔

مثال 12.2

ایک سالم عدد کو پہلے دس مثبت سالم اعداد سے سریعی طور پر منتخب کیاجاتاہے۔ امکان معلوم کرو کے (i) ایک جفت عدد ہو (ii) 3 کا ضریب ہو

حل

نظیری عدصہ

$S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6, 7, 8, 9, 10\}$، $n(S) = 10$ ہے

فرض کرو کہ A جفت عدد منتخب کرنے کا موقع اور

B تین کے ضریب کا ایک سالم عدد منتخب کرنے کا موقع

$A = \{2, 4, 6, 8, 10\}$، $n(A) = 5$

$B = \{3, 6, 9\}$، $n(B) = 3$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 240 21-02-2023 15:13:39

P (جفت عدد کا انتخاب) $= P(A) = \dfrac{n(A)}{n(S)} = \dfrac{5}{10} = \dfrac{1}{2}.$

P (تین کے ضریب کا ایک سالم عدد کا انتخاب) $= P(B) = \dfrac{n(B)}{n(S)} = \dfrac{3}{10}.$

مثال 12.3

تین سکّے بیک وقت اچھالے جاتے ہیں (i) ٹھیک ایک سر (ii) کم از کم ایک سر (iii) زیادہ سے زیادہ ایک سر، حاصل کرنے کا امکان معلوم کرو۔

حل

ایک سکہ تین بار اچھالا جاتا ہے = نوٹ کریں کہ تین سکے بیک وقت اچھالے جاتے ہیں۔

نظیری عرصہ $S = \{H,T\} \times \{H,T\} \times \{H,T\}$

$\{HHH, HHT, HTH, THH, HTT, THT, TTH, TTT\}$، $n(S) = 8$

فرض کریں کہ A ٹھیک ایک سر حاصل ہونے کا موقع، B کم از کم ایک سر حاصل ہونے کا موقع ہو اور C زیادہ سے زیادہ ایک سر حاصل ہونے کا موقع ہو۔

$A = \{HTT, THT, TTH\};\ n(A) = 3$

$B = \{HTT, THT, TTH, HHT, HTH, THH, HHH\};\ n(B) = 7$

$C = \{TTT, HTT, THT, TTH\};\ n(C) = 4$

لہذا، مطلوبہ امکانات ہیں

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{3}{8} \qquad \text{(i)}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{7}{8} \qquad \text{(ii)}$$

$$P(C) = \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{4}{8} = \frac{1}{2} \qquad \text{(iii)}$$



نوٹ 12.3

جب نظیری عرصہ میں عناصر کی تعداد کافی کم ہوتی ہے تو ہم مواقع میں موجود عناصر کو انگلی کی گنتی سے حل کرسکتے ہیں۔ لیکن جب عناصر کی تعداد گننے کے لئے بہت زیادہ ہوتو تالیفیات (combinatorics) مسائل کو حل کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔

مندرجہ ذیل مسئلہ کے لئے، تالیفیات کا استعمال نظیری عرصہ اور مواقع کے عناصر کی تعداد کو معلوم کرنے کے لئے کہاجاتا ہے۔

مثال 12.4

فرض کرو کہ 10 سکّوں کو اچھالا جاتا ہے۔ (i) ٹھیک دو سر (ii) زیادہ سے زیادہ دو سر (iii) کم از کم دو سر، حاصل ہونے کا امکان معلوم کرو۔

حل

ایک سکہ دس بار اچھالا جاتا ہے = 10 سکوں کو بیک وقت اچھالا جاتا ہے

فرض کروہ کہ S نظیری عرصہ ہے

یعنی $S = \overbrace{\{H,T\} \times \{H,T\} \times \{H,T\} \times \cdots \times \{H,T\}}^{10 \text{ مرتبہ}}$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 241 21-02-2023 15:13:44

فرض کرو کہ A ٹھیک دو سر حاصل ہونے کا موقع ،

B زیادہ سے زیادہ دو مرتبہ سر حاصل ہونے کا موقع، اور

C کم از کم دو سر حاصل ہونے کا موقع

جب 10 سکّوں کو اچھالا جاتا ہے۔ نظیری عرصوں میں عناصر کی تعداد $2^n = 2^{10} = 1024$ ہے۔

$$n(S) = 1024$$

$$n(A) = {}^{10}C_2 = 45$$

$$n(B) = {}^{10}C_0 + {}^{10}C_1 + {}^{10}C_2 = 1 + 10 + 45 = 56$$

$$n(C) = {}^{10}C_2 + {}^{10}C_3 + {}^{10}C_4 + \cdots + {}^{10}C_{10}$$

$$= n(S) - ({}^{10}C_0 + {}^{10}C_1) = 1024 - 11 = 1013$$

مطلوبہ امکانات ہیں

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{45}{1024} \qquad \text{(i)}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{56}{1024} = \frac{7}{128} \qquad \text{(ii)}$$

$$P(C) = \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{1013}{1024}. \qquad \text{(iii)}$$

مثال 12.5

فرض کرو کہ ایک پانسہ کو پھینکا جاتا ہے۔

(i) ایک جفت عدد (ii) تین کا ضریب ، حاصل کرنے کا امکان معلوم کرو۔

حل

فرض کرو کہ S نظیری عرصہ ہے،

A جفت حاصل کرنے کا موقع،

B تین کا ضریب حاصل کرنے کا موقع،

لہذا،

$$S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\} \quad \Rightarrow n(S) = 6$$

$$A = \{2, 4, 6\} \quad \Rightarrow n(A) = 3$$

$$B = \{3, 6\} \quad \Rightarrow n(B) = 2$$

مطلوبہ امکانات ہیں

(i) P (جفت عدد کا حاصل کرنا) $= P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{3}{6} = \frac{1}{2}$

(ii) P (تین کا ضریب حاصل کرنا) $= P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{2}{6} = \frac{1}{3}$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 242 21-02-2023 15:13:44

مثال 12.6

جب ایک جوڑی پانسہ کو پھینکا جاتا ہے تو حاصل جمع

(i) 7 (ii) 7 یا 9 (iii) 7 یا 12، حاصل کرنے کا امکانات معلوم کریں۔

حل

نظیری عرصہ $S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\} \times \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$

$$S = \{(1,1), (1,2), (1,3), (1,4), (1,5), (1,6),$$
$$(2,1), (2,2), (2,3), (2,4), (2,5), (2,6),$$
$$(3,1), (3,2), (3,3), (3,4), (3,5), (3,6),$$
$$(4,1), (4,2), (4,3), (4,4), (4,5), (4,6),$$
$$(5,1), (5,2), (5,3), (5,4), (5,5), (5,6),$$
$$(6,1), (6,2), (6,3), (6,4), (6,5), (6,6)\}$$

ممکنہ نتائج کی تعداد $= 6^2 = 36 = n(S)$

فرض کرو کہ A حاصل جمع 7 ملنے کا موقع، B حاصل جمع 9 ملنے کا موقع اور C حاصل جمع 12 ملنے کا موقع ہے۔ تو



$$A = \{(1,6), (2,5), (3,4), (4,3), (5,2), (6,1)\} \Rightarrow n(A) = 6$$
$$B = \{(3,6), (4,5), (5,4), (6,3)\} \Rightarrow n(B) = 4$$
$$C = \{(6,6)\} \Rightarrow n(C) = 1$$

(i) P (حاصل جمع 7 کا ملنا) $= P(A)$

$$= \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{6}{36} = \frac{1}{6}$$

(ii) P (حاصل جمع 7 یا 9 کا ملنا) $= P(A$ یا $B) = P(A \cup B)$

$$= P(A) + P(B)$$

(A اور B باہمی اخراج ہیں، یعنی $A \cap B = \varnothing$)

$$= \frac{n(A)}{n(S)} + \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{6}{36} + \frac{4}{36} = \frac{5}{18}$$

(iii) P (حاصل جمع 7 یا 12 کا ملنا) $= P(A$ یا $C) = P(A \cup C)$

$= P(A) + P(C)$ (A اور C باہمی اخراج ہیں)

$$= \frac{n(A)}{n(S)} + \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{6}{36} + \frac{1}{36} = \frac{7}{36}.$$

مثال 12.7



اس سال FIDE (والڈ شطرنج فیڈریشن) کپ جیت نے کے لئے تین افراد X، Y اور Z شطرنج کے مقابلے میں کھیلنے جارہے ہیں۔ X کی جیت Y کے جیت سے تین گناہ زیادہ ہے اور Y کی جیت Z کی جیت سے دو گناہ زیادہ ہے۔ کپ جیت نے کے لئے X، Y اور Z کا متعلقہ امکان معلوم کرو۔

حل

A، B اور C کو اس سال X، Y اور Z کے ذریعے بالترتیب FIDE کپ جیت نے کا موقع ہونے دیں۔

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 243 21-02-2023 15:13:44

دیا گیا ہے کہ X کی جیت Y کی جیت سے تین گنا زیادہ ہے۔

$$A : B :: 3 : 1. \quad (1)$$

Y کی جیت Z کی جیت سے دو گناہ زیادہ ہے۔

$$B : C :: 2 : 1 \quad (2)$$

(1) اور (2) میں

$$A : B : C :: 6 : 2 : 1$$

$A = 6k$، $B = 2k$، $C = k$، جہاں k متناسب مستقل ہے۔

فرد X کپ جیت نے کا امکان ہے $P(A) = \frac{6k}{9k} = \frac{2}{3}$

فرد Y کپ جیت نے کا امکان ہے $P(B) = \frac{2k}{9k} = \frac{2}{9}$ اور

فرد Z کپ جیت نے کا امکان ہے $P(C) = \frac{k}{9k} = \frac{1}{9}$.

مثال 12.8



تین خطوط تین مختلف افراد کو لکھے گئے ہیں اور تین لفافوں پر پتے بھی لکھے گئے ہیں۔ پتوں کو دیکھے بغیر کیا امکان ہے۔ (i)ٹھیک ایک خط صحیح لفافہ میں جاتاہے اور(ii) خطوط میں سے کوئی بھی صحیح لفافوں میں نہیں جاتاہے؟

حل

فرض کرو کہ A، B اور C لفافوں کی نشاندہی کریں ۔اور 1، 2 اور 3 متعلقہ خطوط کی نشاندہی کریں۔

لفافوں میں ڈالے گئے خطوط کا مختلف مجموعہ جدول میں دیا گیا ہے۔

فرض کرو کہ C_i کو مواقع کے نتائج کی نشاندہی کرنے دیں۔

فرض کرو کہ X صرف ایک صحیح لفافے میں خط ڈالنے کا موقع ہے۔

فرض کرو کہ Y کسی بھی صحیح لفافوں میں خطوط نہیں ڈالنے کا موقع ہے۔

نتائج

لفافے	c_1	c_2	c_3	c_4	c_5	c_6
A	1	1	2	2	3	3
B	2	3	1	3	1	2
C	3	2	3	1	2	1

$$S = \{c_1, c_2, c_3, c_4, c_5, c_6\}, \quad n(S) = 6$$

$$X = \{c_2, c_3, c_6\}, \quad n(X) = 3$$

$$Y = \{c_4, c_5\} \quad n(Y) = 2$$

$$P(X) = \frac{3}{6} = \frac{1}{2} \quad P(Y) = \frac{2}{6} = \frac{1}{3}.$$

مثال 12.9

فرض کرو کہ میٹرکس $M = \begin{bmatrix} x & y \\ z & 1 \end{bmatrix}$ ۔ اگر x، y اور z سٹ $\{1, 2, 3\}$ سے سریعی طور پر منتخب کئے جاتے ہیں، اور تکرار کی اجازت ہے (یعنی، $x = y = z$)۔اس بات کا کیا امکان ہے دیا گیا میٹر کس ایک نادر میٹرکس ہے؟

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 244 21-02-2023 15:13:46

حل

اگر دیا گیا میٹر کس M نادر ہو تو،

$$\begin{vmatrix} x & y \\ z & 1 \end{vmatrix} = 0$$

یعنی $x - yz = 0$

لہذا، (x, y, z) کے منتخب کرنے کے ممکنہ طریقے

(کہتے ہیں) $A = \{(1,1,1),(2,1,2),(2,2,1),(3,1,3),(3,3,1)\}$

ساز گار صورتوں کی تعداد $n(A) = 5$

صورتوں کی کل تعداد ہے $n(S) = 3^3 = 27$

دیا گیا میٹر کس کا امکان ایک نادر میٹر کس ہے

$$p = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{5}{27}$$

مثال 12.10



ایک کھیل کے مقابلے میں ، جیت نے والوں کے لئے تین لکڑی کے مراحل کی ترتیب دی گئی ہے جیسا کہ خاکہ میں دیا گیا ہے۔ منتخب کرنے کے لئے چھ مختلف رنگ دستیاب ہیں اور لکڑی کے تین درجہ کو اس طرح پینٹ کیا جاتا ہے کہ ان میں سے کوئی دو رنگ ایک جیسا نہ ہو۔ سب سے چھوٹا درجہ کو سرخ میں پینٹ کیا جانے کا امکان معلوم کرو، جہاں سرخ چھ رنگوں میں سے ایک ہے۔

حل

فرض کرو کہ نظیری عرصہ S ہے اور A سب سے چھوٹا درجہ سرخ رنگ میں پینٹ کئے جانے کا موقع ہے۔

	6	6	3
$n(S)$	6	5	4
$n(A)$	5	4	سرخ

$$n(S) = {}^6P_3 = 6 \times 5 \times 4 = 120$$

$$n(A) = 5 \times 4 = 20$$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{20}{120} = \frac{1}{6}.$$

12.4.3 مشکلات (ODDS)

مشکلات کا لفظ اکثر امکانات اور شماریات میں استعمال ہوتا ہے۔ مشکلات موقع A کے حق میں ہونے والے امکانات کو اس کے خلاف ہونے والے امکانات سے متعلق کرتی ہیں۔ فرض کریں کہ 'a' اُن طریقوں کی تعداد کی نمائندگی کرتا ہے جن سے کوئی موقع پیش آسکتا ہے اور 'b' اُن طریقوں کی تعداد کی نمائندگی کرتا ہے جن سے موقع ناکام ہوسکتا ہے۔

موقع A کے مشکلات $a : b$ ایک موقع کے حق میں اور

$$P(A) = \frac{a}{a+b}$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 245 21-02-2023 15:13:46

مزید، یہ نوٹ کیاجاسکتاہے کہ مشکلات $a : b$ کس موقع کے حق میں ہیں جیسا کہ یہ کہناہے کہ مشکلات $b : a$ موقع کے خلاف ہیں۔

اگر کسی موقع کا امکان p ہے، تو اس کے واقع ہونے کے حق میں مشکلات p سے $(1-p)$ اور اس کے خلاف ہونے والی مشکلات $(1-p)$ سے p ہیں۔

تشریح 12.7

فرض کرو کہ ایک پانسہ کو پھینکاجاتاہے۔

فرض کرو کہ S ایک نظیری عرصہ اور A عدد 5 حاصل ہونے کا موقع ہے۔

$n(S) = 6$، $n(A) = 1$ اور $n(\bar{A}) = 5$

اس کی توصیع اس طرح کی جاسکتی ہے

A کے خلاف مشکلات ہے، $\frac{1}{5}$ (یا) 1:5 A کے حق میں مشکلات ہیں $\frac{5}{1}$ (یا) 5:1

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(A)+n(\bar{A})} = \frac{1}{5+1} = \frac{1}{6} = \frac{n(A)}{n(S)}$$ اور

فرض کریں کہ B ایک ایسا موقع ہے کہ B کے حق میں مشکلات 3:5 ہو، تو $P(B) = \frac{3}{8}$

فرض کریں کہ C ایک ایسا موقع ہے کہ C کے خلاف مشکلات 4:11 ہو، تو $P(C) = \frac{11}{15}$

مثال 12.11

ایک آدمی کے جیب میں 2 دس روپئے کے نوٹ، 4 سوروپئے کے نوٹ اور 6 پانچ سو روپئے کے نوٹ ہیں ۔ اگر2 نوٹ سریعی طور پر لئے جاتے ہیں تو دونوں نوٹ سو روپئے کے حق میں کیا مشکلات ہیں اور اس کا امکان کیا ہے۔

حل

فرض کرو کہ S نظیری عرصہ ہے اور A سو روپئے کے دو نوٹ لینے کا موقع ہے۔

لہذا، $n(S) = 12c_2 = 66$، $n(A) = 4c_2 = 6$ اور $n(\bar{A}) = 66 - 6 = 60$

لہذا، A کے حق میں مشکلات 60 :6 ہیں

یعنی، A کے حق میں مشکلات 10 :1 ہیں اور $P(A) = \frac{1}{11}$

مشق 12.1 (EXERCISE)

(1) ایک تجربہ میں چار ممکنہ باہمی اخراج اور مکمل نتائج A، B، C اور D ہیں۔ جائزہ لیں کہ درج ذیل کی امکانات کی تفویض ممکن ہے۔

(i) $P(A) = 0.15,\quad P(B) = 0.30,\quad P(C) = 0.43,\quad P(D) = 0.12$

(ii) $P(A) = 0.22,\quad P(B) = 0.38,\quad P(C) = 0.16,\quad P(D) = 0.34$

(iii) $P(A) = \frac{2}{5},\quad P(B) = \frac{3}{5},\quad P(C) = -\frac{1}{5},\quad P(D) = \frac{1}{5}$

(2) اگر دو سکے کو بیک وقت اچھالاجاتاہے تو حاصل ہونے کا امکان معلوم کرو۔

(i) ایک سر اورایک پشت (ii) زیادہ سے زیادہ دو پشت

(3) ایک ڈبے میں 5آم اور 4 سیب ہیں۔ اگر دو پھلوں کو سریعی طور منتخب کیا جائے تو (i) ایک آم اور دوسرا سیب (ii) دونوں ایک ہی قسم کے ہونے کا امکان معلوم کرو۔

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 246 21-02-2023 15:13:47

(4) اس کا کیا امکان ہے

(i) غیر لیپ سال (ii) لیپ سال میں 35 اتوار ہونی چاہئے۔

(5) آٹھ سکوں کو ایک وقت اچھالے جاتے ہیں تو حاصل ہونے کا امکان معلوم کرو۔

(i) ٹھیک دو پشت (ii) کم سے کم دو پشت (iii) زیادہ سے زیادہ دو پشت

(6) ایک سالم عدد کو پہلے 100 مثبت سالم اعداد سے سریعی طور پر منتخب کیا جاتا ہے۔ اس کا کیا امکان ہے کہ منتخب کردہ سالم عدد ایک عدد اولی یا 8 کا ضریب ہے؟

(7) ایک بیگ میں 7 سرخ اور 4 سیاہ گیندیں ہیں۔ 3 گیندیں سریعی طور پر منتخب کیاجاتاہے

(i)سب سرخ ہوں (ii) ایک سرخ اور دو سیاہ، حاصل ہونے کا امکان معلوم کرو۔

(8) 52 تاش کے پتوں میں ایک پتہ کو نکالاجاتاہے۔ اس کا کیا امکان ہے

(i) A یا راجہ کا پتہ (ii) پتہ 6 یا اس سے چھوٹا (iii) پتہ رانی ہے یا تو 9

(9) ایک کرکٹ کلب میں 16 کھلاڑی ہوتے ہیں جن میں سے صرف 5 گیند بازی کرسکتے ہیں۔ اس کا کیا امکان ہے کہ 11 کھلاڑیوں کی ٹیم میں کم از کم 3 گیند باز منتخب کئے جائے۔

(10) (i) موقع A کے واقع ہونے کی مشکلات 5 سے 7 ہو تو $P(A)$ معلوم کرو۔

(ii) فرض کرو $P(B) = \frac{2}{5}$ ۔ موقع B سےواقع ہونے والے مشکلات کا اظہار کریں۔

12.5 امکان پر چند بنیادی مسئلے (Some basic Theorems on Probability)

آخری حصوں میں حل ہونے والے مسائل باہمی خصوصی مواقع سے متعلق ہیں تو ہم $P(A \text{ or } B) = P(A \cup B) = P(A) + P(B)$ کا ضابطہ استعمال کیاہے۔مگر جب مواقع باہمی اندراج ہوتے ہیں تو جمعی کے محور $(A \cap B)$ شمار دگنا ہوتا ہے۔

ہمارے پاس مواقع کا ایک الگ ضابطہ ہے جب وہ باہمی اندراج ہوں۔

امکانی نظریہ کی ترقی میں، تمام نتائج براہ راست یا بالواسطہ طور پر صرف امکانات کے محور کا استعمال کرتے ہوئے حاصل کئے جاتے ہیں۔

مسئلہ 12.3

ناممکن موقع کا امکان صفر ہے۔ یعنی

$$\boxed{P(\varnothing) = 0}$$

ثبوت

ناممکن موقع کوئی نظیری نقطہ پر مشتمل نہیں ہے۔

لہذا، $S \cup \varnothing = S$

$P(S \cup \varnothing) = P(S)$

$P(S) + P(\varnothing) = P(S)$ (کیونکہ S اور $\varnothing$ باہمی اخراج ہیں)

$P(\varnothing) = 0$ □

مثال 12.12

عدد 7 حاصل ہونے کا امکان معلوم کریں جب ایک پانسہ کو پھینکا جائے۔

حل

عدد 7 حاصل کرنے کا موقع ایک ناممکن موقع ہے۔ لہذا، $n(7 \text{ حاصل کرنا}) = 0$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 247 21-02-2023 15:13:50

مسئلہ 12.4

اگر A کا متمم موقع $\overline{A}$ ہو تو

$$\boxed{P(\overline{A}) = 1 - P(A)}$$



ثبوت

فرض کریں کہ S نظیری عرصہ ہے، ہمارے پاس

$$A \cup \overline{A} = S$$

$$P(A \cup \overline{A}) = P(S)$$

$$P(A) + P(\overline{A}) = P(S) \quad \text{(کیونکہ } A \text{ اور } \overline{A} \text{ باہمی اخراج ہیں)}$$

$$P(A) = 1 - P(\overline{A}) \text{ یا } P(\overline{A}) = 1 - P(A)$$

مثال 12.13

9 سکّوں کو ایک بار اچھالا جاتا ہے، کم از کم دو سر حاصل کرنے کا امکان معلوم کریں۔

حل

فرض کریں S نظیری عرصہ ہے اور A کم از کم 2 سر حاصل ہونے کا موقع ہے۔

لہٰذا، موقع $\overline{A}$ سے مراد ہے، زیادہ سے زیادہ ایک سر حاصل کرنا۔

$$n(\overline{A}) = 9C_0 + 9C_1 = 1 + 9 = 10 \text{ ، } n(S) = 2^9 = 512$$

$$P(\overline{A}) = \frac{10}{512} = \frac{5}{256}$$

$$P(A) = 1 - P(\overline{A}) = 1 - \frac{5}{256} = \frac{251}{256}$$

$\sum_{r=0}^{1} 9C_r$ کا حساب لگانا آسان ہے
$\sum_{r=2}^{9} 9C_r$ کے مقابلے میں

مسئلہ 12.5

اگر A اور B کوئی دو مواقع ہیں اور B کا متمم موقع $\overline{B}$ ہے تو

$$\boxed{P(A \cap \overline{B}) = P(A) - P(A \cap B)}$$

ثبوت

واضح طور پر خاکہ سے



$$(A \cap \overline{B}) \cup (A \cap B) = A$$

$$P\left[(A \cap \overline{B}) \cup (A \cap B)\right] = P(A)$$

$$P(A \cap \overline{B}) + P(A \cap B) = P(A)$$

$(A \cap \overline{B})$ اور $(A \cap B)$ باہمی اخراج ہیں) (کیونکہ

$$P(A \cap \overline{B}) = P(A) - P(A \cap B)$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 248 21-02-2023 15:13:51

مسئلہ 12.6 (امکان میں جمع کا مسئلہ)

اگر A اور B کوئی دو مواقع ہیں، تو

$$\boxed{P(A\cup B)=P(A)+P(B)-P(A\cap B)}$$



ثبوت

خاکہ سے

$$A\cup B = (A\cap\overline{B})\cup B$$

$$P(A\cup B) = P\left[(A\cap\overline{B})\cup B\right]$$

$$= P(A\cap\overline{B})+P(B) \quad (\text{کیونکہ } (A\cap\overline{B}) \text{ اور } B \text{ باہمی اخراج ہیں})$$

$$= [P(A)-P(A\cap B)]+P(B)$$

$$P(A\cup B) = P(A)+P(B)-P(A\cap B) \quad \text{لہذا،}$$

■

نوٹ 12.4

مذکورہ نظریے کو کسی بھی 3 مواقع تک بڑھایاجاسکتا ہے۔

$$P(A\cup B\cup C) = \{P(A)+P(B)+P(C)\} \quad \text{(i)}$$

$$-\{P(A\cap B)+P(B\cap C)+P(C\cap A)\}+P(A\cap B\cap C)\}$$

$$P(A\cup B\cup C)=1-P(\overline{A\cup B\cup C})=1-P(\overline{A}\cap\overline{B}\cap\overline{C}) \quad \text{(ii)}$$

مثال 12.14

دیا گیا ہے $P(A)=0.52$، $P(B)=0.43$، اور $P(A\cap B)=0.24$ ، ہوتو معلوم کرو

(i) $P(A\cap\overline{B})$ (ii) $P(A\cup B)$ (iii) $P(\overline{A}\cap\overline{B})$ (iv) $P(\overline{A}\cup\overline{B})$

حل

$$P(A\cap\overline{B}) = P(A)-P(A\cap B) \quad \text{(i)}$$

$$= 0.52-0.24=0.28$$

$$P(A\cap\overline{B}) = 0.28.$$

$$P(A\cup B) = P(A)+P(B)-P(A\cap B) \quad \text{(ii)}$$

$$= 0.52+0.43-0.24$$

$$P(A\cup B) = 0.71.$$

$$P(\overline{A}\cap\overline{B}) = P(\overline{A\cup B}) \quad \text{(iii)} \quad (\text{ڈی مارگن اصول سے})$$

$$= 1-P(A\cup B)$$

$$= 1-0.71=0.29.$$

$$P(\overline{A}\cup\overline{B}) = P(\overline{A\cap B}) \quad \text{(iv)} \quad (\text{ڈی مارگن اصول سے})$$

$$= 1-P(A\cap B)=1-0.24$$

$$= 0.76.$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 249 21-02-2023 15:13:53

مثال 12.15

ایک لڑکی مسابقتی امتحان کی تیاری کررہی ہو اسے ریاستی حکومت کی ملازمت ملنے کا امکان 0.12 ہے، اسے مرکزی حکومت کی ملازمت ملنے کا امکان 0.25 ہے اور اسے دونوں ملنے کا امکان 0.07 ہے۔ اس کا امکان معلوم کرو (i) اسے کم از کم دو ملازمتوں میں سے ایک ملے گی (ii) اسے دو ملازمتوں میں سے صرف ایک ملے گی۔

حل

فرض کرو کہ I ریاستی حکومت کی ملازمت ملنے کا موقع ہوں اور C مرکزی حکومت کی ملازمت ملنے کا موقع ہوں

دیا گیا ہے $P(I) = 0.12$، $P(C) = 0.25$ اور $P(I \cap C) = 0.07$



$$P(\text{کم از کم دو ملازمتوں میں سے ایک}) = P(I \text{ or } C) = P(I \cup C) \qquad (i)$$
$$= P(I) + P(C) - P(I \cap C)$$
$$= 0.12 + 0.25 - 0.07 = 0.30$$

$$P(\text{دو ملازمتوں میں سے صرف ایک}) = P[I \text{ صرف یا } C \text{ صرف}] \qquad (ii)$$
$$= P(I \cap \overline{C}) + P(\overline{I} \cap C)$$
$$= \{P(I) - P(I \cap C)\} + \{P(C) - P(I \cap C)\}$$
$$= \{0.12 - 0.07\} + \{0.25 - 0.07\}$$
$$= 0.23.$$

12.2 مشق (EXERCISE)

(1) اگر A اور B باہمی اخراج مواقع ہوں، $P(A) = \frac{3}{8}$ اور $P(B) = \frac{1}{8}$ ، تو معلوم کرو

(i) $P(\overline{A})$ (ii) $P(A \cup B)$ (iii) $P(\overline{A} \cap B)$ (iv) $P(\overline{A} \cup \overline{B})$

(2) اگر A اور B کوئی ایک سریعی تجربہ سے منسلک دو مواقع ہیں جس کے لئے $P(A) = 0.35$، $P(A \text{ or } B) = 0.85$ اور $P(A \text{ and } B) = 0.15$۔ معلوم کرو

(i) $P(B$ صرف$)$ (ii) $P(\overline{B})$ (iii) $P(A$ صرف$)$

(3) ایک پانسہ دوبار پھینکا جاتاہے۔ فرض کرو کہ A پہلے پانسہ میں عدد 5 ظاہر ہونے کا موقع ہے اور B دوسرے پانسہ میں عدد 5 ظاہر ہونے کا موقع ہے۔ $P(A \cup B)$ معلوم کرو۔

(4) ایک موقع کے واقع ہونے کا امکان 0.5 اور B کے مواقع ہونے کا امکان 0.3 ہے۔ اگر A اور B باہمی اخراج مواقع ہو، تو

(i) $P(A \cup B)$ (ii) $P(A \cap \overline{B})$ (iii) $P(\overline{A} \cap B)$ کا امکان معلوم کرو۔

(5) ایک شہر میں دو فائر انجن آزادنہ طور پر کام کررہے ہیں۔ ضرورت پڑھنے پر فائر انجن دستیاب ہونے کا امکان 0.96 ہے۔

(i) اس کا کیا امکان ہے کہ ضرورت پڑھنے پر فائر انجن دستیاب ہو؟

(ii) اس کا کیا امکان ہے کہ ضرورت کے وقت دونوں فائر انجن دستیاب نہ ہوں؟

(6) ایک نئے ریلوے پُل کو اس کے ڈیزائن کے لئے انعام ملنے کا امکان 0.48 ہے، اسے مواد کے موثر استعمال پر انعام ملنے کا امکان 0.36 ہے اور یہ دونوں کے لئے انعام ملنے کا امکان 0.2 ہے۔ اس کا کیا امکان ہے کہ (i) اسے دو میں سے کم از کم ایک ملے گا (ii) اسے صرف ایک انعام ملے گا۔

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 250 21-02-2023 15:13:54

12.6 شرطی امکان (Conditional Probability)

تشریح 12.8

شرطی امکان کے تصور کے سمجھنے کے لئے درج ذیل مثال پر غور کریں۔

فرض کرو کہ پانسہ کو ایک مرتبہ پھینکا جاتا ہے تو نظیری عرصہ $S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$ ۔ اب ہم دو سوال پوچھ سکتے ہیں۔

س1: 2 سے بڑا طاق عدد حاصل کرنے کا کیا امکان ہے؟

س2: اگر پانسہ ایک طاق عدد کو ظاہر کرتا ہے ، تو اس کا کیا امکان ہے کہ یہ 2 سے بڑھ کر ہے؟

صورت 1

1	2
3	4
5	6

2 سے بڑھ کر ایک طاق عدد حاصل کرنے کا موقع $\{3, 5\}$ ہے۔

فرض کرو کہ 2 سے بڑھ کر ایک طاق عدد حاصل کرنے کا امکان P_1 ہے۔

$$P_1 = \frac{n(\{3,5\})}{n(\{1,\ 2,\ 3,\ 4,\ 5,\ 6\})} = \frac{2}{6} = \frac{1}{3}$$

صورت 2

1	2
3	4
5	6

'اگر پانسہ ایک طاق عدد ظاہر کرتا ہے' اس کا مطلب ہے کہ ہم اپنے نظیری عرصہ S کو صرف طاق عدد پر مشتمل تحتی سٹ تک محدود کرتے ہیں۔

یعنی $S_1 = \{1, 3, 5\}$ ۔ پھر ہماری دلچسپی یہ ہے کہ 2 سے زیادہ طاق عدد ملنے کے موقع کا امکان معلوم کریں۔ فرض کرو کہ یہ P_2 ہے۔

$$P_2 = \frac{n(\{3,5\})}{n(\{\ 1,\ 3,\ 5\})} = \frac{2}{3}$$

مندرجہ بالا دو صورتوں میں سازگار مواقع ایک جیسے ہیں، مگر مکمل نتائج کی تعداد مختلف ہے۔ صورت 2 میں، ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ ہم نے پہلے نظیری عرصہ پر ایک شرط عائد کی ہے اور پھر امکان معلوم کرنے کو کہا۔ اس قسم کے امکان کو شرطی امکان کہاجاتا ہے۔

یہ بطور نظیری عرصہ استعمال کرکے لکھاجاسکتا ہے۔

$$P_2 = \frac{\frac{n(\{3,5\})}{n(\{1,2,3,4,5,6\})}}{\frac{n(\{1,3,5\})}{n(\{1,2,3,4,5,6\})}} = \frac{\frac{2}{6}}{\frac{3}{6}} = \frac{2}{3}$$

اہم نوٹ: امکان اور شرطی امکان کے لئے نظیری عرصہ ایک جیسا ہے۔

تعریف 12.14

شرطی امکان A پر موقع B کا انحصار $P(B/A)$ کے ذریعے اس صورت میں ظاہر کیاجاتا ہے جہاں واقع A پہلے سے ہی معلوم ہوچکا ہو اور اس کی تعریف اس طرح سے دی گئی ہے۔

$$P(B/A) = \frac{P(A \cap B)}{P(A)}، \text{ فراہم کردہ } P(A) \neq 0$$

اسی طرح،

$$P(A/B) = \frac{P(A \cap B)}{P(B)}، P(B) \neq 0$$

مثال 12.16

اگر $P(A) = 0.6$ ، $P(B) = 0.5$ اور $P(A \cap B) = 0.2$

معلوم کرو (i) $P(A/B)$ (ii) $P(\overline{A}/B)$ (iii) $P(A/\overline{B})$.

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 251 21-02-2023 15:13:56

حل

دیا گیا ہے $P(A) = 0.6$ ، $P(B) = 0.5$ اور $P(A \cap B) = 0.2$

$$P(A/B) = \frac{P(A \cap B)}{P(B)} = \frac{0.2}{0.5} = \frac{2}{5} \qquad \text{(i)}$$

$$P(\overline{A}/B) = \frac{P(\overline{A} \cap B)}{P(B)} \qquad \text{(ii)}$$

$$= \frac{P(B) - P(A \cap B)}{P(B)}$$

$$= \frac{0.5 - 0.2}{0.5} = \frac{0.3}{0.5} = \frac{3}{5}.$$

$$P(A/\overline{B}) = \frac{P(A \cap \overline{B})}{P(\overline{B})} \qquad \text{(iii)}$$

$$= \frac{P(A) - P(A \cap B)}{1 - P(B)}$$

$$= \frac{0.6 - 0.2}{1 - 0.5} = \frac{0.4}{0.5} = \frac{4}{5}$$

نوٹ 12.5

$$P(A/B) + P(\overline{A}/B) = 1$$

مثال 12.17

ایک پانسہ کو پھینکا جاتا ہے۔ اگر اس میں طاق عدد ظاہر ہوں تو عدد 5 حاصل ہونے کا امکان معلوم کرو۔

حل

نظیری عرصہ $S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$

فرض کرو کہ A پانسہ میں ایک طاق عدد ظاہر ہونے کا موقع ہے۔

فرض کرو کہ B عدد 5 حاصل ہونے کا موقع ہے۔

تو $A = \{1, 3, 5\}$، $B = \{5\}$ اور $A \cap B = \{5\}$

لہذا، $P(A) = \frac{3}{6}$ اور $P(A \cap B) = \frac{1}{6}$

$P(B/A) =$ (پانسہ میں ایک طاق عدد ظاہر ہو/عدد 5 حاصل ہونا)

$$= \frac{P(A \cap B)}{P(A)} = \frac{\frac{1}{6}}{\frac{3}{6}}$$

$$P(B/A) = \frac{1}{3}.$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 252 21-02-2023 15:13:58

شرطی امکان کی تعریف کو دوبارہ لکھتے ہوئے، ہمیں امکان پر ضرب کا نظریہ ملتا ہے۔

مسئلہ 12.7

(امکان پر ضرب کا نظریہ)

دو مواقع A اور B کے بیک وقت ہونے کا امکان بذریعہ دیا گیا ہے

$$P(A \cap B) = P(A/B)P(B)$$

یا

$$P(A \cap B) = P(B/A)P(A)$$

12.6.1 آزاد مواقع (Independent Events)

مواقع کو آزاد کہا جاتا ہے۔ اگر کسی ایک موقع کا واقع یا غیر واقع ہونا دوسرے مواقع کے واقع یا غیر واقع کے امکان کو متاثر نہیں کرتا۔

تعریف 12.15

دو مواقع A اور B کو آزاد کہا جاتا ہے صرف اور صرف اگر

$$P(A \cap B) = P(A) \cdot P(B)$$

نوٹ 12.6

(1) یہ تعریف ٹھیک اس کے برابر ہے۔

$P(A/B) = P(A)$ اگر $P(B) > 0$

$P(B/A) = P(B)$ اگر $P(A) > 0$

(2) مواقع $A_1, A_2, A_3, \ldots, A_n$ باہمی طور پر آزاد ہیں اگر

$$P(A_1 \cap A_2 \cap A_3 \cap \cdots \cap A_n) = P(A_1) \cdot P(A_2) \cdot \cdots \cdot P(A_n)$$

مسئلہ 12.8

اگر A اور B آزاد ہو تو

(i) $\overline{A}$ اور B آزاد ہیں

(ii) A اور $\overline{B}$ آزاد ہیں

(iii) $\overline{A}$ اور $\overline{B}$ بھی آزاد ہیں

ثبوت

(i) ثابت کریں کہ $\overline{A}$ اور B آزاد ہیں

چونکہ A اور B کو آزاد ہیں

$$P(A \cap B) = P(A) \cdot (PB)$$

ثابت کریں کہ $\overline{A}$ اور $\overline{B}$ آزاد ہیں ۔ہمیں ثابت کرنا ہے

$$P(\overline{A} \cap \overline{B}) = P(\overline{A}) \cdot P(\overline{B})$$

ڈی مارگن کے اصول سے

$$P(\overline{A} \cap \overline{B}) = P\left(\overline{A \cup B}\right)$$

$$= 1 - P(A \cup B)$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 253 21-02-2023 15:13:58

$$= 1-\{P(A)+P(B)-P(A\cap B)\}$$

$$= 1-P(A)-P(B)+P(A)\cdot P(B)$$

$$= (1-P(A))(1-P(B))$$

$$= P(\overline{A})\cdot P(\overline{B})$$

اس طرح $\overline{A}$ اور $\overline{B}$ آزاد ہیں

اسی طرح (ii) اور (iii) کو بھی ثابت کرسکتے ہیں۔ ■

مثال 12.18

52 تاش کے پتوں میں سے 2 پتے کو تسلسل طور پر نکالے جاتے ہیں۔ اس بات کا امکان معلوم کرو کریں کہ دونوں جیک پتے ہوں جبکہ پہلا نکلا ہوا پتہ (i) واپس گڈی پر رکھاجاتاہے (ii) واپس گڈی پر نہیں رکھا جاتا۔

حل

فرض کریں A پہلا نکالا ہوا پتہ میں جیک ہونے کاموقع ہے

B دوسرا نکالا ہوا پتہ میں جیک ہونے کاموقع ہے

صورت 1

نکالاہوا پتہ واپس گڈی پر رکھاجاتاہے

$$n(A) = 4 \quad (\text{جیک})$$

$$n(B) = 4 \quad (\text{جیک})$$

$$n(S) = 52 \quad \text{اور} \quad (\text{کل})$$

واضح طور پر موقع A اور موقع B کے واقع ہونے کے امکانات کو متاثر نہیں کرے گا اور اس لئے اور آزاد ہیں

$$P(A\cap B) = P(A)\,.\,P(B)$$

$$P(A) = \frac{4}{52}\ ,\ P(B)=\frac{4}{52}$$

$$P(A\cap B) = P(A)\ \ P(B)$$

$$= \frac{4}{52}\ .\ \frac{4}{52}$$

$$= \frac{1}{169}\ .$$

صورت 2

نکالاہوا پتہ واپس گڈی پر نہیں رکھاجاتاہے

جب پتہ پہلی بار نکالنے پر، کل 52 تاش کے پتے اور 4 جیک ہیں۔ کیونکہ پہلی مرتبہ نکالا ہوا جیک دوبارہ واپس نہیں رکھا گیا ہے، پتہ دوسری بار نکالنے پر کل 51 تاش کے پتے اور 3 جیک ہیں۔ لہذا، موقع A موقع B کے واقع ہونے کے امکانات کو متاثر کرتا ہے۔

اس لئے A اور B آزاد نہیں ہیں، یعنی A اور B منحصر مواقع ہیں۔

$$P(A\cap B) = P(A)\,.\,P(B/A) \quad \text{لہذا،}$$

$$P(A) = \frac{4}{52}$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 254 21-02-2023 15:13:59

$$P(B/A) = \frac{3}{51}$$

$$P(A \cap B) = P(A) \cdot P(B/A)$$

$$= \frac{4}{52} \cdot \frac{3}{51}$$

$$= \frac{1}{221}$$

مثال 12.19

ایک سکہ کو دومرتبہ اچھالا جاتا ہے۔ مواقع E اور F کی وضاحت مندرجہ ذیل ہیں۔

E= پہلی اچھال پر سر، F= دوسری اچھال پر سر معلوم کرو

(i) $P(E \cup F)$ (ii) $P(E / F)$

(iii) $P(\overline{E} / F)$ (iv) کیا مواقع E اور F آزاد ہیں؟

حل

نظیری عرصہ ہے $S = \{H, T\} \times \{H, T\}$

$$S = \{(H, H), (H, T), (T, H), (T, T)\}$$

$$E = \{(H, H), (H, T)\} \text{ اور}$$

$$F = \{(H, H), (T, H)\}$$

$$E \cup F = \{(H, H), (H, T), (T, H)\}$$

$$E \cap F = \{(H, H)\}$$

(i) $P(E \cup F) = P(E) + P(F) - P(E \cap F)$ یا $\left(= \frac{n(E \cup F)}{n(S)}\right)$

$$= \frac{2}{4} + \frac{2}{4} - \frac{1}{4} = \frac{3}{4} .$$

(ii) $$P(E / F) = \frac{P(E \cap F)}{P(F)} = \frac{(1/4)}{(2/4)} = \frac{1}{2}$$

(iii) $$P(\overline{E} / F) = \frac{P(\overline{E} \cap F)}{P(F)}$$

$$= \frac{P(F) - P(E \cap F)}{P(F)}$$

$$= \frac{(2/4) - (1/4)}{(2/4)}$$

$$= \frac{1}{2}$$

(iv) کیا مواقع E اور F آزاد ہیں؟

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 255 21-02-2023 15:14:00

$P(E \cap F) = \frac{1}{4}$ ہمارے پاس ہے

$$P(E) = \frac{2}{4}, \quad P(F) = \frac{2}{4}$$

$$P(E)\,P(F) = \frac{2}{4}.\frac{2}{4} = \frac{1}{4}$$

$$\Rightarrow \quad P(E \cap F) = P(E)\,.\,P(F)$$

لہذا، E اور F آزاد مواقع ہیں

نوٹ 12.7

آزاد مواقع امکان کی خصوصیات ہے۔ لیکن باہمی اخراجیت ایک سٹ نظریاتی خصوصیات ہے۔ لہذا، آزاد مواقع کو ان کے امکانات سے پہچاناجاسکتا ہے اور باہمی اخراج مواقع کو ان کے مواقع سے پہچاناجاسکتاہے۔

مسئلہ 12.9

فرض کرو A اور B دو مواقع ہوں۔ اس طرح کہ $P(A) \neq 0, P(B) \neq 0$ ۔

(1) اگر A اور B باہمی اخراج ہو تووہ آزاد نہیں ہوسکتے

(2) اگر A اور B آزاد ہوں تو وہ باہمی اخراج نہیں ہوسکتے (بغیر ثبوت)

مثال 12.20

اگر A اور B دو آزاد مواقع ہوں۔ اس طرح کہ

$P(A) = 0.4$ اور $P(A \cup B) = 0.9$، $P(B)$ معلوم کرو۔

حل

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B) - P(A \cap B)$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B) - P(A).P(B) \quad (\text{کیونکہ } A \text{ اور } B \text{ آزاد ہیں})$$

$$\text{یعنی} \quad 0.9 = 0.4 + P(B) - (0.4)\,P(B)$$

$$0.9 - 0.4 = (1 - 0.4)\,P(B)$$

$$\text{لہذا،} \quad P(B) = \frac{5}{6}$$

مثال 12.21



طیارہ شکن بندوق (anti-aircraft gun) دشمن کے ہوائی جہاز پر زیادہ سے زیادہ چار گولیاں چلا سکتا ہے جو اس سے دور جارہاہے۔ پہلے، دوسرے، تیسرے اور چوتھے گولی چلانے کے لئے ہوائی جہاز کو مارنے کا امکان بالترتیب0.2، 0.4، 0.2 اور 0.1 ہیں۔ اس کا امکان معلوم کریں جو بندوق ہوائی جہاز کو مارا جائے۔

حل

فرض کریں کہ H_1، H_2، H_3 اور H_4 بالترتیب پہلے، دوسرے، تیسرے اور چوتھے گولی چلانے میں طیارہ شکن بندوق سے ہوائی جہاز کو مارنے کے مواقع ہیں۔

فرض کرو کہ H ہوائی جہاز کو طیارہ شکن بندوق سے مارنے کا موقع ہے۔ لہذا، $\bar{H}$ وہ موقع ہے جس میں ہوائی جہاز کو نہیں ماراگیا۔ دیاگیا ہے

$$P(H_1) = 0.2 \quad \Rightarrow P(\bar{H}_1) = 1 - P(H_1) = 0.8$$

$$P(H_2) = 0.4 \quad \Rightarrow P(\overline{H}_2) = 1 - P(H_2) = 0.6$$

$$P(H_3) = 0.2 \quad \Rightarrow P(\overline{H}_3) = 1 - P(H_3) = 0.8$$

$$P(H_4) = 0.1 \quad \Rightarrow P(\overline{H}_4) = 1 - P(H_4) = 0.9$$

ہوائی جہاز کو بندوق سے مارنے کا امکان ہے

$$P(H) = 1 - P(\overline{H}) = 1 - P(\overline{H_1 \cup H_2 \cup H_3 \cup H_4})$$

$$= 1 - P\left(\overline{H}_1 \cap \overline{H}_2 \cap \overline{H}_3 \cap \overline{H}_4\right)$$

$$= 1 - P(\overline{H}_1)P(\overline{H}_2)P(\overline{H}_3)P(\overline{H}_4)$$

$$= 1 - (0.8)(0.6)(0.8)(0.9) = 1 - 0.3456$$

$$P(H) = 0.6544$$

مثال 12.22

70 فیصد صورتوں میں X سچ بولتا ہے اور 90 فیصد صورتوں میں Y سچ بولتا ہے۔ اس بات کا کیا امکان ہے کہ وہ ایک ہی حقیقت بیان کرتے ہوئے ایک دوسرے سے تضاد (contradict) ہوں؟

حل

فرض کرو X سچ بولنے کا موقع A ہے، Y سچ بولنے کا موقع B ہے

لہذا، X سچ نہیں بولنے کا موقع $\overline{A}$ ہے اور Y سچ نہیں بولنے کا موقع $\overline{B}$ ہے

فرض کرو کہ دونوں ایک دوسرے سے تضاد ہونے کے موقع C ہے۔

دیا گیا ہے

$$P(A) = 0.70 \quad \Rightarrow P(\overline{A}) = 1 - P(A) = 0.30$$

$$P(B) = 0.90 \quad \Rightarrow P(\overline{B}) = 1 - P(B) = 0.10$$

$C =$ (A سچ بولتا ہے اور B سچ نہیں بولتا یا B سچ بولتا ہے اور A سچ نہیں بولتا)

$C = [(A \cap \overline{B}) \cup (\overline{A} \cap B)]$ (خاکہ دیکھیں)



چونکہ $(A \cap \overline{B})$ اور $(\overline{A} \cap B)$ باہمی اخراج ہیں،

$$P(C) = P(A \cap \overline{B}) + P(\overline{A} \cap B)$$

$$= P(A)\,P(\overline{B}) + P(\overline{A})\,P(B)$$

(کیونکہ A اور B آزاد موقع ہیں، A اور $\overline{B}$ بھی آزاد موقع ہیں)

$$= (0.70)\ (0.10) + (0.30)\ (0.90)$$

$$= 0.070 + 0.270 = 0.34$$

$$P(C) = 0.34$$

12_11th-Maths-Vol2-Unit12_UM.indd 257 21-02-2023 15:14:02

مثال 12.23

ایک شہر کی ایک مرکزی سڑک پر 4 چوراہے ہیں جن میں ٹریفک لائٹس میں ہر ٹرافک لائٹ بالترتیب 0.4 اور 0.6 کے امکان کے ساتھ ٹرافک کھولتی اور بند کرتی ہیں۔ درج ذیل امکان کی تعین کیجئے

(i) ایک کاربغیر رُکے پہلا چوراہے سے گزرتی ہے

(ii) ایک کار بغیر رُکے پہلے دوچوراہے سے گزرتی ہے

(iii) ایک کار تمام چوراہے سے گزرتی ہے، تیسرے چوراہے پر رکھتی ہے

(iv) ایک کار تمام چوراہے سے گزرتی ہے، ٹھیک ایک چوراہے پر رکھتی ہے

حل

فرض کرو کہ A_i ایک موقع ہے جو ٹرافک لائٹ i th چوراہے پر کھلتی ہے، $i= 1, 2, 3, 4.$ کے لئے

فرض کرو کہ B_i ایک موقع ہے جو ٹرافک لائٹ i th چوراہے پر کھلتی ہے، $i= 1, 2, 3, 4.$ کے لئے

تمام ٹرافک لائٹس آزاد ہیں

لہذا A_i اور B_i تمام آزاد مواقع ہیں، $i= 1, 2, 3, 4.$ کے لئے

دیا گیا ہے

$$P(A_i) = 0.4,\ i = 1, 2, 3, 4$$

$$P(B_i) = 0.6,\ i = 1, 2, 3, 4$$

(i) ایک کار بغیر رُکے پہلا چوراہے سے گزرنے کا امکان

$$P(A_1) = 0.4$$

(ii) ایک کار بغیر رُکے پہلے دوچوراہے سے گزرنے کا امکان

$$P(A_1 \cap A_2) = P(A_1A_2) = (0.4)(0.4) = 0.16$$

(iii) ایک کار تمام چوراہے سے گزرتی ہے، تیسرے چوراہے پر رکھنے کا امکان

$$P(A_1 \cap A_2 \cap B_3 \cap A_4) = P(A_1A_2B_3A_4) = (0.4)(0.4)(0.6)(0.4) = 0.0384$$

(iv) ایک کار تمام چوراہے سے گزرتی ہے، ٹھیک ایک چوراہے پر رکھنے کا امکان

$$P(B_1A_2A_3A_4 \cup A_1B_2A_3A_4 \cup A_1A_2B_3A_4 \cup A_1A_2A_3B_4)$$

$$= P(B_1A_2A_3A_4) + P(A_1B_2A_3A_4) + P(A_1A_2B_3A_4) + P(A_1A_2A_3B_4)$$

$$= 4(0.4)(0.4)(0.6)(0.4) = 4(0.0384) = 0.1536$$

12.3 مشق (EXERCISE)

(1) کیا ایک ساتھ دو مواقع باہمی اخراج اور آزاد ہوسکتے ہیں؟

(2) اگر A اور B دو مواقع ہیں۔ اس طرح کہ $P(A \cup B) = 0.7$، $P(A \cap B) = 0.2$ اور $P(B) = 0.5$، تو ثابت کرو کہ A اور B آزاد ہیں۔

(3) اگر A اور B دو آزاد مواقع ہیں اس طرح کہ $P(A \cup B) = 0.6$، $P(A) = 0.2$، تو $P(B)$ معلوم کرو۔

(4) اگر $P(A) = 0.5$، $P(B) = 0.8$ اور $P(B/A) = 0.8$، تو $P(A / B)$ اور $P(A \cup B)$ معلوم کرو۔

(5) اگردو مواقع A اور B کے لئے $P(A) = \frac{3}{4}$، $P(B) = \frac{2}{5}$، اور $A \cup B = S$ (نظیری عرصہ)، شرطی امکان معلوم کریں۔

(6) ریاضی میں ایک مسئلہ تین طالب علم کو دیا جاتا ہے جن کے حل کرنے کا امکان $\frac{1}{3}$، $\frac{1}{4}$ اور $\frac{1}{5}$ ہیں۔ (i) اس مسئلے کے حل کرنے کا کیا امکان ہے (ii) اس بات کا کیا امکان ہے کہ ان میں سے کوئی ایک اسے حل کرلے گا۔

